Carried *nem con.*

9. Ziauddin Ahmed said that for the successful working of the Association it is essential to have an organisation for work at the central place and for work in different Provinces through our agents and for sending out deputations to various places in the country.

He proposed that for the central organisation it will be proper to have two men responsible for the work in the Punjab,

two for the N.-W. P., two for Bengal and one for the rest of the Provinces.

After long discussion on the principle of the scheme the meeting was adjourned to Tuesday, the 23rd instant.

Siddon's Union Club.

No debate was held, I am sorry to say, since the anniversary of the Club. This was partly due to the fact that having appeared in the examinations many members have gone to their houses, and partly owing to the month of Ramazan when it was very difficult to attend the Debates as well as Taravis; we hope, however to hold good many Debates in the coming session.

The Club has assumed in the last week a distinctly social aspect by bringing into use a defunct rule. It might almost mark an epoch in the history of our Club as it tends to bring our students in a position to realise some of the benefits of a Boarding House on the Presidential system. The credit of inviting the attention of the members to this rule by which they could pass an hour or two in their Club at evening is due to Mr. Ali Hassan. He suggested that the Club be opened every evening from sunset te 8 P. M. and members be requested to recreate themselves in the Club after their dinner. Here they might have a friendly gossip or a game of cards with their friends. Messrs. Abdul Hamid, Sajjad Hyder, and Ashraf Ali respectively entertained the members with cups of tea and we hope that other members will volunteer themselves in a similar manner to offer more substantial refreshments to their fellow-members.

It is gratifying to note that preparations are being made for an "Idul Fitr Dinner."

The Cambridge Speaking Prize.

The Cambridge Speaking Prize for 1899 is awarded by the Principal to Mr. Ashraf Ali B. A.

ABDUL KADIR KHAN,
HON. SECRETARY,
Siddon's Union Club.

The Tournament.

The School Tournament began in Bareilly from the 22nd of January and ended on the 27th. Our School did pretty well in the sports, and won the champion prize, and the following is the list of our position in the Tournament.

Allah Dad Khan I. in mile race and III in gymnastics, Sadique Ali I in ¼ mile and 100 yards Bashir Ali II in ¼ mile. Mahfooz Ali III in hurdle race, Abid Jafari III in throwing the cricket ball, and our school stood II in foot ball and drill, and I in cricket.

Allah Dad Khan walked away very easily in the mile, he could not do much in gymnastics, as he did it just after a foot-ball match in which he was greatly tired. Sadique Ali too won his ¼ mile and 100 yards very easily.

Bareilly has improved a great deal in cricket, it played against our school, and went in first, and scored 44 runs. Next our school went in and scored 43 for 9 wickets. The match was very interesting, but it is a great credit to our players that they did not loose courage even to the last pair, while Abid, and Ayub pulled up the score from 43 to 60 and thus defeated them by 16 runs.

Our school played football against 4 schools, and it won each of the first three schools by 4 goals to none, and almost all of these goals were scored by Qadir. But we are sorry to say that we lost by one goal by Bareilly. The ball came once to our

goals and after a hard scrummage near the posts, it went through it. It was against all hope and probability that the result is so. It was 100 to 1 that we were to win but it is difficult to avoid bad luck. Our forwards tried some 100 shots but to no effect, our team got 2 penalty kicks but in vain The inspector while distributing the prizes said. "The M. A. O. football team is far more stronger than Bareilly, but I am sorry that I am giving the first prize to Bareilly." It was a general cry. "The best team is defeated." Our players must never be discouraged, because there have been hundreds of cases when the best teams are defeated by the worst. Qadir played a bold and honest game throughout, and Samad was the next forward who did anything at all, and all the backs did pretty well.

We pay our special thanks to Mr. Moss our able Head Master for supporting the causes of our school and aiding materially to our success in the end. It has been proved this year that the head master must necessarily go with the school.

Regular practice is going for the College University Tournament, but I have very little hope to cut a good figure in the sports.

Sufficient subscriptions have been raised to cover the expenses of the College and School Annual Sports and the prizes will be given soon after.

Our football shield matches are over, and the entrance class under the Captaincy of Allah Dad Khan has won the shield this year. But the lower class were so successful in these matches that they pulled themselves up to the final with the entrance, but lost it after the hard struggle of to day. This match was very interesting, it resembled the fight of cranes and pigmies. But in spite of this disproportion, Abdullah, Abdur-Rahman and Fuzul-ur-rahman played splendidly well. We will start for our football tour on the 30th of January and will play matches in Lahore and Amirtsar.

ABDUL MAJID KHAN,
Football Capt.

The Theodore-Beck Memorial Fund.

Amount previously acknowledged	1,352	0	3
C. Dodd Esq., (Allahabad)	100	0	0
Gholam Mohammad	25	0	0
Kasim Hasan (1st payment)...	20	0	0
7th and 8th Classes M. A. O. School (3rd papment)	6	0	0
Sir Arthur Strachey	500	0	0
J. G. Tait Esq. (Bangalore)...	150	0	0
Nawab Mohsinul-mulk (2nd payment) ...	50	0	0
Palace School	5	0	0
M. Hassan Ali (Bangalore)	25	0	0
Mir Wilayat Hosain (2nd payment)... ...	25	0	0
M. Khalil Ahmed (1st payment)	15	0	0
Syed Ahmed Hassan Munsarim (Aligarh) ...	5	0	0
Faiz Mohammad Khan (Medical Hall Delhi)	10	0	0
Abdul Gaffar Khan (Sub-overseer, Barabanki)	5	0	0
Khalil-ur Rahman	5	0	0
M. Md. Isa, (Munsarim Aligarh)	10	0	0
Sheik Md. Hassan (Gorakhpur)	50	0	0
Hidayat Ullah and Nurul Haq	35	0	0
Henry Head Esq. (London)	150	0	0
Mozamil-ullah Khan, Aligarh (1st payment)	500	0	0
TOTAL, Feb. 1st ...	3,219	0	0

The Proposed New Boarding House.

CIRCULAR FROM THE PRINCIPAL.

M. A.-O. COLLEGE.

Aligarh.

The 7th January, 1900.

DEAR SIR,

I perceive that there is a growing demand for education of a stamp superior to that which can be obtained in ordinary Government High Schools or even in the Boarding-

House of the M. A.-O. College. I am therefore disposed to try the experiment of starting in Aligarh a house under a resident English House Master who shall live among the students.

The House Master's duty will be to be present when the students are taking their meals, supervise and assist the students at the preparation of their lessons at night and see to the cleanliness and comfort of their rooms and clothing and in short to discharge all the duties that are expected of a resident House Master in an English public school. The House Master will live with and among the students under the same roof with them ; their religious education will be in the charge of the resident Maulvi of the College and the English House Master will be responsible for the regular and punctual discharge by the students of their religious observances.

Such an education will necessarily be more costly than that at present given in the M. A.-O. College School. for in addition to the remuneration that must be offered to the House Master I desire to make the accommodation, furniture, and food better than can be given for the ordinary rates. Everything including one set of text books for each class, pens, paper etc. would be provided for the students except clothes. I estimate that one House Master could efficiently supervise not more than 30 boys and I am estimating for an average of 20. The fees for each boy would be Rs.40 per mensem for all charges.

If I receive sufficient support for the scheme I should be prepared to take a large house and put an English House Master in charge very shortly. Will you kindly inform me whether you or any of your friends would be prepared to send your sons or wards to such an institution upon the terms stated above. I should not feel inclined to take up the matter unless I was assured of beginning with twenty pupils.

Believe me,
Yours truly,
THEODORE MORISON,
Principal.

Personal News.

(1.) M. Altaf Ahmad of Bareilly late student of ou College has been appointed as a District Inspector of Excise and Stamp Licences.

Two Candidates (Ghulam Mohiy-ud-din B. A. & Mahmood Hassan B. A.) out of six have been successful from our College in the L. L. B. Examination held in November last. The Result being looked at from the percentage point of view is pretty fair as the number of passes is only 16 out of 62.

Only two Mohammadans and those from our College have been successful. We wish every success to our new practitioners.

PLANTS.

The public are hereby informed that we have in stock in large quantities a great variety of ROSES, SHRUBS, CREEPERS, CANES, and other PLANTS also the best kinds of MANGO TREES, &c., for sale at the Institute and M. A.-O. College Gardens, Aligarh.

All these plants are offered at the lowest prices.

Moreover we undertake to supply fresh SEEDS of the various plants, and have also POTTED PLANTS ready for sale at very moderate prices.

Apply to the Manager,

M. A.-O. College Gardens,

Aligarh.

APPROVED BY THE CENTRAL TEXT BOOK COMMITTEE.

USEFUL. **JUST OUT.** *CHEAP.*

NO STUDENT SHOULD BE WITHOUT IT.

STUDENT'S

HAND BOOK OF REFERENCE

A COMPENDIUM OF PRACTICAL HINTS

UPON EVERY-DAY DOUBTS AND DIFFICULTIES

SUBJECTS:

Letter-Writing, Conversation, Etiquette, Conduct and Manners, Exercise and Health, Punctuation, Pronunciation, Spelling, Correct Speaking Origin and Meaning of Names, Signs and Abbreviations, Peculiar Expressions and their Meanings, Notable things, Couplets worth Remembering, Mottoes and Maxims, Mythological and Classical Characters &c, &c, *Crown 8 vo, 160 pp.*

COMPILED BY M. N. SIRCAR, M. A. L. L. B.

To be had of: THE MANAGR, ELM PRESS, 29 BEADON STREET.

CALCUTTA—AND ALL THE PRINCIPAL BOOKSELLERS

Price-paper cover As. 10: cloth imp As. 12.

Janm Patras.

Janm Patras can be prepared in Sanskrit, Nágrí, Urdu English or Roman characters by sending *Tewah* or just time of birth and era according to Jantry or Patras. Price including postages &c. Rs. 10 to Rs.50 to be sent with request and full address of the sender to the undersigned.

Pearl of Life.

An Astrological English and Roman Manual showing the full result of Planets, Zodiac (Janm Patras) *i. e.* Jathalankán in English. Price Rs. 2.

PAYARE LAL,
C/o HD: MASTER,
BARAUT,
DISTRICT, MEERUT.

رسالہ کی سالانہ قیمت للّٰہ ہے اور اڈیٹر صاحب سے "سول ملٹری کلب ملک پیٹ حیدر آباد۔ دکن" کے پتہ پر درخواست کرنے سے مل سکتا ہے۔

انتخاب لاجواب۔ یہ ہفتہ وار رسالہ منشی محبوب عالم اڈیٹر پیسہ اخبار کی طبیعت کا نتیجہ ہے جو ہر دم کوئی نئی اور مفید چیز پبلک کے سامنے پیش کرنیکی کوشش کرتی ہے۔ اِس رسالہ کا مقصد یہ نہیں کہ دقیق مضامین اور فلسفیانہ مباحث سے رسالہ کے صفحات اور ناظرین کے دماغ بھرے جائیں۔ بلکہ "انتخاب لاجواب" اِس سے بہت کم درجہ پر قانع ہے۔ تاہم یہ نہ خیال کرنا چاہیئے کہ اُسکے مضامین بے سود ہوتے ہیں۔ ہمنے انتخاب لاجواب کے کئی پرچے دیکھے۔ اون کے دلچسپ اور مفید ہونے میں کوئی کلام نہیں ہو سکتا۔ مگر چھپائی اور کاغذ اور کتابت کے معمولی ہونے میں بھی کوئی کلام نہیں۔ "انتخاب لاجواب" اپنی موجودہ حالت سے بیحد زیادہ ترقی کر سکتا ہے اگر منشی محبوب عالم اُسپر زیادہ توجہ کریں لیکن پیسہ اخبار پریس اور اوسکے مالک کے تعدد فرائض اور کاموں پر نظر کرکے اُمید رکھنی فضول معلوم ہوتی ہے۔ بہرحال یہ "انتخاب لاجواب" جو "دنیا کے تمام دلچسپ اور مفید کتابوں اخباروں اور رسالوں اور تحریروں سے کیا جاتا ہے" منیجر پیسہ اخبار لاہور سے درخواست کرنے پر مل سکتا ہے۔ قیمت سے رسالانہ۔

فیض عالم پریس علیگڈھ

(اقتباس از پروسپکٹس میگزین) یہ وعدے بہت دل خوش کن ہیں بشرطیکہ پورے کئے جائیں۔
یہ بھی وعدہ کیا گیا ہے کہ ایک اشرفی کا انعام سب سے بہتر مضمون کیلئے نذر کیا جائیگا اور ہمارے خیال میں صرف یہی ایک بات ہے جو اس رسالہ میں اور اس قسم کے دیگر اُردو رسائل میں مایہ الامتیاز ہے۔ حیدرآباد کے مشہور رسالہ حسن کے بعد (جو ملک کی بدقسمتی سے جاری نہ رہ سکا) بالالتزام انعامی مضامین لکھوانیوالا پرچہ ملک میں کوئی نہیں رہا تھا۔ اور یہ عزت پھر حیدرآباد ہی کو حاصل ہوئی۔ ہمیں صرف یہ دیکھنا ہے کہ انعام درحقیقت بہترین مضامین کو دیا جاتا ہے یا نہیں۔ پہلے پرچہ میں جس مضمون پر انعام دیا گیا ہے اوسکے متعلق ہمارے خیال میں ضرور اختلاف آرا ہوگا یعنی اکثر لوگ افسر کے لایق اڈیٹر سے اس بارے میں متفق نہونگے کہ وہ مضمون (نظم) گو بجائے خود کیسا ہی اچھا ہو مستحق انعام تھا۔ اگرچہ اسمیں شبہ نہیں کہ اسکا تصفیہ سوائے اڈیٹر کے اور کوئی نہیں کرسکتا۔ تاہم ایسی حالت میں کہ رسالے کے کل مضامین پر انعام نہیں دئے جاتے۔ یہ مناسب ہوگا کہ ایک کمیٹی مقرر کیجائے جو انعامی مضمون منتخب کرے تاکہ لوگوں کو شکایت کا موقع نملے۔

ہمیں یہ بات بھی "افسر" کے خلاف شان معلوم ہوتی ہے کہ اوسمیں پُرانے شایع شدہ مضامین دوبارہ شایع کئے جائیں۔ نواب عماد الملک بہادر کا مضمون اسلامی دارالعلوم بیشک بینظیر مضمون ہے لیکن وہ اُردو کے تقریباً ہر اخبار میں عرصہ ہوا ہے کہ شایع ہوچکا ہے۔ اسلئے ہمیں یہ دیکھکر کہ وہ "افسر" میں از سرنو چھاپا گیا ایک گونہ تعجب ہوا۔
مگر ہمیں یقین ہے کہ عبدالحق صاحب۔ بی۔ اے جنکی اڈیٹری میں یہ رسالہ شایع ہوتا ہے ان اُمور پر توجہ کریں گے۔ "افسر" کے اڈیٹر ہمارے کالج کے ایک پُرانے اور لایق طالب علم ہیں۔

کھینچنے کی کوشش کرتے ہیں ہماری رائے میں لایق مصنف نے سب سے اول منظر اور زمین کے نقشونکی تصویر کھینچنے کی نہایت عمدہ ہدایت دی ہے۔

ایک باب صرف تصویر کھنچوانیوالونکے فائدہ کیلئے لکھا گیا ہے تصویر کھنچوانیکے واسطے کسوقت جانا چاہیئے کس طریقہ سے جانا چاہیئے کپڑے کس قسم کے اور کس رنگ کے پہننے چاہئیں وضع کیسی ہونی چاہیئے غرض یہ کہ کوئی بات جس سے کہ تصویر پر کچھ اثر پڑسکتا ہے چھوڑی نہیں گئی ہے۔ خاص کر لباس کے رنگ۔ بیک گراونڈ اور نشست کے بابت جو ہدایتیں معہ وجوہ کے بیان کیگئی ہیں نہایت کارآمد ہیں۔

مبتدی سے تصویر بنانے میں جو غلطیاں ہونا ممکن ہیں سب پر توجہ دیدی گئی ہے غلطی اور بے احتیاطی سے جو عیوب اور نقائص تصاویر میں پیدا ہوتے ہیں انکا علاج جہانتک ممکن ہے نہایت شرح وبسط کے ساتھ لکھا گیا ہے۔

علاوہ معمولی نسخونکے مصنف نے اپنے ذاتی مجرب کم خرچ نسخے بہت سے دیے ہیں جس سے کتاب کی قیمت دوچند ہوگئی ہے۔

نئے میگزین

ہمارے پاس دو نئے میگزین یعنی "انتخاب لاجواب" اور "افسر" بغرض ریویو پہنچے ہیں اگر یہ رسالے جاری رہے اور اُمید ہے کہ جاری رہیں گے تو دونوں اپنے اپنے رنگ میں نہایت اچھے ہیں اور ملک کی قدر کے مستحق ہیں "افسر" یہ اصل میں نیا رسالہ نہیں ہے بلکہ اسکے مقاصد میں اب وسعت دیدی گئی ہے۔ اور یکم جنوری سے اسمیں ہر قسم کے علمی۔ تاریخی اخلاقی تمدنی اور فلسفی مضامین درج ہونگے اور اُردو زبان کی تحقیقات عمدہ کتابوں پر ریویو۔ اعلیٰ مضامین پر کرٹی سزم۔ جدید تحقیقات اور اختراعات پر وقتاً فوقتاً عالمانہ بحث ہوتی رہیگی"

استعمال کئے گئے ہیں بخط انگریزی معہ اُردو ترجمہ کے موجود ہے اور مبتدی کو کتاب کے پڑھنے اور سمجھنے میں پوری مدد دیتی ہے۔

باب اول میں اسباب آلات اور ادویات مصوری کا منتخب کرنا اور خریدنا مفصل درج ہے اور بہت سی ضروری اور کارآمد ہدایتیں دیگئی ہیں مبتدی کو اشیاء ضروری خریدوانیکے بعد ہر ایک آلہ مصوری کے ساخت عیبوں اور خوبیوں کی شناخت سمجھائی گئی ہے۔ اول کیمرہ کا بیان ہے اور دوسرے باب میں لینس کا مصنف صاحب نے اصول علم بصر کو بیان کرنیسے قصداً پرہیز کیا ہے بیشک اوس شخص کو جو صرف تصویر بنانا سیکھنا چاہتا ہو اصول علم بصر بہت مدد نہیں دیسکتے۔ مگر ہماری راے میں کیمرہ اور لینس جیسی چیزیں سمجھنے کیلئے کچھ تھوڑی سی واقفیت اِس علم سے ضرور ہونا چاہیئے اگر مصنف صاحب اِس علم کے چند اصولوں کا مختصر بیان کردیتے تو ہماری راے میں فائدہ سے خالی نہوتا۔ ہمارے لایق مصنف کے شاگردوں کو جنہوں نے صرف اونکی کتاب پڑھی ہوگی تصویر بنانا بیشک بخوبی آجاویگا مگر یہ معلوم ہونا دشوار ہے کہ فوکسنگ اسکرین پر تصویر اولٹی کیوں دکھلائی دیتی ہے۔

لینس کی بابت وہ باتیں جو تصویر عمدہ کھینچنے کیلئے جاننا ضروری ہیں بخوبی بتائی گئی ہیں لینس کے مختلف اقسام ہر ایک قسم کی پہچان اور اوسکا خاص استعمال نہایت خوبی کے ساتھ دکھلایا گیا ہے ڈارک روم میں سُرخ روشنی استعمال کرنیکی ضرورت علم طب کے ذریعہ سے اچھی طرح سمجھادی گئی ہے بستقل ڈارک روم بنانیکے مشکل کام کو اپنا خاص طریقہ بتاکر اور بیشمار ہدایتیں دیکر نہایت سہل کردیا ہے اور اسی طرح سے انلارجنگ ٹچنگ کا پینگ وغیرہ کو آسان کردیا ہے۔

اِس فن کے مبتدی اکثر یہ غلطی کرتے ہیں کہ اول ہی اول ذی روح چیز کی تصویر

اسلامی اخبارات کے اڈیٹروں سے بھی اُمید ہے کہ اِس تجویز پر قومی فائدہ کے لحاظ سے
بہت زور دینگے اور تاوقتیکہ اِس میں کامیابی ہو اُسکو پبلک کے پیش نظر رکھینگے

رہ نما فوٹوگرافی معروف بہ اُصول مصوری پر

ریویو

ہم نہایت خوشی کے ساتھ دیکھتے ہیں کہ اُردو زبان روز بروز مغربی علوم وفنون کے
خزانہ سے مالا مال ہوتی جاتی ہے۔ سائنس اور فلسفہ وغیرہ کی کتابوں کے ترجمہ کی کوشش تو
ہو ہی رہی ہے مگر ہمارے معزز دوست حافظ محمد ابراہیم صاحب نے ایک کتاب فن مصوری پر
حال میں شایع کی ہے۔ اول اِس فن کی تیرہ انگریزی کتابوں کا مطالعہ کیا ہے اور مقولہ خُذ ما صفا
پر عمل کرکے اون سب کا لبِ لباب ایک چھوٹی سی جلد میں جمع کر دیا ہے۔ ایک وہ زمانہ تھا کہ جب
کسی شخص کو کسی خاص فن میں کمال حاصل ہوتا تھا تو وہ اِس غرض سے کہ عام نہو جاوے کسیکو
حتی کہ اپنے بیٹے کو نہیں بتاتا تھا۔ صرف اوس شخص کو کہ جس نے تمام عمر اوسکی فرمانبرداری اور
رضاجوئی کی ہو مرتے وقت وہ خزانہ اپنے سینہ سے نکالکر سپرد کر دیتا تھا اور ساتھ ہی اُس کے
اسرار سینہ بسینہ رکھنے کی تاکید کر دیتا تھا۔ اب ہماری خوش قسمتی سے وہ زمانہ ہے کہ ہمارے
فیاض اور عالی خیال دوست نے اپنا مدت مدید کا ذاتی اور بیش بہا تجربہ ایک کتاب میں جمع کرکے
شایقین علم مصوری کی خدمت میں پیش کش کر دیا ہے اور سیکھنے والونکو اُستاد کا محتاج نہیں رکھا
منجملہ اور خوبیوں کے ایک یہ ہے کہ کتاب نہایت عام فہم زبان میں لکھی گئی ہے اور انگریزی
اصطلاحات نہایت سادی اُردو میں سمجھا دئے گئے ہیں اِسلئے ہماری رائے میں ہر ایک
شخص خواہ فن مصوری سے وہ کیسا ہی ناواقف ہو اِس کتاب کی امداد سے تصویر بنانا بخوبی
سیکھ سکتا ہے۔ اخیر میں ایک فہرست اون انگریزی ادویات الفاظ اور اصطلاحات کی ہے کہ رسالہ میں

کیا اس تجویز کی تکمیل مسلمانونکی کل قوم کیلئے کچھ بہت مشکل ہے۔ ہرگز نہیں۔ دو لاکھ کا سرمایہ جو اس کام کیواسطے درکار ہے ۶ کروڑ مسلمانونکو جمع کرلینا کیا مشکل ہے بشرطیکہ وہ دل سے قصد کریں۔ خود مدرسۃ العلوم کے طلبا کی خدا کے فضل سے ایک اچھی تعداد ہے اور انمیں سے عموماً عمدہ حالت میں ہیں۔ رقم مطلوبہ کا ایک اچھا حصہ جمع کردینا اُنکے لئے چنداں دشوار نہیں ہے باقی رقم جمہور اسلام سے بآسانی جمع ہوسکتی ہے۔ مسلمانونپر یہ ایک فرض کفایہ ہے کوئی ادا کرے خواہ مدرسۃ العلوم کے سابق و موجودہ طلبا خواہ جمہور اسلام مگر اس فرض کا ادا ہونا ضروری ہے اور اس تجویز کی تکمیل لابدی ہے اگر خدانخواستہ یہ ادھوری رہی تو مسلمانونکی بات دو کوڑی کی ہوجائیگی اور گورنمنٹ اور غیر قومیں ہنسینگی کہ مسلمانونکے پاس بجز زبانی جمع خرچ کے کچھ نہیں ہے اور جب اصلی امتحانکا وقت آتا ہے تو پھر اُنکا پتہ نہیں ملتا۔ ہمکو اُمید ہے کہ مسلمان احسان فراموشی کا الزام اپنے اوپر نہ لینگے اور دوسری قومونکو اپنے اوپر نہ ہنسائینگے کیا اُنکو یاد نہیں ہے کہ جب ہمارے ہندو بھائیوں نے مسٹر ہیوم کی یادگار قایم کرنیکا خیال ظاہر کیا اور پھر اُسکو پورا نکرسکے تو ہمنے اُنکو کس نظر سے دیکھا تھا۔ حالانکہ مسٹر ہیوم کے اُن لوگونپر اسقدر احسانات نتھے جسقدر کہ ہم پر مسٹر بیک کے ہیں۔ ہمکو امید ہے کہ ہماری قوم اُس دریادلی کو جو اُنکا آبائی حصہ ہے عمل میں لائینگے اور ہر مسلمان جو اپنی بات کے مقابلہ میں لاکھونکو ہیچ سمجھتا ہے اپنے تئیں دوسری قومونکی نظر میں ذلیل نکریگا اور ہمارے کالج کے پرانے طلبا جنکو دعوی ہے کہ ہم مدرسۃ العلوم علیگڈھ سے حب قومی کا سبق سیکھ کر گئے ہیں اور اپنے ایام طالب علمی میں قومی جوش کا بہت اظہار کرتے تھے اس موقعہ پر ثابت کرینگے کہ اُنکا جوش صرف زبانی جوش نتھا بلکہ وہ اپنی قوم اپنے کالج اور اپنے مرحوم پرنسپل کے فی الحقیقت دل دادہ ہیں اور ہر ایک سابق و موجودہ طالب علم حسب حیثیت اُس میں حصہ لیگا اور جمہور اسلام اُسکو تکمیل کو پہونچائینگے۔

قوم نہیں ہے بلکہ خود ہمارا مذہب ہمکو سکھاتا ہے کہ اپنے محسن کا شکر کرو اور ناشکر دنکو خدا دوست نہیں رکھتا ایسی حالت میں نہایت تعجب ہوتا ہے کہ مسٹر بیک کی یادگار تجویز ہو اور اُسکا فنڈ تھوڑے عرصہ میں تکمیل کو نہ پہونچ جائے اور یادگار بھی ایسی یادگار ہو کہ ہم خرما وہم ثواب۔ یادگار کی یادگار اور خود مسلمانونکا اس سے نفع یعنی مدرسۃ العلوم علیگڈھ میں ہسٹری کی پروفیسری اُنکے نام سے قایم ہو جسکے یہ معنی ہیں کہ مدرسۃ العلوم علیگڈھ کی پروفیسر ہسٹری کو بیک میموریل فنڈ کے منافع سے تنخواہ دیجائے۔ علم تاریخ سے مسلمانونکو ہمیشہ سے شغف رہا ہے اور مسٹر بیک کو بھی اس علم سے بہت دلچسپی تھی اور اگر اُنکی زندگی میں اُنسے پوچھا جاتا کہ آپ اپنی کس قسم کی یادگار قایم ہونا چاہتے ہیں تو وہ ضرور اسی قسم کی تجویز کو پسند کرتے جس سے مدرسۃ العلوم علیگڈھ کی ترقی ہو اور محمڈن یونیورسٹی کی تجویز تکمیل کو پہونچے چنانچہ مسٹر بیک نے اپنی آخری تحریر میں جسکو طلبائے مدرسۃ العلوم کے لئے ایک وصیت نامہ سمجھنا چاہیئے اپنے پرانے طلبا کو اسی تجویز کی تکمیل کیطرف نہایت پُرجوش الفاظ میں لمادہ کیا ہے۔ اُنکی والدہ ماجدہ اور غمزدہ بیوی ہر تقریب نامہ کے جواب میں جو اُنکو بھیجا جاتا ہے یہی لکھتی ہیں کہ مسٹر بیک کی روح کو اور نیز ہمکو اس سے زیادہ اور کوئی دل خوش کن امر نہیں ہو سکتا کہ محمڈن یونیورسٹی کی تجویز جسکو مسٹر بیک نے شروع کیا تھا تکمیل کو پہنچائی جائے اسلئے مسٹر بیک کی یادگار بھی اسی قسم کی تجویز کی گئی ہے کہ محمڈن یونیورسٹی کی تکمیل میں جو سرسید کی یادگار ہوگی اُس سے مدد ملی۔ مسلمانونکو چاہیئے کہ اپنے اظہار احسانمندی کیلئے اس فنڈ میں نہایت جوش سے چندہ دیں۔ گو بڑی رقم نہ دیجائے مگر تھوڑی تھوڑی رقم دینے والے بہت ہونے چاہیئے تاکہ گورنمنٹ وغیرقومونکے لوگونپر ثابت ہو جائے کہ مسلمان وہ لوگ ہیں کہ اگر اُنپر کوئی تھوڑی سی بھی مہربانی کرے تو وہ اُسے بہت سمجھتے ہیں اور ہمیشہ اُسکے ممنون رہتے ہیں اور اُسکے فدائی بنجاتے ہیں اور بہترین طریقہ اُنکے رام کرنیکا اُنکے ساتھ مہربانی کا سلوک کرنا ہے۔

اور سرسید کی وفات کے بعد جو نازک وقت کہ کالج کو پیش آیا تہا اُسکے بہنور سے کالج کو نکال لیجانا بہی مسٹر بیک ہی کا کام تہا مسٹر بیک کی خدمات کالج کی اندرونی و بیرونی زندگی ہی تک محدود نہیں بلکہ وہ مسلمانوں کے حقوق اور عام فائدہ کیلئے گورنمنٹ میں ہمیشہ کوشش کرتے رہتے تہے اور غیر قوموں سے اُنکی حمایت میں لڑتے تہے اور مسلمانوں کو جو پولیٹیکل مشکل پیش آتی تہی مسٹر بیک کی مدد سے رفع ہوجاتی تہی۔ غدر ۱۸۵۷ء سے جو گرہ کہ مابین مسلمانوں اور انگریزوں کے پڑگئی تہی اُسکو سرسید نے بہت کچھ سلجہایا مگر اُسکو بالکل کہولدینا مسٹر بیک ہی سے ہوسکتا تہا۔ گو سرسید پر گورنمنٹ کو پورا اعتماد تہا مگر اُنکا یہ کہنا کہ مسلمان گورنمنٹ کے پورے وفادار ہیں اسقدر قابل اطمینان نہیں ہوسکتا تہا جسقدر کہ اُس شخص کا بیان جو انگریزی قوم میں سے ہو اور پہر انگریزوں کو یقین دلائے کہ مسلمان ہر طرح سے گورنمنٹ کے ہوا خواہ ہیں اور مدرسۃ العلوم علیگڈہ کی تعلیم اُس زہریلے اثر سے پاک ہے جسکی شکایت دیگر کالجوں کی تعلیم کی نسبت عام ہے اور یہی وجہ ہے کہ گورنمنٹ اور اُسکے تمام عہدہ داروں نے سرسید کی وفات کے بعد جبکہ کالج طرح طرح کی مشکلات میں مبتلا تہا کالج کی نہایت سرپرستی کی اور اسوقت تک وہ سرپرستی برابر جاری ہے۔ چند سال ہوئے جب الہ آباد یونیورسٹی میں فارسی زبان کو نصاب تعلیم سے خارج کرنیکا مسئلہ پیش ہوا اُسوقت بہی سرسید کو فارسی کی حمایت میں مسٹر بیک سے بہت مدد ملی اور اب سرسید اور مسٹر بیک کے دنیا سے اُٹہ جانیکے بعد فارسی کے مخالفوں کو پہر حوصلہ ہوا ہے اور اُنہوں نے اپنے پُرانے مسئلہ کو پہر پیش کیا ہے اسی طرح سے ہمارے مخالفوں نے میدان خالی پاکر عدالتوں میں ناگری خط جاری ہونیکی بحث بہی چھیڑی ہے۔ اگر ایسے وقت میں مسٹر بیک زندہ ہوتے تو اُنسے بہت کچھ مدد ملتی اور ہمارے مخالف سوچ سمجہکر اس قسم کی تجاویز پیش کرتے۔ غرضکہ مسٹر بیک کی ذات سے مسلمانوں کو بہت کچھ نفع پہنچا ہے اور اُنکے ہم پر بہت سے حقوق ہیں اور اسکے ساتہ ہی خدا کا شکر ہے کہ ہماری قوم احسان فراموش

کہ اُس کی حکمت نہایت وقعت کی نگاہ سے دیکھی جاتی تھی۔

ابوسینا نے مسائل مذہبی مثلاً رسالت۔ معجزات۔ تقدیر۔ بقائی روح وغیرہ کو عقلی دلائل سے ثابت کرنیکی کوشش کی ہے۔ بقائی روح کے ثبوت میں جو دلیلیں پیش کی گئی ہیں وہ افلاطون سے ماخوذ ہیں۔ جن دلائل سے اوس نے رسالت اور معجزات وغیرہ کا وجود ثابت کرنا چاہا وہ اکثر غلط ہیں اور اسطرح ابوسینا فلسفہ اور اور مذہب کے درمیان موافقت پیدا کرنیکی کوشش میں ناکام رہا۔

ابوسینا کی تصنیفات شمار میں ۱۰۰ سے زیادہ ہیں بعض اونمیں کی صرف چند صفحوں کی ہیں اور بعض کا حجم بہت بڑا ہے۔ اوسکی سب سے مشہور کتاب اور جسکی وجہ سے اوسکا یورپ میں نام ہوا وہی قانون طب ہے جسکا اوپر ذکر ہو چکا ہے۔

بیک میموریل فنڈ

مسٹر بیک اور اُنکی خدمات سے عموماً لوگ واقف ہیں مسلمانوں کی بھلائیکے واسطے کوشش کرنیوالوں میں مسٹر بیک کا نام سرسید کے بعد دوسرے درجہ پر رکھنا کچھ بیجا نہیں ہے سرسید ہم میں سے تھے اور اُنھوں نے جو کچھ کہ ہمارے لئے کیا گو نہایت قابل تحسین و شکرگذاری ہے مگر ایک غیر قوم کے شخص کا ہماری بہبودی کے واسطے راتدن ساعی رہنا اُس سے زیادہ قابل قدر اور باعث مشکوری ہے جن اشخاص کو مسٹر بیک کی ایام پرنسپلی میں مدرسۃ العلوم علیگڈھ میں رہنے کی عزت حاصل ہو چکی ہے وہ بخوبی واقف ہیں کہ مسٹر بیک کو ہمارے ساتھ کیا تعلق تھا اور وہ ہماری نفع رسانی میں کسقدر ساعی رہتے تھے اور اس انہماک ہی کی وجہ سے اُنکی صحت خراب ہو گئی مگر پھر بھی اُنھوں نے اپنی محنتوں کو کم نہ کیا یہانتک کہ وہ محنت اُنکی ہلاکت کا باعث ہوئی۔

جو اندرونی انتظامات کہ کالج میں نظر آتے ہیں اُنکا بڑا حصہ مسٹر بیک ہی کے عہد کی یادگار ہیں

فوج کشی کرنے میں جب وہ امیر کے ہمراہ تھا تو دفعتاً درد قولنج میں مبتلا ہوگیا اور اوسکا تدارک ایسی تکلیف دہ ادویات سے کیا گیا کہ ابوسینا کی طاقت اور بھی زائل ہوگئی بڑی مشکل سے وہ ہمدان پہونچا اور یہ معلوم کرکے کہ مرض بڑھتا جاتا ہے اُسنے اپنے آپکو تقدیر پر چھوڑ دیا اور دوا کا استعمال موقوف کردیا۔ جب موت کا وقت قریب آپہنچا تو ابوسینا کو اپنی گذشتہ کردار پر تاسف ہوا مال و اسباب محتاجوں کو تقسیم کردیا۔ غلام آزاد کردئے اور کلام اللہ سُننے کا ورد کیا۔ ۵۸ برس کی عمر پاکر ۱۰۳۷ء میں اُس نے دنیا سے رحلت کی اور حوالی ہمدان میں دفن کیا گیا۔

بارہویں صدی عیسوی سے سترہویں صدی تک یورپ کے دارالعلوموں میں ابوسینا کی طب کا رواج رہا رازی اور علی وغیرہ کی تصنیفات کا وہاں اسقدر رواج نہ پانا محض اتفاقی امر ہے ورنہ ابوسینا اور اوسکے متقدمین علی اور رازی کی کتابوں میں کوئی نمایاں فرق نہیں ہے۔ اون سب کا مخرج طب یونانی ہے۔ ابوسینا کی قانون طب میں رازی کی الحادی کی بہ نسبت ترتیب زیادہ ہے۔ قانون طب میں پانچ باب ہیں اول و دوم جسم انسان حقیقت امراض اور شرائط صحت کے بیان میں ہیں سوم و چہارم میں طریقہ علاج امراض پر بحث ہے اور پنجم ترکیب ادویات کے متعلق ہے ۱۶۵۰ء تک لوین اور مانٹ پیلر کی درسگاہوں میں یہ کتاب درس میں داخل تھی۔

گو ابوسینا کی طبابت کا شہرہ اوسکی حکمت کے شہرہ کے مقابل بہت زیادہ تھا۔ تاہم اُسے معقولات میں بھی کچھ کم دخل نہ تھا۔ علم منطق پر اوسکی تصنیفات کا بہت بڑا احسان ہے عرصہ دراز تک اوسی کے قائم کئے ہوئے اُصولوں کی متاخرین پیروی کرتے رہے۔

ابوسینا شارستنی کی رائے کے مطابق اسلامی فلاسفروں میں بہت بڑا پایہ رکھتا ہے امام غزالی نے جو حملے فلسفہ پر کئے ہیں وہ ابوسینا ہی کی رد میں ہیں جس سے ثابت ہوتا ہے

مکان میں پوشیدہ طور پر رہنے لگا۔ تاہم اِس حالت میں بھی وہ بڑی سرگرمی کے ساتھ تصنیف کتب میں مصروف رہا۔ اِسی زمانہ میں اُسنے ابوصفر حاکم اصفہان سے خط و کتابت کرکے اُس سے ملازمت کی درخواست کی مگر ہمدان کے نئے امیر نے یہ خبر پاکر اور اوسکا پوشیدہ مسکن دریافت کرکے اوسکو گرفتار کرلیا اور ایک قلعہ میں قید کردیا۔ اصفہان اور ہمدان میں لڑائی ہوتی رہی اور ۱۰۲۴ء میں والی اصفہان نے ہمدان کو فتح کرنیکے بعد اُسکے سپاہ کو وہانسے نکالدیا جب ہنگامۂ جنگ فرو ہوگیا تو ابوسینا قید سے رہائی پاکر ہمدان لوٹ آیا اور پھر اپنے علمی شغل میں مصروف ہوا مگر اوسے یہاں چین سے رہنا نصیب نہ ہوا اور جب اپنا قیام پُرخطر دیکھا تو اپنے بھائی کے ایک شاگرد اور دو غلاموں کے ہمراہ درویش کا بھیس بنائے ہوئے شہر سے نکل گیا ایک بڑے خطرناک سفر کے بعد وہ اصفہان پہونچا اور والی اصفہان نے بڑی توقیر کے ساتھ اوسکا خیر مقدم کیا ابوسینا کی عمر کے باقی ماندہ گیارہ بارہ سال ابوجعفر کی ہمراہی میں بطور طبیب اور مصاحب کے بسر ہوئی یہانتک کہ لڑائی کے زمانہ میں بھی وہ ایک دوسرے سے جدا نہیں ہوتے تھے اِس زمانہ میں ابوسینا کو علم ادب اور علم ہیئت زبانی پر اپنی عبارت پر نکتہ چینی ہونیکی وجہ سے زیادہ توجہ دینی پڑی مگر باوجود علمی مشاغل کے کثرت کی اوسکی عیش پسندی کی عادت نہیں گئی۔ غیر معمولی جسمانی طاقت کے سبب سے سخت دماغی محنت بھی اوسکی عیش پرستی کی مانع نہیں ہوسکتی تھی اوسکی بادہ نوشی اور عیاشی ایسی ہی مشہور تھی جیسا کہ اوسکا علم و فضل۔

زندہ دلی اور قوای دماغی میں وہ بہ نسبت ارسطو کے ارسطالیس سے زیادہ مشابہت رکھتا تھا اوسکی خوش مزاجی خودستائی اور راحت پسندی کی عادت ابن رشد کی اعلیٰ حکیمانہ خصائل کی ضد تھیں۔

ابوسینا کی عیش پرستی کی عادت نے اوسکے قوائی جسمانی کو رفتہ رفتہ کمزور کردیا ہمدان

ایک سخت عارضہ میں مبتلا ہوگیا تہا اور عجیب پریشانی کی حالت میں تہا مگر آخر کار جرجان میں
اوسکی ایک دوست سے ملاقات ہوگئی جسنے اپنے قریب اوسے ایک مکان لے دیا اور یہاں پر
ابوسینا نے اطمینان کے ساتھ منطق اور علم ہیئت پر درس دینا شروع کیا۔ اِس زمانہ قیام میں
ابوسینا نے بہت سے رسالہ تصنیف کئے اور اوسکے قانون طب کا بہی آغاز یہیں سے ہوتا ہے۔
اِس جگہ سے علیحدہ ہوکر اُس نے مقام رے میں جو نواح طہران میں واقع ہے بود و باش
اختیار کی۔ یہانکا حکمراں مجد الدولہ تہا مگر بوجہ اوسکی نوعمری کے سلطنت کا انتظام اوسکی
ماں کے ہاتہ میں تہا۔ یہاں ابوسینا نے تقریباً ۳۰ چہوٹے چہوٹے رسالہ تصنیف کئے۔
لیکن متواتر جہگڑونکے باعث جو مابین امیر کی والدہ اور اوسکے دوسرے بیٹے شمس الدولہ
کے ہوتے رہتے تہے ابوسینا کو یہ مقام بہی کچہ عرصہ کے بعد مجبوراً چہوڑ دینا پڑا۔ تہوڑی مدّت
کاسوین میں گذارنیکے بعد اُس نے ہمدانکا عزم کیا جہاں پر شمس الدولہ مقیم تہا۔ ہمدان میں
اول وہ ایک عالی خاندان بیگم کے یہاں ملازم ہوا مگر امیر نے اوسکے وہاں آنیکا حال
سُنکر اوسے بطور طبیب خاص کے اپنے پاس بلالیا۔ ابوسینا رفتہ رفتہ عہدۂ وزارت پر ممتاز
کیا گیا لیکن سرکش ترکی سپاہ نے امیر کے خلاف بلوہ کیا اور نئے وزیر کا قتل چاہا اور آخر کار
یہ فیصلہ ہوا کہ ابوسینا جلاوطن کردیا جائے۔ مگر ابوسینا وہیں ایک شیخ کے مکان میں چالیس
روز تک روپوش رہا اور جب امیر ایک شدید مرض میں مبتلا ہوا تو پہر ابوسینا کی ضرورت پیش
آئی اور وہ دوبارہ عہدۂ وزارت پر مامور کیا گیا۔ ایسے شر و فساد کے زمانہ میں بہی ابوسینا نے
درس و تدریس کا مشغلہ جاری رکہا۔ ہر روز شام کو وہ اپنی تصانیف طبی اپنے شاگردونکو سنایا
اور سمجہایا کرتا تہا اور درس ختم ہونیکے بعد انہیں کے ساتہ کچہ حصّہ شب عیش و رنگ کی صحبت میں
گذارتا تہا۔ امیر کی وفات کے بعد ابوسینا عہدۂ وزارت سے برخاست کردیا گیا اور وہ ایک دوا فروش کے

بہت سے نادر نسخہ ہر علم کے متعلق موجود تھے۔ خاندان سامانی کے بادشاہ علم اور اہل علم کی بڑے سرپرست اور حامی تھے اور ایسے زمانہ میں جبکہ عام رواج کے مطابق ہنگام جنگ میں بھی بادشاہ کے ساتھ کتب خانہ اور علما کا رہنا ضروریات سے تھا یہ خاندان اس بارہ میں نہایت سربرآوردہ تھا۔ اس کتب خانہ میں ابوسینا کو نایاب کتابیں دستیاب ہوسکتی تھیں اور اُنکے ذریعہ سے ترقی علوم کا پتہ چل سکتا تھا جب کتب خانہ تھوڑے عرصہ کے بعد جل گیا تو ابوسینا کے دشمنوں نے اوس پر یہ اتہام کیا کہ وہی اُسکے جلا ڈالنے کا باعث تھا اس غرض سے کہ اوسکے علم حاصل کرنیکے ذرایع مخفی رہیں۔ اس عرصہ میں ابوسینا اپنے باپ کو باقی کامونمیں مدد دیتا رہا مگر تاہم اُسے اپنی ابتدائی کتابیں لکھنے کا موقع ملا جو اوس نے اپنی مربیوں کی فرمایش پر لکھیں اور جو بعد ازاں انہیں کی ملکیت ہوگئیں۔ منجملہ انکے ایک متفرق مضامین کا مجموعہ بھی تھا۔

ابوسینا کی عمر کے بائیسویں سال میں اوسکے والد کا انتقال ہوا جب ۱۰۰۱ء میں خاندان سامانی کے ہاتھ سے جسکو شمال میں ترکوں سے مقابلہ اور جنوب میں شاہان غزنی سے سامنا تھا سلطنت نکل گئی تو محمود غزنوی نے جو مثل اپنے ہمعصروں کے اپنے ورثا کو علما و فضلا کا مرجع بنا رہا تھا ابوسینا کو بھی اپنے یہاں بلانا چاہا مگر اُس نے اس بات کو قبول نہیں کیا اور خیوہ کے شہر جرجنش کی طرف روانہ ہوا اس شہر کے وزیر نے جو اہل علم کا بڑا دوست خیال کیا جاتا تھا اوسکی کچھ ماہواری تنخواہ مقرر کردی۔ مگر ذریعہ معاش کے قلیل ہونیکی وجہ سے ابوسینا نے اس جگہ کو بھی چھوڑ دیا اور نیشاپور و مرو کے شہروں میں قدردان کی تلاش میں گھومتا ہوا سرحد خراسان تک پہنچا مگر ایسے وقت میں جبکہ کُل ایران میں خانہ جنگیوں کا بازار گرم تھا علوم و فنون کی کیا قدر ہوسکتی۔

شمس المعالی قابوس ویلم کا فیاض حکمراں جو خود بھی شاعر تھا اوجس سے ابوسینا سرپرستی کی امید رکھتا تھا اسی زمانہ میں خود اپنی باغی سپاہ کے ہاتھوں مارا گیا۔ ابوسینا بھی اس عرصہ میں

علم ریاضی سیکھنا شروع کیا اور اُس نے اقلیدس کی ابتدائی شکلیں پڑھیں لیکن فہین شاگرد کو بلا دریافت معلوم ہوگیا کہ اوسکا اوستاد نہایت کم استعداد تہا اور اوس نے شرحونکی مدد سے علم ہندسہ منطق علم ہیئت وغیرہ بطور خود دیکھنا شروع کیا۔

سولہ برس کی عمر میں وہ نہ صرف مروجہ علم طب سے واقف ہوگیا تہا بلکہ (اپنے بیانکے مطابق) مریضونکی مفت دیکھ بہال کرنے سے اوسکو اور نئی طریقہ علاج کے معلوم ہوگئے تہے۔ اسکے بعد ڈیڑھ سال تک وہ فلسفہ کے اعلیٰ مسائل کی تحقیقات میں مشغول رہا جسمیں اوسکو سخت مشکلات درپیش ہوئیں۔ جبان تحقیقات میں اوسکی کوششیں کچھ کام نہیں کرتی تہیں تو کتابونکو چہوڑکر عبادت میں مصروف ہوتا تہا یہانتک کہ تائید ایزدی سے اوسے حل مسائل کا کوئی طریقہ سجہائی دیتا۔ رات کو بہت دیر تک وہ مطالعہ کتب میں مشغول رہتا تہا اور خواب میں بہی وہی مسائل پیش نظر رہتے اور اونکی حل کرنیکی فکر رہتی تہی۔ بیان کیا جاتا ہے کہ ابوسینا نے ارسطو کے رسالہ حکمت کو ۴۰ مرتبہ پڑہا تہا یہانتک کہ وہ حرف بحرف یاد ہوگیا تہا لیکن اُسکے معنی بالکل تیرہ و تاریک معلوم ہوتے تہے اتفاقاً ایک روز اوسکی نظر سے حکیم فارابی کی شرح ارسطو گذری اور سب کا مطلب روشن ہوگیا۔ ایک ایسی کتاب کے ذریعہ سے جسکو وہ ناقابل فہم سمجہتا تہا حل مطلب ہونے سے اوسکو اسقدر مسرت ہوی کہ فوراً اُس نے بارگاہ خدا میں شکریہ ادا کیا اور محتاجونکو خیرات تقسیم کی۔ اٹہارویں سال کے اختتام پر وہ اپنے زمانہ کے تمام مروجہ علوم میں ماہر ہوگیا تہا۔ اب وہ عقیل علم کی تکمیل کرچکا اور بطور ایک فاضل کے تلاش و نگاہ میں نکلا اوسکا پہلا تقرر امیر کے طبیبوں میں ہوا جو اس نوجوان فاضل کی شہرت سُن چکا تہا اور اوسکے ہاتہ سے ایک مہلک بیماری سے شفا پاچکا تہا۔ ابوسینا کے واسطے سب سے بڑا فائدہ اس ملازمت میں یہ ہوا کہ شاہی کتب خانہ تک اوسکی رسائی ہوگئی۔ اس کتب خانہ میں

شعار گروانا۔ اپنے خاص گروہ یا قوم کے ساتھ اُسکو دلچسپی ہوئی اور اوس قوم یا گروہ نے ملکر آخر کار وہ درجہ حاصل کیا یا اُس کے حصول کے سیدھے راستہ پر ہو لئے جو سب کا منشا ہونا چاہیئے۔

کیا ہم بھی ایسا کر سکتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ کر سکتے ہیں اگر ہم میں کچھ آدمی بھی سچا جوش صحیح عقل اور مستقل طبیعت رکھتے ہوں اور ساتھ ہی اِس کے قوم میں اُمید کا بیج بویا جائے۔ وَلَا يَيْئَسُ مِنْ رَوْحِ اللّٰهِ اِلَّا الْاَشْقِيٰ

بجز اُمید کہ ایمان عشق کیشانست کسے نداد تسلی دل زلیخا را

سوانح عمری حکیم ابوسینا

ابوسینا ۹۸۰ء میں پیدا ہوا۔ اوسکا پورا نام ابو علی الحسین ابن عبداللہ ابن سینا ہے۔ موضع افشینا کو جو نواح بخارا میں ہے اوسکی جاے پیدائش ہونیکا فخر حاصل ہے۔ اوسکی والدہ اسی موضع کی رہنے والی تہی اور اُسکا والد جو ایک ایرانی النسل بلخی تہا نوح ابن منصور بخارا کے ماتحت قصبہ ہربامین میں تحصیل خراج کے کام پر مامور رہتا۔ ابوسینا کے چھوٹے بہائی کے تولد کے بعد اونکے خاندان نے دار الخلافت (بخارا) میں جو اُس زمانہ میں اسلامی دنیا کا ایک بڑا شہر تہا اور جو فتوحات عرب کی قبل بھی تہذیب و شائستگی کیلئے مشہور تہا بود و باش اختیار کی۔ یہانپر ابوسینا ایک معلم کے سپرد کیا گیا۔ اُسکی ابتدائی ذکاوت کہ جو سن و سال کے لحاظ سے حیرت انگیز معلوم ہوتی تہی لوگ تعجب کے نظر سے دیکھتے تہے۔ دس ہی سال کی عمر میں اُس نے قرآن مجید اور بہت سے عربی اشعار حفظ یاد کر لئے تہے۔ ابوسینا نے ایک اور معلم سے جو بچونکو سبق دیکر اور مریضونکا علاج کر کے کسب معاش کیا کرتا تہا

خارجیہ کے پیش آجانے سے۔ یا اُنہیں نیک نفسی مجنتی اور اصلاح کرنے والونکی ایک جماعت کے پیدا ہوجانے سے اپنی نیند سے ایکدفعہ ہی چونک پڑے ہیں۔ اُنہوں نے اپنے غیر مفید عادات کو جو تعداد اکثر کے لئے مضر تھے چھوڑدیا اُنہوں نے محنت اور جفاکشی کی قدر کرنی شروع کردی اُنہوں نے سُست اور بیکار آدمیونکو جو دوسرونکی محنت کے بہروسہ مال خلایق کو حرام ذریعہ سے کھاتے چلے جاتے تھے باکار بنادیا اور اپنی اس بدعادت کو کہ بغیر مشقت کے چین کریں ترک کردیا۔ اُنہوں نے علم و حکمت اور دیانت کی عزت کرنی شروع کردی بجاے اِس کے کہ وہ ظاہری نمود کو اُسی آنکھ سے دیکھتے ہیں جیسے ایک سائیس یا ٹٹلر کی آنکھ ہوتی ہے یعنی لیاقت اور کام دیکھنے کی جگھ وہ لباس اور ظاہرداری پر انسانکا اندازہ کریں اُنہوں نے صنایع و حرفت اور زراعت و تجارت کے مختلف شعبوں میں ترقی کرکے عوام الناس کیلئے بے انتہا ذرایع آمدنی اور گزاریکے پیدا کردے وہ بدنفس اور خودغرض آدمیونکے ہاتھ میں اپنی قسمت کے ہونے سے روز بروز ناراضی کا اظہار کرنے لگے۔ عام معیار اخلاق اور اعمال کا بڑھ گیا۔ اپنے حقوق کے ساتھ اپنے فرائض کا خیال بھی پیدا ہوگیا ہے اور دوسرے انسانونکو اپنی مکاری یا خوشامد یا طاقت کا جائز شکار سمجھنے کی جگھ یہ خیال زور پکڑتا گیا کہ وہ ہمارے بھائی ہیں اونکی بھلائی سے خود ہماری بھلائی متصور ہے۔ الغرض انسان نے اِن قوموں میں اپنے سر کو بلند کیا اور اپنی عزت کو پہچانا اپنے انجام کو دیکھا اور خودبینی کے تنگ و تاریک حجرہ سے نکلکر وسعت گاہ عالم میں آیا۔ اُس نے جلوۂ علم و یقین کو دیکھا۔ آسمان اور زمین کو دیکھا انسانکا زمانہ مستقبل اُسکو ایک حقیقت واقعیہ نظر آنے لگا۔ اُمید میں اُس نے رہنا شروع کیا اپنے جائز حقوق کا حصول اور باہمدگر ش ہمدردی۔ اِنکو اُس نے اپنا

عزت بے انتہا زیادہ ہے۔ جرمن امپائر بعد ایک عالیشان ترقی کے درحقیقت مرگئی تھی اب اُسکی دو شاخیں پرشیا اور آسٹریا ہوگئی ہیں اور یہ دونوں جرمن قومیں جس حالت میں رہیں وہ ظاہر ہے اور دنیا میں مادی اور عقلی حصہ جو انکا ہے وہ نمایاں ہے۔ ملک ہنگری بعد مایوسی کے اور ہزاروں مصیبتوں پر اچھی حالت پر آگیا۔ اسیطور پر یونان وغیرہ تھوڑا بہت سنبھل گئے۔ نیم مہذب قوموں میں جاپان کی مثال ہے۔ جسنے پہلی ہی دفعہ عالیشان ترقی کی۔ مغولی یعنی اولاد تیمور و چنگیز خاں گمنام و بے نشان ہونیکے بعد ہندوستان میں پھر چمک گئے۔ تھوڑے عرصہ کیلئے افغانوں نے شیر شاہ کے ماتحت پھر سنبھالا لیا۔ آئرلینڈ اپنی سابقہ حالت سے کچھ عرصہ کے بعد شاید زیادہ ترقی کرجاے۔ یہ سب مثالیں اس خیال کی تکذیب کرتی ہیں کہ ایک بار گرنیکے بعد کوئی قوم نہیں اُٹھتی۔ اور صحیح وسائل سے چلیں اور اُمید رکھیں تب ہمکو بھی توقع ہوسکتی ہے کہ پہلے جیسی عظمت یا اوس سے زیادہ پھر حاصل ہوجائے۔

اِس مضمون کو شروع کیا تھا اُمید پر اسکو ختم کرتا ہوں۔ میری عاجز رائے میں انسان ہیں۔ (اور انسان سے مراد نہایت عالی دماغ یا مہذب یا شایستہ انسان نہیں بلکہ محض نوع انسان سے خواہ اوس کو وحشی اور بدحالت میں لیجئے یا اعلےٰ درجہ کی حالت میں) ایسی ایسی قابلیتیں موجود ہیں اور مضمر ہیں کہ ابتک اُنکا صحیح اندازہ نہیں ہوا۔ افراد یعنی الگ الگ شخص بہت بڑے بڑے کام کرسکتے ہیں اور اونہوں نے بہت بڑے بڑے کام کئے ہیں۔ قومیں جو ظاہرا بیمار اور کم عقل تھیں کسی اندرونی نامعلوم تحریک سے۔ یا بہت سے بڑے بڑے واقعات

اونہوں نے کہا تھا کہ جوانی کی زورمندی۔ طاقت اور عقلی مستعدی کے بعد کسی قوم کے بڑھاپے کا زمانہ اور ضعیفِ عقل کا دور جب آتا ہے تو وہ آخری زمانہ ہوتا ہے اُس کے بعد موت کے سوا اور کوئی راستہ نہیں۔

میں ادب کے ساتھ اِن خیالات سے اختلاف کرتا ہوں میں سمجھتا ہوں کہ قوم اور انسان کی یہ تشبیہ غلط ہے۔ میں خیال کرتا ہوں کہ جسے قوم کا بڑھاپا سمجھا جاتا ہے بسا اوقات وہ ایک طویل مرض ہوتا ہے جسکا اچھا کرنا مشکل ہے مگر محال نہیں۔ میں اسبات کو تسلیم کرتا ہوں کہ موت جیسی افراد کے لئے ہے ایسی ہی قوم کے واسطے بھی مقرر ہے لیکن ایک قوم کی عمر۔ ایک قوم کی حالت افراد سے بہت مختلف ہوتی ہے جسے لوگ بڑھاپا سمجھتے ہیں یا موت وہ حقیقت میں قابل علاج امراض یا غشی کا عالم ہوتا ہے۔ میری عاجز رائے میں یہ سوال جو کیا جاتا ہے اور بہت سے آدمی آجکل اِس سوال کو کرتے ہیں کہ کسی ایسی قوم کی مثال بتاؤ جس نے ترقی کے بعد پستی اور ضعف عقل کا درجہ حاصل کرکے دوبارہ عروج حاصل کیا ہے۔ اور پھر یہ یقین کیا جاتا ہے کہ کوئی اِسکا جواب نفی کے سوا نہ دے سکیگا۔ یہ غلط ہے۔ ایسی قومیں ہیں جنھوں نے ترقی کے بعد تنزل اور پستی اور اوسکے بعد دوبارہ ترقی حاصل کی ہے اور نیز ایسی قومیں ہیں جو سنبھل گئی ہیں اور ممکن ہے کہ وہ سابقہ درجہ پر کچھ زمانہ میں پہنچ جائیں۔ ایزاں کی عظیم الشان سلطنت تباہ ہوگئی مگر صفویہ کے زمانہ میں دوسو ڈھائی سو برس تک اُس نے پھر طاقت اور عروج حاصل کیا۔ قدیم اٹلی یعنی روما۔ جیسے باجبروت اور عالیشان سلطنت ایشیا تباہ ہوگئی تھی کہ ایشیا میں ابھی ایسی مثالیں نہ ملیں گی۔ مگر اب اُسکی حالت بمقابل اوس پستی کے بے اندازہ اچھی اور اُسکی

موسم گل آگیا وقت خزاں جاتا رہا
شکر سے سرسبز پھر اپنا گلستاں ہوگیا

آپکی آمد نے کیا کام مسیحائی کیا
پھر سے زندہ مجمع اُمید واراں ہوگیا

گلشن اسلام میں باد ترقی چل گئی
غنچۂ پژمردۂ امید خنداں ہوگیا

اے خوشا تقدیر می نازم بہ تخت یونین
جلوہ گر شد زانکہ مارسین بہ تخت یونین

وقت شادی آگیا وقت فغاں جاتا رہا
رنج وحرماں کا دلونسے ہاں نشاں جاتا رہا

اشک رنج و نا اُمیدی رشک شادی ہنگیا
گریۂ ناکام چشم خونچکاں جاتا رہا

محسن الملک انجمن میں جلوہ فرمانے لگے
ہے بجا گر رنج کا دل سے نشاں جاتا رہا

ہوگئی پیدا دلوں میں اب ترقی کی اُمید
خطرۂ نابودی اسلامیاں جاتا رہا

حسب خواہش آئی باغ یونین میں پھر بہار
دل سے اب اندیشۂ جور خزاں جاتا رہا

عندلیب خامۂ حسرت بھی باغ فکر میں
چہچہے کرنے لگا وہ غم کہاں جاتا رہا

از ترقی ہائے کالج گفتگوے ہست وبس
حسرت دلخستہ را ایں ارزوے ہست وبس

قوموں اور جماعتوں کے ضعیف العقل ہونیکی علامتیں

مگر اون سے کچھ فائدہ نہیں ہوتا۔ جو خیال ڈریپر نے بیان کیا ہے اسکے قریب قریب خیالات آپکے یہاں کے ایک مشہور مدبّر اور تاریخی شخص نے سال دو سال ہوئے اپنی کسی تقریر میں بیان کئے تھے میری مراد محسن الملک سید مہدی علیخاں سے ہے۔

مرحبا اے یونین ہاں تجھپہ اتراتے ہیں ہم
تیرا ثانی جب زمانے میں نہیں پاتے ہیں ہم

باعث تسکین خاطر موجب تفریح جاں
یونین کو اک انیسِ بے مثل پاتے ہیں ہم

اتفاقاً جب کبھی پڑھنے سے گھبراتا ہے دل
دیکھکر ناول ترے دلکو بہلاتے ہیں ہم

حالتِ ہر براعظم حالتِ ہر ملک و شہر
تیرے اخبارات میں پیش نظر پاتے ہیں ہم

ہے حصول خوبیٔ تقریر بھی مدِ نظر
ایک دن ہفتہ میں خاص اسکے لئے آتے ہیں ہم

یونہیں گر مشق سخن جاری رہے کچھ روز تک
تو مقرر ہی مقرر سارے بنجاتے ہیں ہم

ایں مکانِ یونین کم از سرائے خلد نیست
تا میسر ہست ایں ما را ہوائے خلد نیست

یا الٰہی کچھ نہیں کھلتا یہ کیا اسرار ہے
ایسی بزم عیش میں کیوں رنج کا اظہار ہے

اک طرف جوش مسرت سے خوشی کی ہے نمود
اک طرف پر آب اپنی چشم دریا بار ہے

ہاں مگر مرحوم بیک کے مرگ کے ہنگام سے
رنج و غم کا ہر شہ کی شکل سے اظہار ہے

ساقی میخانۂ کالج کے جام فیض سے
آجتک ہر پیکش علم و ہنر سرشار ہے

یونین پر جو عنایت خاص تھی مرحوم کی
اُسکا شاہد انجمن کا ہر در و دیوار ہے

ایسے محسن کو یکایک کر دیا ہمسے جدا
دیکھنا کیسا زمانہ برسر پیکار ہے

بیک کے مرجانے سے کیا ویران جلسا ہو گیا
خاک میں ارماں ملے خونِ تمنا ہو گیا

ہمتو سمجھے تھے کہ جلسہ اپنا ویراں ہو گیا
خوبیٔ قسمت سے لیکن لطف یزداں ہو گیا

افسر اعلیٰ ہوئے مارٹیسن ذی علم و شاں
سُنکے یہ جامے سے باہر ہر مسلماں ہو گیا

آپکے اسلام پر احسان سارے دیکھکر
ہر مسلماں خود بخود ممنونِ احساں ہو گیا

مذہبی فساد سے جو اوس زمانہ میں بغداد میں اکثر برپا ہوا کرتے تھے چھوڑا دیا اور اُنکی مسجد اونکو دلادی تھی۔ یہ بات قرین قیاس ہے کہ ابو العلاء نے بتوسط قاضی ابو طیب کے ابو الحامد سے ضبط شدہ جہاز کی رہائی میں مدد چاہی ہو اسی غرض سے ابو العلاء نے اپنی ایک نظم میں اونکی طرف خطاب کیا ہے جسمیں اوس نے قاضی موصوف کی نسبت اپنے خیالات کو ایسی عالمانہ تلمیحات کے ساتھ بیان کیا ہے جنکے سمجھنے میں اون کے مخاطب کو بھی بہت دشواری ہوئی ہوگی۔ جو مدد کہ ابو الحامد سے چاہی گئی تھی اوسکو یا تو دراصل وہ ندیسکتے تھے یا اونہوں نے قصداً اُس سے پہلو تہی کی مگر بعد کو ابو العلاء کا کام ایک شخص مسمی بہ احمد بکری کے ذریعہ سے نکل گیا جسکی عنایت کا شکریہ ابو العلاء نے اپنی اُس نظم میں ادا کیا ہے جو اُس نے معرہ کو واپس آنیکے بعد لکھی تھی۔ باقی آیندہ

ترکیب بند

جو مسٹر فضل الحسن صاحب یونین کلب کے سالانہ جلسے کے موقعہ پر پڑھا

پھر بہار آئی چمن پھر رنگ دکھلانے لگا — پھر دلونکو سیر گلشن میں مزا آنے لگا
نالۂ بلبل سے پھر بیچین دل ہونیلگے — پھر بیان شکوۂ گل دلکو تڑپانے لگا
ترک مے کو مدتیں گذری نہیں لیکن آجکل — پھر وہ لطف ساقی بتخانہ یاد آنے لگا
ہر دل پژمردہ میں جوش مسرت بھر گیا — صور تو پھر رنگ شادی جلوہ دکھلانے لگا
ہے در و دیوار کالج کا نرالا رنگ آج — یونین انداز ہی کچھ اور دکھلانے لگا
یونین کا جلسۂ سالانہ شاید آگیا — ہاں جبھی تو نغمۂ شادی ہر اک گانیلگا

محفل رندانمیں جام بیخودی کے دور ہیں
اِس شب عشرتمیں روز عید کے سب طور ہیں

کرے اور یہ کوئی غیر معمولی بات نہیں ہے کہ ایک ایسے شخص نے جسکو اپنے صوبہ میں کسیقدر شہرت حاصل ہوگئی تہی دار السلطنت (بغداد) میں جاکر قسمت آزمائی کرنا چاہا ہو ہمکو ایسے بہت سے اشخاص کا علم ہے جو بغداد اس قصد سے گئے ہیں گو کہ ابو العلاء کی والدہ نے اِس ارادہ میں اوسکی ہمت نہ بڑہائی ہو تاہم اُسنے اسکو پسند ضرور کیا اور ابو العلاء کے ایک ماموں نے سفر خرچ ادا کیا۔ ابو العلاء نے قاضی ابو طیب طاہر کے نام ایک خط لکہنا شروع کیا تہا جسمیں اُس نے قاضی صاحب کے عشرۃ کدہ پر آنیکی اُنکو اطلاع دی تہی لیکن اِس امر کے معلوم ہونے سے کہ وہ عشرۃ کدہ کیا تہا یعنی وہ ایک ایسے شخص کا مکان تہا جو اپنا لباس فاخرہ ہوتے وقت اپنے مکان سے لباس کا کام لیتے تہے ابو العلاء نے اوس خط کو ختم نہیں کیا اور وہ مکتوب الیہ کو نہیں پہونچا لیکن وہ خیالات جو اُس خط میں ظاہر کئے گئے تہے وہ کسی دوسرے موقعہ پر استعمال کرنیکے لایق تہے اور وہ موقعہ بہی تہوڑے دنوں میں آگیا بغداد کے سفر میں ابو العلاء کو بہت سی سختیاں برداشت کرنا پڑیں۔ قادصیہ پر اُسکے جہاز کو ایک سلطانی افسر نے پکڑ لیا اور ابو العلاء کو باقی ماندہ سفر جسطرح ہوسکا پورا کرنا پڑا۔ ابو العلاء نے شہر کے ایک پُرانے حصہ میں جسکو کویقط ابن غالب کہتے ہیں مکان لیا اِس لئے کہ یہیں بڑے اور اہل علم بہی رہتے تہے۔ قاضی ابو طیب نے خیر مقدم کے طور پر مدحیہ اشعار اوسکو لکہکر بہیجے جنکا جواب ابو العلاء نے بہی نظم میں دیا۔ ابو طیب ابو الحامد اصفہانی کے شاگرد تہے جنکی فقہ کی شہرت اوس زمانہ میں معراج کمال کو پہونچی ہوئی تہی اور جو اسوقت تک فلسفہ اور اُصول فقہ کے امام مانے جاتے ہیں۔ اوسی زمانہ میں سلطان نے ابو الحامد پر اپنی عنایت کا اظہار اس طرح پر کیا کہ اُنکو

ایک سرکاری تحریر کے جواب میں ہے جو کہ معرہ کے باشندونکے نام تھی خلیفہ مصر کے
دبار میں جب المغربی کا عروج ہوا تو اوسکو اوس شہر سے تعلقات تازہ کرنیکا خیال
پیدا ہوا جسمیں اوسکا نام بھلائی کے ساتھ لیا جاتا تھا۔ اگرچہ اوس خط کے جواب میں
ابو العلاء نے اپنے ہم وطنونکا ذکر کچھ زیادہ معزز الفاظ میں نہیں کیا ہے لیکن اوس سے
یہ ضرور ظاہر ہوتا ہے کہ اُسوقت ابو العلاء اپنے وطن میں معزز اور ممتاز خیال کیا
جاتا تھا۔ اوس کے خطوط کی جو عزت کی گئی اوس سے ابو العلاء کے مرتبہ کا یقین
کامل ہوتا ہے۔ اگرچہ المغربی کی شہرت بحیثیت ایک مدبّر کے تو کچھ زیادہ نہیں تھی لیکن
جو منصب اوسکو دیا گیا تھا اوسکے مہتم بالشان ہونے سے معلوم ہوتا ہے کہ
بحیثیت اہل قلم ہونیکے وہ اعلیٰ درجہ کے لوگوں میں خیال کیا جاتا تھا۔ اِسی زمانیکے
اخیر میں لولو، حاکم حلب خلیفہ مصر کا باج گذار ہونے پر راضی ہوگیا تھا۔ ۳۹۹ھ میں
اُسنے قضا کی اور اوسکا بیٹا جو عرصہ سے انتظام سلطنت میں اپنے باپ کا شریک
رہا تھا اوسکا وارث ہوا۔ ابو نصر کے تخت نشیں ہونے سے پیشتر وہ واقعہ پیش آیا
جسکی وجہ سے ابو العلاء کو بغداد کا سفر کرنا پڑا۔ یہ بیان کیا جاتا ہے کہ حاکم حلب نے
ابو العلاء کی پنشن پر جھگڑا کیا اور اپنے دعویٰ کو ثابت کرنیکے واسطے وہ بغداد کو گیا
لیکن یہ بیان اشکال سے خالی نہیں ہے اسواسطے کہ اوس زمانہ میں حاکم حلب
قاہرہ کا ماتحت تھا نہ کہ بغداد کا۔ مگر اتنا تو معلوم ہوتا ہے کہ پنشن بند ہونیکی وجہ سے
ابو العلاء کو معرہ چھوڑنا پڑا اگو ہم یہ نمانیں کہ وہ اوسکے دوبارہ جاری کرانیکی غرض سے
بغداد کو گیا تھا۔ ابو العلاء کے خطوط اور نظمونمیں پنشن کا کچھ ذکر نہیں ہے لیکن اُنسے
یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ بغداد کو اِس غرض سے گیا تھا کہ وہاں مستقل طور پر سکونت اختیار

ابو العلاء معری کی لائیف

سلسلہ کیلئے دیکھو محمڈن کالج میگزین بابت ۱۵ دسمبر ۱۸۹۹ء

اپنی تعلیم ختم کرکے جب ابو العلاء معرہ کو واپس آیا تو ایک وقف کی جائداد سے اوسکا تیس دینار سالانہ وظیفہ مقرر ہوگیا لیکن یہ رقم ایک مدحیہ قصیدہ کے صلہ سے بہی کم تہی اور اس میں سے بہی ایک خادم کا جسکو ابو العلاء کی نابینائی نے اوس کے واسطے لازمی کردیا تہا حصہ ہوتا تہا۔ ایسے وقت میں جبکہ حاکم حلب مصری افواج کے مقابلہ میں معرکہ آرا تہا اور اوس نے اہل یونان سے مدد چاہی تہی تو ہمکو یہ سوال کرنیکا کوئی موقعہ نہیں ہے کہ حلب کے زیر حکومت شہروں کے باشندے کیوں اسقدر مفلس ہوگئے تہے۔ غالبًا سعید الدولہ اول اوسکے داروغہ محل لولو کے مطالبوں کی وجہ سے ۳۸۶ھ میں معرہ کے باشندوں نے ریاح السیفی باغی کے بہکانے سے علم بغاوت بلند کیا اور مصریوں سے جاملے۔ اور غالبًا باشندگان معرہ کی رہائی اوس مصری وزیر کی وجہ سے ہوئی جسکے بیٹے کے نام ابو العلاء کے مکتوبات کا پہلا اور دوسرا خط موسوم ہے۔ بہت سے قصیدہ جو سقط الزند میں شامل ہیں وہ اسی ۳۸۶ھ اور ۳۹۹ھ کے درمیانی زمانہ کے ہیں۔ یہ بہی ظاہر ہے کہ پہلا خط المغربی کے

The M. A.-O. College Magazine is published fortnightly for 10 months in the year. The Annual Subscription is Rs. 4 for which subscribers will receive 20 Numbers post free. Subscriptions are payable in advance. If subscribers desire it the first number will be sent them per V.P.P.

Terms for advertisements on application.

All communications should be addressed to the Manager, the M.A.-O. College Magazine, Aligarh.

ایم ای او کالج میگزین سال میں دس ماہ اور ہر مہینے میں دو مرتبہ شائع ہوتا ہے

سالانہ چندہ مبلغ چار روپیہ مع محصول ڈاک ہے

اس چندہ کے ادا کرنے پر خریداروں کو سال میں ۲۰ پرچے میگزین کے ملینگے اگر خریدار خواہش کریں تو اول پرچہ بزریعہ ویلیو پے ایبل ارسال کیا جاسکتا ہے

اشہارات کا نرخ بزریعہ خط و کتابت کے معلوم ہوسکتا ہے

کل خطوط وغیرہ "مینجر-ایم-ای-او کالج میگزین علیگڈھ" کے پتہ سے آنے چاہیں

جدید سلسلہ
جلد ۸

۱ و ۱۵ فروری سنہ ۱۹۰۰ ع

نمبر ۳ و ۴

محمدن اینگلو اورینٹیل کالج میگزین و علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ

فہرست مضامین اردو

۱—ابو العبد صعری کی لائف

۲—ترکیب بند

۳—قوموں اور جماعتوں کے ضعیف العقل ہونیکی علامتیں—از خواجہ غلام الثقلین صاحب بی اے ایل ایل بی

۴—بوعلی سینا کی مختصر لائف

۵—بک ریویو

۶—ریویو

New Series
VOL. VIII. March 1st, 1900. No. 5

THE M.A.O. COLLEGE MAGAZINE,

AND ALIGARH INSTITUTE GAZETTE.

CONTENTS.

1. Address by Nawab Syed Husain, Bilgrami.
2. College News.
 (1) Results of University Examinations Intermediate and B.A.
 (2) Personal.
3. The University Tournament.
4. The Roorkee Match.

PRINTED AT THE C. C. MISSION PRESS, CAWNPORE.

THE DUTY SHOP, M.A-O. COLLEGE, ALIGARH.

We have in stock all the works of standard authors of Urdu literature chiefly of Sir Syed, M. Hali, M. Shiblie M. Nazir Ahmed, M. Azad, Nawab Mohsin ul Mulk, Haji Ismael Khan, Dr. Gulam Husain, Abdul Halim Sharar and several other authors of renown. The complete list of books in stock can be supplied *gratis* on application to the Manager. The attention of the Public is invited to the following recent publications :—

	Rs.	As.	P.
Dawat-i-Islam *i. e.* the Urdu Translation of the preaching of Islam by Professor T. W. Arnold.	3	0	0
Alfaruq by M. Shiblie.	3	8	0
Darbar-i-Akbaree by M. Mohammed Hussain Azad.	3	0	0
Albaramika by M. Abdul Razzaq.	2	4	0
اسمیں خالص فاسفرس ۱/۱۰۰ گرین اور اکسٹریکٹ آف ڈیمیانہ و کوکا و کچلا و خوشبودار اجزا ہر ایک خوراک میں کامل طور پر تحلیل ہوئے ہیں۔

خوراک ایک ایک چمچہ چائے یا ۱۰ بوند تھوڑے سے پانی میں ملا کر دو یا تین دفعہ کھانیسے نصف گھنٹہ بعد استعمال کرنا چاہیے

فائدہ اور استعمال اسکا مثل مرکب مذکورہ بالا کے ہے اس مرکب کی بنا میں کنی بس ٹانیکا کی بجائے جو ہماری مشہور مذکورہ بالا گولی میں ہے نگس ولمیکا ملایا گیا ہے اور یہ عضلاتی بیماریوں میں نہایت مفید پایا گیا ہے قیمت فی بوتل ۱۰/۸ دو روپیہ آٹھ آنہ۔

ای پلومر اینڈ کمپنی دافروشان لاہور شملہ

(شیخ

عقل سے کام لینا چاہیئے۔ اُن کو عورتوں کی تعلیم کا خیال کرنا چاہیئے۔ جو مذہبی طور سے ہو اور جو پاک ہو۔ جو روحانیت کے دریا میں سے صاف کر کے بخشی جائے یا اللہ ہمیں بصارت دے۔ ہمارے دلوں کو ایمان علم کا مخزن بنا دے۔ ہماری قوم میں عقل اور تحقیقات کا مادّہ پیدا کر دے۔ ہم میں سے نفرت کو نکال دے تاکہ ہم تیری مخلوق کو بُرا نہ سمجھیں اور عورتوں کے حقوق کو مدِ نظر رکھیں۔

خاکسارانِ جہاں را بحقارت منگر۔
تو چہ دانی کہ دریں گرد سواری باشد

راقم وادیٔ خیال کا شیدا

سید شاہ محمد نذیر غازی پوری
سابق طالب علم مدرسۃ العلوم مسلماناں علی گڈھ

قیام کرکے اپنا خیال یوں ظاہر کیا" میرا خیال ہو بہو ایسا ایسا تھا جیسا کوئی لڑکا سمندر کے
کنارے کھیلتا ہو اور کبھی اُسکو عمدہ پتھر ملگیا اور کبھی سیپ ہاتھ آگئی۔ میں بھی قاموس علم کے
کنارے کھیلنے میں مصروف ہوں اور کچھ کچھ اس کے خزائن سے ہاتھ لگا۔ لیکن قاموس
ہرا کا بھرا رہا اور مجھے خبر نہیں ہوئی کہ اس میں کیا ہے کیا نہیں" واقعی کچھ عجیب لطف ہی
کچھ نرالا ہی مزہ ہے اِس کوچہ کا۔ جب تاریخ پر نظر جاتی ہے تو وہاں بھی اسکا کرشمہ نظر آرہا
ہے۔ مصریوں نے جو ترقی جس حد تک کی وہ ضائع نہیں کی گئی۔ گو قوم معدوم ہوگئی۔ یہی
حال ہے یونانیونکا۔ گویا وہ ایک چھوٹی سی چیز چھوڑ گئے اور دوسروں نے اُسکو اُٹھا کر بڑی
سی کرلیا۔ یا ایک ترقی کا نقشہ کاغذ پر کھینچدیا اور دوسروں نے اُسکو رنگ دیکر اور پکا کرلیا۔
یعنی کل انسان ایک راستہ کیطرف چلے جارہے ہیں اور ایک دوسرے سے مدد لیتے ہوئے ایک ہی
راستہ کو صاف کررہے ہیں پھر جب ہم انسان ایک ضروری کام کو اپنے ذمہ میں لے رہے ہیں
تو اُس کے اختتام اور تکمیل کا بھی ضروری خیال ہو جو عورتونکی تعلیم سے انجام کو پہنچ سکتا ہے
اور سو ہین ہیں۔ انسانی بہبودی جس کا حاصل کرنا ضروری ہے دو قدرتی
ہاتھ (مرد و عورت) سے تکمیل کے زینہ تک پہنچ سکتی ہے علاوہ اِس کے
عورتوں کو شائستہ بنانا۔ اُن کے خیالات کو مہذب بنانا اُن کے مذاق کو
درست کرنا ہمارا فرض ہے جو بغیر تعلیم کے ہو ہی نہیں سکتا۔ اب اپنی غلطیوں کو
محسوس کرنا چاہیئے اور اُس کے دفعیہ کی صورت پیدا کرنی ضروری ہے۔ عوام
یا جنکی آنکھیں بند ہیں تعلیم نسواں کو بُرا کہیں کیونکہ وہ تعلیم ہی کو بُرا کہہ رہے ہیں
نہ کہ پھر یہ۔ جنکی عقل سلیم ہے۔ جنکے ہوش و حواس درست ہیں۔ جن کی تاریخ
انسانی پر نظر ہے۔ جو انسان کی ترقی کے کیلنڈر پر آنکھ لگائے ہوئے ہیں اُنکو

خوئی بد در طبیعتی کہ نشست نرود جز بوقت مرگ از دست

اِس لئے اولاد کو اگر ہونہار بنانا منظور ہو تو عورتوں کی تعلیم کی ضرورت سمجھو ورنہ اولاد بغیر علم کے گوشت کا لوتھڑا ہے۔ جو آیندہ حادثات کی آگ میں جل بھنکر رہ جائیگا۔ شروع تمہید میں قدرت کے کارخانہ کا ذکر آچکا ہے اور عقل کی گویائی کا بیان ہوچکا ہے۔ اِس لئے یہاں اِس کا چھیڑنا ٹھیک نہیں۔ رہا اُس دانشمند کا جواب اِس کو اور صاف کئے دیتا ہوں۔ گڈ مادرس۔ اور گڈ سنس۔ (اولاد صالح) کا تعلق نہایت زبردست ہے۔ گویا دوسری زندگی پہلے پر منحصر ہے۔ کیونکہ اصلی چشمہ کا پانی اگر گندہ ہوگیا ہے تو اس کا پانی بھی خراب ہوجاتا ہے۔ جب ایک چیز کے جزو اچھے نہیں تو اُس کے مرکبات بھی اچھے نہیں۔ علاوہ اِس کے قدرت کے کارخانہ کا تماشہ ہمیں اس دنیا میں دیکھنا ہے۔ کوئی بغیر علم کے ٹکٹ کے اس کے دروازہ پر نہیں آسکتا۔ کیوں نہ عورتیں اِس کے دیکھنے کے لئے آئیں۔ اور کیوں نہ قدرتی جواہرات کا سودا کریں۔ ہر زمانہ ایک ٹرین کی طرح کسی خاص مقام کی طرف چلا جارہا ہے۔ اور روز بروز نئی ایجاد کا سامان بڑھاتا جارہا ہے۔ کیوں صرف مردوں کے دماغ اسمیں کام کریں۔ کیوں نہ عورتوں کے دماغ اسکے لئے قابل بنائے جائیں۔ اور اِس قدرت کے طلسم کا کھیل دیکھیں۔ جب ہم انسانی بہبودی کے ذرایع پیدا کرنے میں مصروف ہیں تو کیوں نہ ایک اور جنس کو اُس میں شریک کریں۔ جو ہمارے ہی علم کے ذریعہ سے جہاز بناکر ایجاد کے امریکہ میں قدم رکھہ سکتے ہیں نیوٹن جس نے خیال کی ہوا میں خوب پر مارے ہیں اپنی کوشش کی منزلیں

ایسی کوشش کیجائے کہ روحانی صفات کا بھی اثر پڑے۔ کیوں نہ اس کے آب و ہوا کا جو روحانیت کے باغ سے ہو کر آرہی ہے اِس کے جسم پر اثر پڑے۔ ایسی حالت میں بچہ جس گہوارہ میں سو رہا ہے اُس کی حالت درست ہونا لازم ہے ماں شبنم کی طرح ہے۔ اولاد چھوٹے چھوٹے پودوں کی طرح ہے۔ اگر شبنم کی فطرتی قوت درست نہیں ہے تو اس کا کیا اثر پڑ سکتا ہے۔ کیا پتّیوں میں رنگ آئیگا۔ اور کیا بہار آسکتی ہے۔ شبنم صرف اِسی واسطے قدرت نہیں گراتی ہے کہ موتی کی طرح سبزے میں چمکے بلکہ اُس کی اندرونی ترقی کیلئے۔ لڑکے کی ماں بھی یہی اپنا فرض نہ سمجھے کہ لڑکا تندرست ہے یا بیمار ہے بلکہ جب وہ ذرا سا ہوشیار ہو تو اُس کی اندرونی تندرستی کا اُس کو خیال کرنا چاہیے۔ لہذا ماں کی ابتدائی تعلیم بہت ضروری ہے۔ وہ اُنہیں بہادری کی کہانیاں سنا کر حلم اور شجاعت کا پر بہار چہرہ دکھلا سکتی ہے۔ وہ اُن میں سلف کے مٹے ہوئے کارنامے کو دکھلا کر ترقی کا خیال اور ولولے پیدا کر سکتی ہے۔ وہ اُنہیں پیار سے اپنی لوریوں میں اچھی عادتوں کا جادو بھر کر خوش کر سکتی ہے۔ ورنہ کیا اولاد صالح ہوگی۔ اور کیا وہ اپنے مذہب کے دلفریب منظروں سے آشنا ہوگی۔ کیا وہ اسلام کی مستحکم بنیادوں سے جس کی حد زمین کی تہ تک پہونچی ہے۔ جس کی بلندی آسمان تک۔ کہاں سے وہ آنکھیں لائیں گے کہ ایسی بلند عمارتوں کو دیکھیں گے کیسے وہ روحانیت کو اور اُس کی دائمی خوشیوں کو جان سکیں گے۔ واقعی جو نام جو لقب جو عادت بچپن میں پڑ گئی وہ آیندہ اسکے کتاب اخلاق اور طرزِ معاشرت کی ایک داستاں ہو گی ؎

بڑی موٹی سی بات ہے کہ ایک جانور کو جب کچھ سکھانا ہوتا ہے تو کیا وقت پیش آتی ہے اور کس طریقہ سے سکھاتے ہیں اور اُس کا کیا اثر پڑتا ہے۔ نہ کہ انسان کو انسان بنانا۔ یہ کچھ آسان بات نہیں ہے۔ کیونکہ صرف ورق گردانی سے اصلی جوہر علم نہیں حاصل ہو سکتا۔ بغیر اعلیٰ تعلیم۔ بغیر اعلیٰ صفات کے وہ مثل آب شور کے ہے پانی تو موجود ہے مگر بیکار۔ کوئی استعمال نہیں کر سکتا۔ نئی پود۔ نئی نسل کی درستی دونوں ہاتھوں کی کوشش سے ہو سکتی ہے۔ اِس لئے عورت کا تعلیم یافتہ ہونا ضروری ہے۔ اگر مرد اچھا ہے اور عورت خراب تو اولاد کے بگڑ جانیکا زیادہ ڈر ہے کیونکہ جس کھیت کی زمین خراب ہے اُس کا بیج کہانتک اثر لائیگا۔ جس چمن کی آب وہوا درست نہیں تو کیا نفیس درخت پیدا ہونگے۔ کیا اِس میں تروتازگی ہوگی۔ کیا پھلیں پھولیں گے۔ ویسا ہی اولاد کو سمجھنا چاہیئے۔ جب اِن کے قدرتی جوہر سے قومی جسم کو آراستہ کرنا ہے۔ جب ان کے دماغی خوشنما پھول سے فلسفہ۔ تاریخ اور اعلیٰ علم سائنس کے ہار بنا کر اپنے ہی گلوں میں ڈالنا ہے تو کیوں نہیں ہر طرح سے کوشش کریں۔ بچپن کا زمانہ مثل نرم شاخ کے ہے۔ ذرا سی تکلیف میں جیسا چاہیں کرلیں۔ یہ مُسلّم ہے کہ بچپن کا زمانہ ایسا ہوتا ہے کہ جس رنگ میں چاہے رنگ لے۔ جیسا چاہے بنالے۔ خواہ مرد شمشیر بنالے۔ خواہ اہل قلم۔ یا اور جس سانچہ میں ڈھالنا چاہے ڈھال لے۔ تو پھر ایسی مدت کو بڑی کوشش سے صرف کرنا چاہیئے۔ یہ تو سب ہی کو معلوم ہے کہ اِن ایام میں والدہ ہی رہنمائی کرتی ہے۔ اُسی کے زیر اہتمام اُس کے ہاتھ و پیر بڑے ہوتے ہیں۔ اُسی کی کوشش سے بچہ زندگی میں آتا ہے اور اپنا ہاتھ و پیر مارتا ہے۔ تب کیوں نہ

علم کی بدولت خدا کی قدرت کا نمونہ دیکھو۔ علم کو علم سمجھو۔ مذہب کو مذہب۔ اگر علم کوئی خراب یا زہریلی شے ہوتی ہے تو اس کا اثر ہر ایک پر زہریلا کیوں نہیں پڑتا ہے۔ لیکن ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ جو چیز مثل آب حیات کے ہی وہ مرد و عورت دونوں کیلئے آب حیات ہے۔ تعلیم ہی ایک ایسی چیز ہے جو چلنا۔ پھرنا۔ کھانا۔ پینا۔ اُٹھنا۔ بیٹھنا بتاتی ہے۔ بچہ جب پیدا ہوتا ہے تو اُس کے زبان ہی ہوتی ہے۔ ہاتھ و پیر ہی ہوتے ہیں۔ لیکن وہ اُس وقت بیکار ہوتے ہیں۔ کیونکہ بچہ بول نہیں سکتا۔ چل نہیں سکتا اسی طرح اگر ہم اپنی سوسائیٹی کی حالت کو خیال کریں اور یہ کہیں کہ بغیر تعلیم کے وہ اپنی بچپن کی حالت میں رہتی ہے تو بجا ہے۔ علم کی تعریف اور ضرورت سب پر روشن ہے۔ یہاں کوئی موقع اس کے طول دینے کا نہیں ہے۔ اِس لئے اب عورتوں کو دیکھنا چاہیئے کہ وہ کیا ہیں۔ عورتیں سوسائیٹی کی ایک جزو ہیں۔ مرد و عورت قومی جسم کی دونوں آنکھ ہیں۔ یہ آسمان سوسائیٹی کے چاند و سورج ہیں۔ اِس میں سے ایک دوسرے کو مدد دے سکتا ہے۔ ایک دوسرے کی رفاقت کر سکتا ہے۔ اب قدرت نے ہمارے فائدہ کیلئے جس چیز کو بنایا ہے اُس سے کام لینا فرض ہے پھر ہم جب کسی شخص سے اپنا کام لینا چاہتے ہیں تو پہلے اُس کو اپنے رنگ میں رنگتے ہیں اور اپنے خیالات کا عکس ڈالتے ہیں تب کہیں جا کر وہ کام ٹھیک ہوتا ہے۔ اسی ڈھنگ کو عورتوں کے ساتھ برتنا چاہیئے۔ اور جب ہم ان کو سوسائیٹی کا رکن سمجھکر اُن سے کچھ کام لینا چاہیں گے تو ضرور ہے اُنکے عادات اور اطوار کو درست کریں جو بغیر تعلیم کے نہیں ہو سکتے۔ اب ہمارا فرض ہے کہ ہم اُنکی دلی خواہشات کو علم کے صاف پانی سے دھو کر صاف کریں۔ ان کی ہر بات کو موزوں بنائیں۔

تم جاہل رہو۔ کب قرآن پاک کہتا ہے تم اور تمہاری عورتیں جاہل رہیں۔ لطف تو یہ ہے کہ ہم آیات نقل کرتے ہیں اور کہتے ہیں تعلیم النسوان کوئی اچھی چیز نہیں ہے۔ خوب آپ ایک بڑی کتاب میں سے جس کے ہزاروں ورق ہیں ایک جملہ نکالکر رکھدیجئے تو اس سے کیا ہوتا ہے۔ کیا وہ جملہ اس کتاب کے کل مطالب پر دلالت کرسکتا ہے۔ کیا ایک ذرا سا ٹکڑا کل مضمون کی اصلی چاشنی کو بتلا سکتا ہے۔ اگر ہم بجائے مبتدا اور خبر کے صرف مبتدا کہیں تو کیا خبر معلوم ہو سکتی ہے۔ ہرگز نہیں۔ اسی طرح قرآن پاک نے جو ہمارا زندہ رہنما ہے جس کے ہر لفظ میں فلسفہ و تاریخ بھرا ہے ہمارے حقوق کی حفاظت کی ہے۔ ہمیں آزادی ہی دی ہے۔ اور ہمارے اختیارات کو محدود ہی کیا ہے۔ جب ہمارے دنیاوی قانون میں اس قسم کی باتیں ہیں اور اس انسانی قانون کو اس اصول پر کہتے ہیں کہ ہمیں آزادی ہی دی ہے اور ہمیں ایک دائرہ میں محدود ہی کیا ہے تو پھر ایک ایسے قانون میں جو آزادی کی منزل میں اُفق کی طرح وسیع ہے اور اختیارات کی معقول صورت پیدا کرنے میں لاثانی ہے ایسی باتیں کیوں نہ پائیں جس کی مثال عرب کی تاریخ میں پاتے ہیں۔ وہ کیا قانون تھا جس نے عرب ایسی وحشیوں کی کج طبیعتوں کو اپنے رنگ میں رنگ کر ایسا کھرا مذہبی آدمی بنا دیا کہ جس کا نشان کسی خطہ پر نہیں ملتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی آزادی ایسی دی کہ تمام دنیا کے خزانے کی کنجی سپرد کردی۔ پھر ایسا قانون اور وہ تعلیم کو بُرا کہنے تعجب ہے۔ ہرگز قرآن پاک تعلیم کے خلاف نہیں ہے۔ اگر ہوتا تو قرآن مجید ان حروف۔ ان پُرمعنی الفاظ۔ ان فصیح جملوں میں نہ نازل ہوتا۔ بلکہ لکڑی کے حروف میں یا اور کسی دوسری شکل میں۔ اس کا خاص منشا یہ ہے کہ

بتلایا۔ آج بعض پُرانے دقیانوسی خیال والونکو جب کبھی تعلیم یافتہ گروہ کا سامنا ہوجاتا ہے تو بُرا کہنے پر آمادہ ہوجاتے ہیں افسوس۔ اور ہزار افسوس کہ ہم میں سے تحقیقات کا مادّہ زائل ہوگیا اور ہم اس تعلیم یافتہ گروہ کو جس میں سچائی کی تلاش ہے اور جس میں ہر شے کے پرکھنے کی قوت ہے اُسے بُرا کہتے ہیں۔ ؎

آں سلف را ما خلف باشیم تنگ و دو داں

وا دریغا ای سپہر و صد دریغا ای زمیں

کیا زبردستی کی بات ہے کہ مردوں کو تعلیم دی جائے۔ مرد تو اس نعمت سے فائدہ اُٹھائیں اور عورتیں اِس سے محروم رہیں۔ ہم تعلیم نسواں کے خلاف ہوکر اپنے کانشنس ہی کو صرف نادم نہیں کرتے بلکہ نیچر کے ایک زبردست اُصول کو توڑتے ہیں۔ کیونکہ نیچر کی نظروں میں افریکن ہو امریکن ہو یا انڈین ہو سب ایک ہیں۔ اِس طریقہ سے علم کافر اور مسلمان سب کیلئے یکساں ہے۔ کچھ یہی نہیں ہے کہ اگر مسلمان پڑھیں تو انہیں کیلئے موجب خیر ہو۔ اگر ایسا ہی ہوتا تو ہر قوم میں فلاسفر ہسٹورین کہاں سے ہوتے۔ اِس لئے کسی خاص جنس۔ کسی خاص قوم کیلئے علم مخصوص نہیں ہے۔ بلکہ قدرت کی نعمت ہے جو سب کیلئے برابر ہے۔ یہ ایک شاداب اور سایہ دار درخت کی طرح ہے۔ جو اِس کے نیچے آئیگا وہ اِس کے سایہ سے آرام اُٹھائیگا۔ غرضکہ تعلیم کو عورتوں کے حق میں بُرا سمجھنا ایک نیچرل لا کی نافرمانی کرنی ہے۔ اسلام نے صاف لفظوں میں کہدیا ہے۔ سیکھو۔ پڑھو اور قدرت کی ہر شے سے سبق لو۔ اسی دنیا کی یونیورسٹی میں ہمکو چھوڑ دیا ہے۔ پڑھنے کیلئے محنت کرنیکے لئے۔ ڈگری حاصل کرنیکے لئے اور اس کا پھل اُٹھانیکے لئے۔ کب قرآن پاک کہتا ہے کہ

جو مردہ قوم کو زندہ کر سکتی ہے۔ اُس نے جواب دیا کہ گڈ مارننگ۔ سائل یہ سن کر سوچ میں پڑ گیا اور یہ غور کرنے لگا آیا اچھے لباس سے مراد ہے یا تناسب اعضاء سے بعد تھوڑی دیر کے اُس کی قوت اعلیٰ نے یہ سمجھا دیا کہ علم کے لباس اور اس کی نیت سے مراد ہے۔ یہ مختصر سا جواب ہے اور اس میں ہزاروں معنے پوشیدہ ہیں۔ یہ ایک معمولی سا فقرہ ہے لیکن روشن ضمیر کے نزدیک تمدن کا سرنامہ ہے۔ ہم بھی اس کو ایک اچھا خیال سمجھکر کچھ بیان کرنا چاہتے ہیں۔ اگر دنیا کے تمام آدمیوں کو غور سے دیکھیں اور اُنکے جذبات کا اُن کے خیالات کا موازنہ کریں تو بڑا اختلاف پائیں گے اور ہر ایک کو ایک نئے قدرتی تخالف کا نمونہ پائیں گے۔ گو یہ اختلاف عظیم ہے۔ لیکن سب کو قدرت کی آراستہ کی ہوئی محفل میں پائیں گے۔ سب کو نیچر کے باغ کا ایک پھول پائیں گے۔ اِس محفل میں دنیا کے اسٹیج پر ایک نیچر کا اعلیٰ سے اعلیٰ مقرر جس کا نام علم ہے اور جو اپنے ہاتھ میں عقل کی زرّیں کتاب لئے ہوئے ہے بڑی گویائی سے لکچر دے رہا ہے۔ جو اِس جادو بیان کے کلام پر اپنا کان لگائے ہوئے ہیں وہ اپنی ہر امید کے گوشے کو نا امیدی کی خاک سے پاک کر رہے ہیں۔ وہ اپنے دل سے تعصب کا برا خیال نکال رہے ہیں۔ غرضکہ ہمارا رہنما علم ہے جس سے مذہب مذہب کہلایا جا سکتا ہے اور دنیا ایک اصلی دنیا کہلائی جا سکتی ہے۔ علم ہی نے ہمیں وہ چیزیں بخشی ہیں جنسے ہم صدیوں تک فخر کریں گے۔ پھر یہ ایک ایسی شے ہے اور ایسی لاثانی جس کا کوئی ہم پلّہ نہیں اِس کو ہم ایک کیلئے مفید دوسرے کے لئے مضر بتلاتے ہیں۔ ہماری قوم کی بدبختی ہے کہ ہمیں اچھی چیز بُری معلوم ہوتی ہے اور بُری چیز اچھی۔ علم جس کو تمام زمانہ نے اچھا مانا اور ہر شخص نے اسے باعث خیر

وسیع گھاس کی جنگل میں واقع ہے جہاں کثیر التعداد چٹانیں بکھری پڑی ہیں۔ دن کے وقت تو ان پتھروں کی گرمی نزدیک کے گھاس سے بہت زیادہ ہوتی ہے اور اس لئے کچھ گرم کچھ سرد ہوا ہلکی وبھاری ان دونوں سے نکلکر اوپر کو چڑھتی ہے اور آبشار کی آوازوں کو خواہ مخواہ ہوا کی ان متواتر ستونکو طے کرنا پڑتا ہے جو مختلف الوزن ہیں اور کثافت میں بھی برابر نہیں اس لئے بہت سی عکسوں کیوجہ سے جیسے جیسے آگے بڑھتی ہیں سست پڑتی جاتی ہیں۔ رات کیوقت گرمی وسردی کا اختلاف نہیں رہتا لہذا آواز ایک موافق فضا میں پھیلتی ہوئی بغیر کچھ کمی کے ہماری کانوں میں آتی ہے۔ جس جگہ لوگوں کی بہت آمدرفت نہیں رہتی ہے ایکو کی آواز میں اکثر عجب طرح کی دھن پائی جاتی ہے۔ آواز انسانی سے بالکل مختلف ہمیں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس میں جان ڈالنے کی ضرورت ہے۔ اور کبھی یہ خیال ہوتا ہے کہ کسی بیجان شے کی مردہ آواز آرہی ہے۔ یہ کسی حد تک صحیح بھی ہے کیونکہ حقیقت میں وہ بیچاری ایکو کی آواز ہے بعض ایکو تمسخرانہ ہنسی کے ساتھ آواز کا جواب دیتی ہیں اور بعضوں کا لہجہ اُداس وغم الود پایا جاتا ہے جسکی دھن پہاڑوں کی وحشت اور جنگل کی خاموشی میں نہایت موزوں معلوم ہوتی ہے۔ جس طرح شام کے وقت گانوں کے گھنٹے کی دور کی آواز سے روح کو مسرت پہنچتی ہے اسی طرح ایکو کا بھی اثر دلپر نہایت تسکین بخش ہوتا ہے۔

عورتوں کی تعلیم اور ہمارا تعصب

خاکساریم وسخن از رہِ غربت گویم　　یعلم اللہ کہ بکس نیست غبار ما را

کسی دانشمند سے اُس کے دوست نے سوال کیا وہ کون ایسی شے ہے

بلند آوازوں کا ایکو میدانوں وکھیتوں میں نہیں پیدا ہوتا۔ رسونانس اکثر غاروں وکھوؤں میں نہایت شور کے ساتھ سنائی دیتا ہے۔ گہرے کنوئیں بی اِس کے پیدا کرنے میں بہت مددگار ہوتے ہیں قصر کریسروک میں ایک چاہ دوسو دس فیٹ گہرا اور بارہ فیٹ چوڑا ہے اِس کا اندرونی حصّہ گچ وچونے کی وجہ سی نہایت چکنا ہے۔ اگر تم اِس میں کوئی سوئی ڈالو تو پانی پر جاکر اِس کا لگنا بخوبی سنائی دیگا آواز کا عکس بادلوں سے بی پیدا ہوتا ہے۔ کھلے ہوئے میدانمیں اگر مطلع صاف ہو تو توپ کی آواز تیز لیکن تھوڑی دیر تک رہتی ہے بخلاف اسکے اگر ابر چھایا ہوا ہے تو دور کی گرج کی آواز کی طرح ایک نہایت ہی بلند صدا سنائی دیتی ہے۔

اگر آسمان بالکل کھلا ہو اور آفتاب نہایت تیزی سے چمکتا ہو تو اِس حالت میں بی موجہائے آواز کا عکس پیدا ہو سکتا ہے۔ درختوں کے سایوں۔ پانی کے بخارات اور اور سببوں سے سطح زمین کے ہر حصّہ مین یکساں گرمی نہیں پہونچتی اسی لیے بہت سی اُونچی اُٹھنے والی اور نیچے اُترنے والی مختلف الوزن ہوا کی لہریں فضا میں پائی جاتی ہیں جنکی وجہ سے موجہائے آواز جب اُن سے ہو کر گذرتی ہیں تو اتنا ہی زیادہ مرتبہ معکوس ہونیکی وجہ سے اُن کی تیزی میں بہت فرق ہو جاتا ہے۔ ہمبولڈ نے یہ معلوم کیا تھا کہ اٹورس میں دریائی اورنیکو کے عظیم الشان آبشاروں کی آواز بہ نسبت دونکے رات کیوقت بہت دور سی سنائی دیتی ہے۔ یہ فرق خاصکر ایسے ویران مقام میں جہاں جانور دن بھر خاموش رہتے ہیں اور رات ہوتے ہی ان کی ہزاروں آوازیں فضائے عالم میں بھر جاتی ہیں ظاہر انہایت عجیب معلوم ہوتا ہے مگر اِس معمے کا مطلب مذکورہ بالا قانون قدرت سی بہت اچھی طرح سمجھ میں آسکتا ہے یہ آبشار ایک نہایت

کہ اُس ظالم شخص نے اِس لئے بنوایا تھا کہ اِس میں بیٹھکر اُن بیگناہ قیدیوں کی باتیں جو متصل کی کوٹھریوں میں محبوس تھے سنا کرے۔ یہ قصّہ غالباً فرضی ہے کیونکہ قدیم مورخوں نے اِس کا ذکر کہیں نہیں کیا لیکن یہ امر یقینی ہے کہ اِس قسم کی صدا دینے والے قبہ دار محراب بسا اوقات نہایت ہی خطرناک طور سے تمام راز ظاہر کر دیتے ہیں۔ سر جان ہرشل اِسی قسم کے ایک کلیسا کا جو سسلی میں ہے ذکر کرتے ہیں کہ یہاں وہ مقام جہاں بیٹھکر پادری گناہوں کا اقرار سنا کرتے تھے اِس طریقہ سے بنایا گیا ہے کہ اقرار کرنیوالے کی پھسپھساہٹ کی آواز محدّب چھت سے معکوس ہو کر ایک ایسے مرکز میں جا ملتی ہے جو اس گرجے کے کسی دور کے حصّہ میں واقع ہے۔ یہ مقام اتفاق سے ایک شخص کو معلوم ہو گیا جو نہایت ہی خوشی کے ساتھ اُن باتوں کو سنتا رہا جن سے خیال کیا جاتا تھا کہ سوائے بزرگ پادری کے اور کوئی آگاہ نہیں ہے بعض وقت وہ اپنے دوستوں کو بھی اِس پُر لطف تماشے میں مدعو کیا کرتا تھا۔ ایک دن یہ نقل کرتے ہیں کہ خود اُسی کی بیوی اپنے گناہوں کا اعتراف کر رہی تھی اور وہ اور اُس کے دوست اُن پوشیدہ باتوں سے آگاہ ہو گئے جو کم سے کم اس جماعت کے ایک شخص کو تو از حد بُری معلوم ہوئی ہوں گی۔ مسٹر فلیمبرن کہتے ہیں کہ غبارہ میں بیٹھکر پانی کی وسیع سطح پر سے گذرتے ہوئے دلکش صداؤں کے پیدا ہونے سے ایک عجیب حیرت انگیز تماشا ہوتا ہے۔ اِس کیلئے پانی کی سطح سے بڑھکر اور کوئی زیادہ موزوں نہیں۔ خاص کر اِس وجہ سے کہ موجہائے آواز اُس سے ہوتی ہوئی نہایت صاف و بالجہر ہمارے کانوں میں آتی ہیں ہمیں سنائی دیتی ہیں۔ ہر لفظ جسے تم مصفّا سطح سے مخاطب ہو کر کہتے ہو اسی صفائی و تیزی کیساتھ پھر لوٹ کر آتا ہے حالانکہ زیادہ

مقابل کی لکڑی کے سرے پر کوئی ایسی چیز لگا دے جو جلدی سے جلجاوے (مثلاً فاسفورس یا بارود میں بھگوئی ہوئی روئی) دہکتی ہوئی گولی کے شعاؤں کا عکس اِس کے نزدیک والے آئینہ کے ٹھیک مرکز پر پڑا وہاں سے نکلکر یہ عکس دوسرے آئینہ کے مرکز پر پڑا (یہ خیال رہے کہ آئینوں کے منہ ایکدوسرے کے بالکل سامنے ہیں) جس کی سیدھ پر روئی کا ٹکڑا حرارت کا پورا اثر پاکر فوراً مشتعل ہوگیا۔ بالکل اسی طرح کی دو ہمشکل آئینوں سے آواز کے عکس کا بھی تجربہ ہوسکتا ہے کیونکہ اگر تم ان میں سے کسی آئینہ کے مرکز کے سامنے ایک گھڑی رکھدو اور دوسرے آئینے کے مرکز کے قریب جاکر اپنا کان لگاؤ تو ٹک ٹک کی آواز نہایت صاف صاف سنائی دیگی حتیٰ کہ اگر آئینے بارہ یا تیرہ گز کے فاصلے پر بھی رکھے ہوں۔ اسی طرح اگر کوئی شخص ایک پل کی محراب کے نیچے کھڑا ہوکر اور اپنا منہ کسی ستون کی طرف کرکے باتیں کرے تو اِس کی آواز دوسرے ستون کے قریب ایسی صاف سنائی دیگی کہ وہ بہت آہستہ آہستہ گفتگو کرسکتا ہے اور جو لوگ درمیانی حصے میں کھڑے ہیں اِن کو کانوں کان خبر نہوگی۔ سینٹ البن کی خانقاہ میں جو گرجا ہے اِس کے ایک کونے سے لیکر گھڑی کی آواز دوسرے سرے تک بآسانی سنی جاسکتی ہے۔ گلوسسٹر کے کلیسا کی ہشت پہل گیلری (کمرہ) آہستہ بولے ہوئے لفظوں کو گرجے کے درمیانی حصے سے ہوتے ہوئے پچہتر فیٹ تک لیجاتی ہے۔ سینٹ پال کے گرجے کے رواق جارس (پھسپھسانیوالا) بہت ہی دھیمی آواز بھی قبہ کے ایک گوشے سے دوسرے تک اِس طرح لیجاتے ہیں کہ درمیانی حصہ میں کچھ خبر نہیں ہوتی۔ سیراکوسی میں ایک مکان "ڈیانوسیس کے کان" کے نام سے مشہور تھا یہ بھی ایک اسی قسم کے پھسپھسانیوالی گیلری تھی جسے لوگ کہتے ہیں

عرصہ میں گونجتی ہوئی سنائی دیتی ہے اگر کوئی باجا بج رہا ہے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُسی طرح کے بہت سے باجے ایک ساتھ ہم آواز ہو کر الاپ رہے ہیں اگر مختلف باجے ایک ساتھ بجائے جاویں تو کوئی اچھا سننے والا اصاف معلوم کر سکتا ہے کہ کس کس سے کون کونسی آوازیں آرہی ہیں۔ کسی باجے سے اگر کوئی خاص راگ نکالا جائے اور پھر فوراً ہی اُس کا پانچواں یا اور کوئی راگ چھیڑ دیا جائے تو ان دونوں کی آوازیں ایک دوسرے کی طرف دوڑتی ہوئی معلوم ہوں گی اور باہم ملکر ایک نہایت ہی خوش آئند راگ پیدا کریں گی۔ آواز کے عکس کے قوانین عکس نور یا حرارت کی قوانین سے بالکل مشابہ ہیں ہم پہلے آخر الذکر کو مجرب نظیر پیش کر کے سمجھانا چاہتے ہیں۔

دو لوہے کے ڈنڈے جو ایک دوسرے سے چار یا پانچ گز کے فاصلے پر ہیں چار پاؤں کے سہارے سے ایک تختے پر کھڑے ہوئے ہیں۔ ہر ڈنڈے کے سر پر ایک ایک آئینہ لگا ہوا ہے جن کی شکل گہرے اور گول پیالوں کی طرح ہے اور ایسی ٹھیک سیدھ میں یہ دونوں ڈنڈے رکھے ہوئے ہیں کہ اگر ایک کے آئینہ کے بیچوں بیچ والے نقطہ سے کوئی سیدھا خط کھینچا جاوے تو دوسرے آئینہ کے ٹھیک مرکز پر جا کر ختم ہو گا اب ان آئینوں کے دو یا تین انچ نیچے لوہے کے ڈنڈے سے بندھی ہوئی ایک ٹیکن اس طرح کی بنائی گئی ہے کہ اگر اُس کے سر پر کوئی سیدھی لکڑی کھونس دیجائے تو اس لکڑی کا سرا آئینہ سے ایک یا دو انچ سامنے ہٹا ہوا بالکل اس کے مرکز کی سیدھ پر ہو گا اب یہ ترکیب کی گئی کہ ایک آئینہ کے سامنے والی لکڑی (جو ٹیکن کے سہارے پر اس کے مرکز کے سامنے ہے) کے سرے پر ایک بہت ہی چھوٹی سی ٹوکری بنا کر اس میں لوہے کی ایک دہکتی ہوئی گولی رکھدے اور دوسرے آئینہ کے

اگر کسی لکچر ہال میں مجمع کثیر ہے تو تقریر نہایت صاف صاف سمجھ میں آئیگی لیکن وہ خالی ہوگا تو کچھ ہی سمجھائی نہ دیگا۔ پروفیسر ٹنڈل کہتے ہیں کہ کیمبرج یونیورسٹی کے سینٹ ہال میں جب اُنہوں نے مسلسل لکچر دینے کا ارادہ کیا تھا تو سب سے پہلے یہ معلوم کرنے کی کوشش کی کہ کمرے میں ہر جگہ سنائی دینے کے لئے انہیں کتنی زور سے بولنا چاہیئے جبکہ ان کے ایک دوست نے جو دور کی کرسی پر بیٹھے ہوئے تھی یہ کہا کہ متواتر صداؤں کی وجہ سے وہ اُن کے الفاظ کا بالکل ساتھ نہیں دیسکتے ہیں تو پروفیسر کو بڑی تشویش ہوئی۔ جب ان کو ایک مجمع کثیر کے سامنے بولنے کا اتفاق ہوا تو اُس کی وجہ سے آواز کی موجیں اسقدر سست پڑگئیں کہ کوئی صدا پیدا نہ ہوسکی۔ اور ان کی آواز سینٹ ہال کے ہر ایک حصہ میں بخوبی سنائی دینے لگی۔ پزلی میں ایک گاتھک طرز کا محراب نما گرجا ہے جس میں نہ ممبر نہ نشست گاہ نہ کسی اور قسم کا سامان آرایش موجود ہے۔ یہ بیان کیا جاتا ہے کہ شاید تمام دنیا میں سب سے عمدہ رسونانس یہاں پیدا ہوتا ہے۔ جب کہ سرے کا دروازہ (صرف یہی دروازہ اس میں ہے) بند کردیا جاتا ہے تو آواز اس زور سے ہوتی ہے کہ کسی نزدیک کے بادل کی کڑک کا گمان ہوتا ہے۔ تم وہاں موسیقی کا حرف ایک راگ چھیڑ دیکھو۔ آواز کئی کئی مرتبہ کے دُہرانے و تکراروں کے بعد رفتہ رفتہ اوپر چڑھتی ہے یہاں تک کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کہیں بہت دور جاکر گم ہوگئی مگر اسی کے ساتھ وہ اُس ہوا میں جو چاروں طرف سے گھری ہوئی ہے اپنے کو پھیلا دیتی ہے۔ اگر کوئی شخص عمدہ آواز سے گائے اور ساتھ ہی باجا بھی بجتا جائے تو ایک عجب خوشگوار حالت پیدا ہوجاتی ہے بھاری سے بھاری اور تیز سے تیز آواز علحدہ علحدہ اور وقت کی موزوں

دلفریب صداؤں کو بہت دیر تک سنتا رہا۔ پُر آواز موجیں ایک دو تیں یا اور زیادہ عکسوں کے بعد میرے کان میں آرہی ہیں رفتہ رفتہ اِن کی تیزی کم ہوتی جاتی ہے اور نرمی و آہستگی بڑھتی جاتی ہے گویا کہ ایک چٹان سے دوسری چٹان تک چلنے پیں آواز میرے پاس چھن چھن کے آرہی ہے۔ فضلہ پیچھے رہجاتا ہے اور ہمارے کانوں میں اس کا ایک نہایت ہی فرحت بخش راگ آرہا ہے"۔ جب کسی سطح سے ایک سو بارہ فیٹ سے کم کا فاصلہ ہوتا ہے تو جو آواز کہ اُس سے ٹکرا کر سیدھی آتی ہے وہ بالکل بے معنے و مہمل ہوتی ہے۔ تم اِس کو صاف علحدہ علحدہ نہیں سن سکتے لیکن اس کا زور بہت زیادہ ہوتا ہے اِس قسم کی گونج کو رسونانس (Resonance) کہتے ہیں جسقدر جسموں میں آواز کو پیچھے پھینکنے کی زیادہ طاقت ہوگی اتنا ہی اِس کا اثر زیادہ معلوم ہوگا۔ خالی مکانات میں جہاں سامان آرایش وغیرہ کچھ نہیں ہوتے۔ دیواریں فرش اور چھت ہر آواز پر گونجنے لگیں گی لیکن اگر چاروں طرف پردے پڑے ہوئے ہیں تو ان کے جسم لطیف نہ ہونیکی وجہ سے رسونانس بالکل ڈوب جاتا ہے۔ بی آراستہ بڑے بڑے کمروں میں بعض وقت رسونانس کا اثر نہایت حیرت انگیز پڑتا ہے مثلاً پرنسیز اسیجز۔ گیلری (رواق)، پر اگر کوئی جاکر کھڑا ہو تو نیچے کے پُرجوش گروہ کے شور و شغب کو سنے گا ان کے ہونٹوں کی جنبش ہاتھوں و مونڈھوں کی حرکت کو بخوبی دیکھیگا اور حالانکہ بہت سے لوگ نہایت ہی جوش و خروش کے ساتھ گفتگو کر رہی ہیں مگر ان کی باتوں کو وہ مطلق نہیں سمجھ سکتا یہ تمام ملبند آوازیں اپنی متعدد تکرار کے بعد ایسی بے ترتیب و گڑبڑ ہو جاتی ہیں کہ یہ معلوم ہوتا ہے کہ دیوانوں و مخبوط الحواسوں کو یہاں لاکر چھوڑ دیا ہے۔

تھیں۔ جب وہ لڑکی چٹان کی صداؤں کو جو دریائے رائن کے قریب واقع ہے آکر سنتے تھے وہ اپنی بگل بجا بجا کر اور زور زور سے چلا کر اُن کو جگاتے تھے۔ ہمارے زمانے میں بھی دُخانی کشتیاں جب اُن کے قریب سے ہو کر گذرتی ہیں تو مسافروں کے خوش کرنیکے لئے ایک گولہ داغ دیتے ہیں جس سے تو پخانے کی گرج کی سی آواز گونجتی ہوئی پہاڑیوں کو پھاڑتی ہوئی سنائی دیتی ہے۔ اِس طرح صدیوں پر صدیاں گذر گئی ہیں یہ اچھی ایکو ہمیشہ ہزاروں آدمیوں کی دلچسپی کا باعث رہی ہے اور جس طرح رومن سپاہیوں کی نفیروں کا نہایت مستعدی سے جواب دیکر وہ اِن کے دلوں کو خوشی و مسرت سے ایسا بھر دیتی تھی کہ وہ اِس کی تعریف میں گیت گاتے تھے اِسی طرح بلاشبہ آیندہ نسلیں بھی اُس کی مدح سرائی کرتی رہیں گی۔ سوئٹزرلینڈ میں الپائن باشندوں کا قرنا اکثر اس لئے پھونکا جاتا ہے کہ پہاڑیوں کی خفتہ صداؤں کو بیدار کردے۔ گرنڈیولڈ کی وادی میں جو مضبوط و بلند وٹرہارن کے مقابل میں واقع ہے ایک ہوشیار مناظر بیان کرنیوالا ہماری نظروں کے سامنے ایک مسافر کی آمد کا اور ان دل خوش کن نغموں کا جو اُس کے بیڈول وہماری باجے سے پیدا ہوتے ہیں اِس طرح سین کھینچتا ہے "خاموشی چاروں طرف چھائی ہوئی ہے مگر عالیشان پہاڑ کی دیواریں و چوٹیاں اب اُس آواز کا ایک ناقابل بیان خوبصورتی کیساتھ جواب دے رہی ہیں گویا کہ ہزار ہا پریزاد اپنا سر ملا کر ایک نہایت خوش آہنگ راگ نکال رہے ہیں اور گویا کہ عظیم الشان وٹرہارن خود ہی اپنی فتحمندی کے گیت میں مدہوش ہو کر تمام جہان سے اپنے جاہ و جلال کی داد طلب کر رہا ہے"۔ پروفیسر ٹنڈل کہتے ہیں۔ "شیڈرک کی بلند چوٹیوں تک پہونچنے سے پہلے مَیں وٹرہارن کی

بہت کان لگاکر سنتا ہوں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تینوں گولوں کی صدائیں ایک دوسرے سے بالکل علحدہ علحدہ آرہی ہیں۔ جتنا عرصہ ہر ایک کے سر ہونے میں گذرا ہے اُسی کے اندازہ سے ان کی تیزی میں فرق معلوم ہوتا ہے۔ ایک بندوق کی آواز یا تختۂ جہاز پر کسی پیسہ بنانیوالے کے ہتوڑے کی کھٹکھٹاہٹ سے بھی ایسی ہی حالت پیدا ہوجاتی ہے۔ لڑکوں کی آوازیں جب وہ مشن اسکول میں گاتے ہوتی ہیں تو گنجان جھاڑیوں سے ہوتی ہوئیں جو ڈیوک ٹاؤن کے قرب وجوار میں کثرت سے ہیں بار بار تکرار کے ساتھ سنائی دیتی ہیں۔

متعدد صدائیں کم ہوں یا زیادہ۔ زور سے یا آہستہ سے اکثر پتھریلے سواحل پر سنی گئی ہیں۔ پہاڑیوں میں اسقدر زیادہ ناتراشیدہ و ناہموار گوشے ہوتے ہیں کہ ان میں ٹکر کھاکر آواز فوراً گونجنے لگتی ہے۔ بعض تو انمیں سے اُس کو سیدھا سننے والے کے پاس لوٹا دیتے ہیں اور اُسے یہ پہلی صدا معلوم ہوتی ہے اور بعض کسی دوسری چٹان تک اُسے پہنچا دیتے ہیں جہاں سے وہ پھر منعکس ہوکر دوسری صدا ہوجاتی ہے۔ اِس طرح آواز کے بار بار کے رد و بدل سے یکے بعد دیگرے بہت سی صدائیں ہمارے کانوں تک آتی ہیں یہانتک کہ وہ اس قدر کمزور پڑتی جاتی ہیں کہ پھر ہم مشکل سے تمیز کرسکتے ہیں۔ آواز کا زور جب گھٹنے لگتا ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ کسی دور کے مقام سے آرہی ہے گویا کہ پرانے زمانے کی شرمیلی پری ایکو پہاڑیوں کے تنہا دامنوں میں اپنے تئیں چھپانیکی غرض سے پیچھے ہٹتی ہوئی چلی جارہی ہے۔

میرین جو ایک پرانا مورخ ہے اور ۱۶۵۵ء کے قریب کے اِس کی تصنیفات ہیں۔ اُن دلچسپیوں کا ذکر کرتا ہے جو اُس کے زمانہ کے سیاحوں کو حاصل ہوتی

لینا اپنا راستہ چٹانوں کی تنگ و ڈھلوان دیواروں میں سے کرتا ہوا گذرتا ہے۔
اس جگہ صرف ایک پستول کی گولی کی آواز سو مرتبہ سے بھی زیادہ تکرار کے ساتھ
سنائی دیتی ہے۔ اور اس قدر زور سے کہ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کسی توپخانہ کے گولے
دناؤن چل رہے ہیں۔ بدقسمتی سے ایکو نے اپنی اس غیر معمولی طاقت کے اظہار کیلئے
ایک ایسی جگہ پسند کی ہے جو اس قدر دور ہے کہ شاید ناظرین میں سے کسی صاحب کو
ایسا موقع نہ مل سکے گا کہ وہاں جاکر اس کی مدح سرائی کر سکیں یا جو کچھ اینگل نے دیکھا
ہے اُس کی تصدیق کریں۔ ساحل گیانا پر دریائے اولڈ کیلیبار کی عجیب و غریب
صداؤں کا ذکر مسٹر ہچنس اس طرح کرتے ہیں "جس صبح کو بادشاہ کی دعوتیں ہوتی ہیں
تین توپیں اُس دن کی خوشی میں سر کیجاتی ہیں۔ مگر سنو! ایک گونجتی ہوئی آواز
گولوں کے دلدل پر سے ہوتی ہوئی کریکٹاؤں کی سمت سے سنائی دیتی ہے۔ اسکی
گڑگڑاہٹ دریا سے اُترتی ہوئی ہنشاٹاؤں کے قرب و جوار میں پھیل جاتی ہے۔ ہر
جھنجھناہٹ کے بعد صدا کا بتدریج کم ہونا بے اختیار میرے کانوں کو محسوس ہوتا ہے
چند لمحوں کے لئے جنکا شکل سے اندازہ ہو سکتا ہے بالکل خاموشی ہو جاتی ہے۔
کیا آوازیں بند ہو گئیں؟ نہیں! میرا قیاس جہاں تک جا سکتا ہے اُس سے بھی دور
گرج و کڑک پھر تازہ دم ہونیکی کوشش کر رہی ہیں۔ لیکن اُن کی گونج دھیمی پڑنے
لگی۔ پھر اُنہوں نے اپنے کو سنبھالا ہے مگر دیکھو پھر وہ غائب ہو چلیں یہاں تک کہ
اِس عجب کش مکش میں میرے خیال کو ایک دوسری توپ کے تیز اور گڑگڑاتی ہوئی
آواز کے آجانے سے کچھ سکون ہو جاتا ہے۔ فوراً ہی اس کے بعد تیسرا گولا چلا۔
جس کی آواز سے صداؤں کی حالت عجب حیرت انگیز ہو جاتی ہے۔ جب میں

تکرار کا نام جب وہ کسی حائل چیز سے ٹکرا کر پھر ہوا میں آتی ہے ایکو یا صدائی بازگشت ہے
اگر تم کسی ایسی سطح سے کچھ فاصلہ پر کھڑے ہو کر جس میں آواز کو لوٹا دینے کی طاقت ہو
زور زور سے چند الفاظ بولو تو کچھ وقفہ نہ گذرنے پائیگا کہ بعینہٖ وہی جملے تمہیں دوبارہ سنائی
دیں گے گویا کہ کوئی دوسرا شخص دور پر کھڑا ہوا بول رہا ہے۔ یہ صرف آواز کی لہریں ہیں
جو حائل چیز کی ٹکر سے پھر لوٹ آتی ہیں۔ صدائے بازگشت کے پیدا ہونیکے لئے یہ ضروری
ہے کہ اُس مقام سے جہاں سے آواز نکلی ہے اور اُس سطح تک جہاں پر ٹکرکھا کر وہ
لوٹ آئیگی کسیقدر فاصلہ ہو۔ اگر جسم سطح ۵۵ فیٹ کے فاصلہ پر ہے تو ایک تیز زور کے
آواز سے صدا پیدا ہو سکتی ہے لیکن معمولی صاف آوازوں کیلئے اِس کا دُگنا فاصلہ
ضرور چاہیئے اگر کوئی شخص کسی گونج پیدا کرنیوالی سطح سے ۱۱۲٫۵ فیٹ کے فاصلہ سے
بلند آواز سے بولے تو اُس کی سمجھ میں صرف اپنا آخری لفظ آئیگا۔ دو یا تین یا اِس سے
زیادہ الفاظ سننے کے لئے فاصلہ بھی دُگنا نگنا اور اسی طرح زائد ہونا چاہیئے۔

متعدد صدائیں۔ وہ ہیں جو ایک ہی آواز کی کئی بار تکرار کرتی ہیں یہ حالت اُس
وقت ہو جاتی ہے جبکہ دو جسم سطح (مثلاً دو دیواریں جو ایک دوسرے کے مقابل برابر
برابر کھڑی ہیں) باری باری آواز کو ٹکرا کر لوٹا دیتے ہیں۔ ڈڈاسٹاک پارک میں جو صدا
سُنی گئی ہے وہ سترہ الفاظ کو دن کے وقت اور بارہ کو رات کے وقت دُہرا دیتی ہے
اور جیل ڈل پولو کے کنارے پر جو آبشار ٹرنی کے اوپر واقع ہے جو صدا پیدا ہوتی ہے
اِس میں ایک ایک لفظ کی پندرہ پندرہ بار تکرار ہوتی سنی گئی ہے۔ لیکن تمام دنیا میں
جو شاید نہایت ہی عجیب و غریب متعدد صدائیں ہیں انکا ذکر انیگل نے اپنے "سفرنامہ
سائبیریا" میں کیا ہے وہ لکھتا ہے کہ موضع کرسنک سے دو سو میل کے فاصلہ پر دریائے

آواز بازگشت کی شیریں ہے کسقدر
جو رات کو جواب میں گا نیکے آئی ہے
جاتی ہے دور تک یہ صدا مرغزار پر
آہستگی کے ساتھ یہ چلتی ہے جھیل پر
جس کو کہ نغمہ نے عاشق جگائے ہے

جتنی صدائیں دہر میں ہیں قصہ مختصر
جو آتی ہیں جواب میں نے یا ستا کے
شیریں ہیں اپنی رنگ میں سب صلے میں پر
آواز بازگشت محبت ہے خوبتر
سننے میں آئی ہے جو کسی بیقرار کے

یہ آہ سرد عاشق مضطر کا ہے بیاں
کھینچی گئی تھی جو کبھی عہد شباب میں
سن لے کسی طرح سے کہیں تا وہ جان جاں
آخر کو اپنے عاشق شیدا کی سن فغاں
اس نے بھی ایک آہ تھی کھینچی جواب میں

(ٹامس مور)

ایکو - اِن شاعرانہ خیالات کی پیدا کرنیوالی قدرت کے کرشموں کی ایک عجیب و غریب مثال ہے وہ ایک لاپرواہ گھومنے والے کو جو صرف اُس کی آواز ہی کے سننے کا شائق ہے ویسا ہی لطف دیجاتی ہے جیسا ایک سرگرم محقق کو جس کا دھیان ہر وقت چیزوں کے مشاہدے سے ان کی اصلیت دریافت کرنے کی طرف لگا رہتا ہے۔ ہمیں یہ معلوم ہے کہ ہوا میں آواز مدور موجوں کی صورت میں پھیل جاتی ہے جو یکے بعد دیگرے گھٹتی بڑھتی رہتی ہیں۔ اگر ان موجوں کے راستے میں کوئی چیز حائل نہیں ہے تو یہ ہلکورے کھاتی ہوئیں اور لہراتی ہوئیں بڑی دور کے فاصلے تک برابر چلی جائیں گی جہاں پر کہ آخر کار اُن کا خاتمہ ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر کوئی چیز بیچ میں آگئی تو وہی حالت پیدا ہو جاتی ہے جیسی ایک ربڑ کے گیند کی جو دیوار پر مارتے ہی اُچھلکر پھر واپس چلی آتی ہے۔ آواز جس وقت ٹکر کھاتی ہے تو اُس کی لہریں اپنے ہی سہارے پر لوٹتی ہیں۔ اِس حرکت سے بہت سی نئی اور ہم مرکز موجیں بن جاتی ہیں جو یہ معلوم ہوتی ہیں کہ کسی دوسرے مرکز سے جو اِس حائل چیز کے دوسری جانب ہے نکلی ہوئی چلی آرہی ہیں اور اِس طرح وہ کیفیت پیدا ہو جاتی ہے جس کو عکس الصوت کہتے ہیں آواز کی اِس

دیکھ کر پڑنے والی تھی۔ کچھ دیر تک اپنی دلچسپ باتوں میں بہلائے رکھا۔ مگر جونو کو فوراً یہ شرارت معلوم ہوگئی اِس پر اُس نے اِس بیجا دخل دینے والی کو نہ صرف اپنی سامنے ہی سے نکالدیا بلکہ اوس کے بولنے کی بھی طاقت چھین لی۔ صرف اس قدر اجازت دی کہ اگر کوئی شخص اُس سے خطاب کرے تو اُس کے آخری لفظوں کو دُہرا سکتی ہے۔ ایکو جو اپنی ہمجولیوں سے باتیں کرکے کیسی خوش ہوا کرتی تھی اب ہر ایک کی صحبت سے بھاگی اور سایہ دار جنگلوں میں جاکر چھپ رہی۔ یہاں نارسیس (نرگس) ایک بیوقوف نوجوان لڑکے پر اس کا دل آگیا۔ جو اپنی ہی صورت کو ایک شفاف چشمے کے اندر دیکھکر اِس پر فریفتہ تھا کہ اس کی الفتوں کی کچھ بھی پرواہ نہیں کرتا تھا۔ اپنی محبت کے صلے میں یہ بیرخی دیکھکر وہ غم والم میں گھلنے لگی یہاں تک کہ اس کا جسم بالکل ڈھانچہ ہوکر پتھر سا ہوگیا۔ اور غریب ایکو کے پاس سوائے اُس کی آواز کے اور کچھ باقی نہ رہا جو ایک نہایت غم آلود و داود اس لہجہ میں کسی بھولے بھٹکے مسافر یا اُس عاشق کے آخری الفاظ کو جو کسی سنسان مقام میں اپنی دل کی شکایتوں کو بیان کر رہا ہو دُہرایا کرتی ہے۔ ایکو وہ پری جس کی بدنصیبیوں کو اووڈ ایک جادو بیان یونانی شاعر نے بڑی فصاحت سی ادا کیا ہے ایک عرصہ ہوا کہ بس قصہ و کہانی ہوگئی۔ وہ صرف جنگلوں ہی میں مایوس و افسردہ نہیں بھٹکتی پھرتی ہے نہ کسی دور کی وادی اور گونجنے والی چٹان تک اس کا غم محدود ہے بلکہ وہ آواز جو ایک زمانہ میں اِس کی کہی جاتی تھی اب بھی قدرتی سنسان جگہوں کو دلفریب بنا دینے میں ایک جادو کا اثر رکھتی ہے اور زمانہ حال کے ایک شاعر کے دل کو ایسے جذبات سی بھر دیتی ہے جو اُن سے کہیں زیادہ برتر ہیں جنہیں اُس نے پرانے شاعروں کے دلمیں موجزن کیا تھا۔

ایکو یا آواز بازگشت

اُن پریوں میں جنکے خوبصورت چھروں و نازک جسموں کیساتھ یونانیوں کا مسرت بخش خیال ہمیشہ قدرت کی طرح طرحکی نیرنگیوں اور اُس کے کرشمونکو انسانی شکل میں فرض کرلیا کرتا تھا۔ ویران مقاموں میں بسنے والے پہاڑوں صحراؤں پوشیدہ گوشوں اور چشموں کی رہنے والی ایکو جس کی سحر آمیز آواز سے وقتاً خاموش وادیوں میں جان پڑجاتی ہے اور جنگل کا ہولناک سکوت ایک سریلے راگ سے بدل جاتا ہے۔ سب سے افضل تریں ہے۔ اُسے ہوا اور زمین کی اکلوتی بیٹی کہتے تھے۔ یہ رشتہ ایسا ہے جس پر ہمارے زمانہ کے ماہرین ہیئت بھی کچھ اعتراض نہیں کرسکتے۔ کیونکہ حقیقت میں زمین جس پر جاکر وہ ٹکر کھاتی ہے اور ہوا جو اُسے لوگوں کے کانوں تک لیجاتی ہے دونوں اس کے وجود کے سبب کہے جاسکتے ہیں۔

اِس طرح ایک دلچسپ کہانی یونانیوں نے گھڑلی تھی کہ جوپیٹر[1] کو خوش کرنیکے لئے اِس شوخ مزاج و چنچل پری نے ایک مرتبہ یہ ترکیب کی کہ جونو کو جو اس کی بڑی بدگمان و حاسد بیوی تھی اور اپنے شوہر کو ایک خادمہ کے ساتھ محبت کی باتیں کرتے ہوئے

(۱) قدیم یونانیوں کا سب سے بڑا معبود۔

انا للہ وانا الیہ راجعون

نہایت افسوس کی بات ہے کہ محمد داؤد صاحب بی۔ اے سابق طالب علم محمڈن کالج جو ایک نہایت لائق گریجویٹ تھے اس دار فانی سے راہی ملک بقا ہوئے مرحوم ایک جوان العمر اور نہایت قابل شخص تھے اور ۱۹۰۹ء میں علیگڈھ کالج سے بی۔ اے پاس کرنیکے بعد مختلف مقامات پر نائب تحصیلدار رہے اور حال ہی وقت بھی نائب تحصیلدار تھے اور زیادہ افسوس کی قابل یہ بات ہے کہ مرحوم نے ابھی حال میں شادی کی تھی اور ایک لڑکا شیر خوار چھوڑا۔ خدا اونکی رشتہ داروں کو صبر جمیل عطا کرے اور اونکی یتیم کی پرورش کرے

The M. A.-O College Magazine is published fortnightly for 10 months in the year. The Annual Subscription is Rs. 4 for which subscribers will receive 20 Numbers post free. Subscriptions are payable in advance. If subscribers desire it the first number will be sent them per V.P.P.

Terms for advertisements on application

All communications should be addressed to the Manager, the M. A -O. College Magazine, Aligarh.

ایم ای او کالج میگزین سال میں دس ماہ اور ہر مہینے میں دو مرتبہ شائع ہوتا ہے

سالانہ چندہ مبلغ چار روپیہ مع محصول ڈاک ہے

اس چندہ کے ادا کرنے پر خریداروں کو سال میں ۲۰ پرچے میگزین کے ملینگے اگر خریدار خواہش کریں تو اول پرچہ بزریعہ ویلیو پے ایبل ارسال کیا جاسکتا ہے

اشہارات کا نرخ بزریعہ خط و کتابت کے معلوم ہوسکتا ہے

کل خطوط وغیرہ "مینجر-ایم-ای-او کالج میگزین علیگڈھ" کے پتہ سے آنے چاہئیں

جدید سلسلہ
جلد ۸

۱۵ جولائی سنہ ۱۹۰۰ ع

نمبر ۱۴

محمدن اینگلو اورینٹیل کالج میگزین و علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ

فہرست مضامین اردو

۱—ایکو یا آواز بازگشت	از مسٹر لطافت حسین طالب علم محمدن کالج
۲- تعمیل احکامات اسلام اور تکمیل کاروبار دنیوی کے واسطے اسکی ضرورت	از جناب حاجی محمد موسی خان صاحب رئیس دتاؤنی
۳—عورتونکی تعلیم اور ہمارا تعصب	از سید محمد نظیر صاحب سابق طالب علم مدرسۃ العلوم
۴- ہجرہ	ترجمہ از انگریزی

New Series
VOL. VIII.

November, 1900

No. 16

THE

M.A.O. COLLEGE MAGAZINE

AND ALIGARH INSTITUTE GAZETTE.

CONTENTS.

1. General Notes.
2. Committee of Games.
3. Old Boys' Re-Union.
4. Theodore Beck Memorial Fund.
5. The Duty.
6. Correspondence.
 (i) Our Beloved Principal
 (ii) The Muhammadan Education.
7. Obituary.
8. Advertisements.

PRINTED AT THE C. C. MISSION PRESS, CAWNPORE.

THE DUTY SHOP, M.A-O. COLLEGE, ALIGARH.

We have in stock all the works of standard authors of Urdu literature chiefly of Sir Syed, M. Hali, M. Shiblie M. Nazir Ahmed, M. Azad, Nawab Mohsin ul Mulk, Haji Ismael Khan, Dr. Gulam Husain, Abdul Halim Sharar and several other authors of renown. The complete list of books in stock can be supplied *gratis* on application to the Manager. The attention of the Public is invited to the following recent publications :—

	Rs.	As.	P.
Dawat-i-Islam *i. e.* the Urdu Translation of the preaching of Islam by Professor T. W. Arnold.	3	0	0
Alfaruq by M. Shiblie.	3	8	0
Darbar-i-Akbaree by M. Mohammed Hussain Azad.	3	0	0
Albaramika by M. Abdul Razzaq.	2	4	0
History of India by M. Zakka Ullah in ten vols.	14	0	0
Ajaibul Asfar *i.e.* the second volume of the travels of Ibni Batuta.	2	4	0
Sukhandan-i-Pars (a book on Persian Philology by M. Azad.)	0	10	0
Yadgar Ghalib by M. Halie	2	0	0
Later articles from the pen of the late Sir Syed.	1	0	0

Khutabat-i-Ahmadia *i.e.* the twelve Essays by Sir Syed on religious and historical topics. (In the Press).

The book once formed a part of the 2nd volume of the works of Sir Syed and is now being printed separately.

Besides the works of the above authors the Duty Shop can supply all the SCHOOL AND COLLEGE BOOKS used in these Province at a very low price, and sells STATIONERY, STOCKINGS, UNDERVESTS, HANDKERCHIEFS, SOAP and several other articles of every day use at moderate prices.

WILAYAT HUSAIN,
Hon. Manager.

The Muhammadan Anglo-Oriental College Magazine, Aligarh.

New Series Vol. VIII. | November, 1900. | No. 16

General Notes.

We have to announce that the Magazine will till further notice be published *monthly* instead of fortnightly as heretofore. We shall endeavour to increase the size of the Magazine and hope to receive more articles of general interest from Old Boys and others interested in the welfare of the College.

We have received an interesting letter from a correspondent Shah Munir Alam, the publication of which is unavoidably postponed till a later number, for want of space, in it he suggests that the magazine might be made more generally interesting if Old Boys and leading members of the Muhammadan public could be got to contribute articles to it. We cordially agree with this and hope that not only our correspondent but others also will endeavour to use their influence in this direction. In justice

The Committee of Games.

It is possible that some sort of explanation of the composition and functions of this new body may be interesting to those who did not attend the meeting in the Strachey Hall on Monday, October, 8th 1900.

The main object of the Committee is to form a central body with supreme control over the whole of the games of the College; a body that will ensure as far as possible the organization of the games, will settle any disputes that may arise between the different clubs and will control the finance of the clubs. The encouragement of the present games, the introduction of new ones, the making of fresh cricket or football grounds and the purchase of new materials will all form part of their work.

It is not intended that the Committee—or the C.O.G. as it may be called in an abbreviated form of its title—shall interfere with the duties of the captains of cricket or football or with the actual management of cricket and football; but the committee will co-operate with and help them in every possible way. Small sub-committees to deal with cricket and football have been appointed and made up as follows; *Cricket*: Mr. Tipping, Ali Hassan, Ziaullah Khan; *Football*: Mr. Gardner-Brown, Abdul Majid, Zaman Mehdi. To each of these sub-committees one additional member will possibly be added. The C.O.G. consists of these sub-committees in addition to Mr. Morison and Mr. Cornah and Mir Vilayet Hassain as Treasurer. Two other members to represent tennis and the sports and gymnastics will be appointed at the first meeting of the C.O.G.

It is hoped that in future it may be possible to arrange that students shall be enabled to play both cricket and football without any of the friction that has previously existed.

The Old Boys' Re-Union.

The Annual Meeting of the old Boys' came off very successfully on the 3rd October. More than 60 old Students almost all holding high posts in the Government service joined. The College being just opened we had fears as to finding more guests than hosts, but our fears were more than dispelled when at dinner the Strachey Hall was full in every corner. Due arrangements were made for the reception of the Old Boys who began to drop in one by one till by the evening of 3rd the number rose to 60.

The few who had come on the 2nd passed the day in seeing their friends and in the evening they were entertained at Tennis, Cricket, Football and other Sports. In the night, at the usual conversazione meeting, the Old Boys gave vent to the old recollections of their *alma mater*.

In the first meeting of the old Boys' Association the proceedings began at 9-30 with Mr. Mohd. Ali C.S in the chair, who, having briefly declared the meeting open, the Secretary Mr. Bahadur Ali read his report. The first Resolution was a vote of condolence for the late Sheikh Abdur Rahman, B.A. and Mohd. Daood B. A. Other resolutions were passed but the one which "requested the Trustees to lay by Rs. 3,000. every year to provide for the training in England of some promising Muhammadan Graduate" is specially to be mentioned. Mr. Morison who was present suggested that there were nearly 1000 old Boys and were they to take upon themselves to collect Rs.10 every year for the purpose the scheme could take a practical form very soon. Nawab Mohsinul Mulk, further enlightened the Old Boys on this point that the Trustees could hardly do that owing to the want of funds. The Resolution was however passed with some modification and took a somewhat practical form in the promise of Mr. Hamid Ali Khan who undertook to the travelling expenses of such student from Aligarh to England. The first meeting was

meet broug' t to close with the inclusion of Mozammelullah Khan Reis, Aligarh among the nnmber of the Honorary Old Boys.

The 2nd meeting opened at 3-30 p.m. with Mr. Hamid Ali Khan in the chair. Two Resolutions were passed one sanctioning Rs.50. for the clerical work of the association and the other opening an "Old Boys' Lodge Fund." Usual self-introductions having taken place the Cld Boys' were photographed in a group in front of the Principal's Hall.

In the evening the Old Boys were entertained at a garden party given by Mozamelullah Khan Sahib to the old and new students. Some reises and a few gentlemen from the Civil Station were present.

We give below full Resolutions and an account of after-dinner speeches :—

I. That the Old Boys of the M.A.O. College assembled in a meeting express their sorrow at the untimely deaths of Mohd. Daood B.A. and Sheikh Abdur Rahman B.A. of Lahore and offer their sincere sympathy to their families in their sad bereavement.

II. That the old Boys of the College in whatever district they may be should use their influence in persuading people to form a Standing Local Committee to raise by subscription about Rs.130 and annually select a promising young Mohammadan student to be sent to the College.

III. That efforts in right earnest be made to collect in a systematic manner one per cent of income from all Old Boys.

IV. An Old boy must create a New Boy.

V. That the Trustees of the M.A.O. College be requested to lay by every year in the annual Budget a sum of Rs.3,000 to provide for the training in England of some promising Muhammadan graduate of the College on a condition that he

should devote his life in literary pursuit and work on the staff of the College. Further that in case of such returned men the authorities of the College should see that they be provided with salaries sufficient to enable them to keep their position and the Old Boys will assist the Trustees to raise the fund.

VI. That the Association should sanction an expenditure of Rs.50 in the coming year for clerical work that has to be done in the interest of the Association, if the funds permit.

VII. That this Association is of opinion that if the funds permit a room, to be known as 'Old Boys' Lodge,' should be constructed in the College premises for the use of old Boys, and an "Old Boys Lodge Fund" be opened for the purpose.

VIII. *That a vote of thanks be passed to the Nawab of Rampore for his princely donation of Rs.25,000 as the first instalment of the promised donation to Sir Syed Memorial Fund.

Dinner.

The number of those who sat at the dinner was more than 400. The dinner being over Mr. Morrison welcomed the Old boys as follows :—

I rise to welcome in the name of the College our Old Boys back to the College; it gives us very great pleasure to see you back again in the scenes of your earlier days and your former triumphs. We who stay on here as generation after generation passes out watch your progress in the world with the liveliest sympathy and I think that hardly anything produces a greater amount of pleasure in these walls than to hear that one of our Old Boys has done something distinguished or been advanced to some eminent position. It is you whom we look to to advance the reputation of the College. We who are resident here, the staff and the students, have our part to do in maintaining the reputa-

* This Resolution was passed in the night at dinner.

tion of the College in the University Examinations and in athletic sports, but it rests with you, the Old Boys, to show in the far stiffer examination of real life that Aligarh turns out good men, not merely successful examiners, but plucky and honourable fellows whose lives are a credit to their College and a benefit to their own people and the country.

You know that Sir Syed used to fix his hopes, for the regeneration of his community not upon his own contemporaries but upon the young men who had been brought up in the College he founded. They, he hoped, would show the world what Muhammadans were capable of when properly educated—they would have the public-spirit which was so lamentedly lacking in is his own generation, they would wipe away from his people the reproach of bigotry, prejudice and disloyalty, and they would receive in practice ths large ideas he in his time could only administrate. Mr. Beck, too, when he was vexed by the prejudice or selfishness which he occasionally encountered would always turn for comfort to the hopes he had of the younger generation. "When our young fellows grow up," he would say, "this sort of thing won't occur."

Now I want to say very clearly and very emphatically that I think our Old Boys in the past have already done a great deal to realise the expectations that were formed of them. The good repute of our College is very largely due to the Old Boys and I do not know that that has ever been properly recognised we have recognised that so and so is a good man, another is very much respected and a third has deservedly risen high, but we have hardly given sufficient credit to the Old Boys collectively. I think I have told some of you before that Mr. Adams, the Revenue Member, once said to me. "The subordinate branches of the Civil Service have been enormously purified of late and that is entirely the work of the Aligarh boys." Why is it that to be an Aligarh boy is a recommendation for Government Service except because our Old Boys have shown not by their

school career, but by their after lives that they were better men than other graduates. I believe our Old Boys are more honest and have got more go than other men and that's what has made the reputation of Aligarh. Other Colleges have been founded with as large expectations, with as much enthusiasm as this, and with more ample resources; look at the Rajkumar College, the Chief's Colleges, Wards, Institutes and the other schools on which lakhs of rupees have been lavished. You know what sort of credit they enjoy with the world at large. Sir Syed could never have been anything but a great man and a great reformer and he would anyhow have left an indelible mark upon his community, but his school would never have enjoyed its present reputation had it not been for the old students. The proof of the pudding is in the eating says the English proverb and people will continue to think well or ill of an institution according to the behaviour of its students in after life.

قدرداں چاہیئے دیوان ہمارا ہی میر	منتخب مصحفی و میر کے دیوانوں کا

اس میں کچھ اُن بزرگوں کی توہین نہیں نکلتی بلکہ یوں سمجھئے کہ وہ کہنا چاہتے ہیں کہ میرے دیوان میں اُن دونوں اُستادوں کے رنگ پائے جاتے ہیں اور درحقیقت یہی بات ہے۔ منشی صاحب کا پایہ شاعری میں جو کچھ ہے اُس سے زمانہ آگاہ ہے۔ سودا و مصحفی و ناسخ و آتش ان بزرگوں کے پہلو بہ پہلو بیٹھنے کی قابلیت رکھتے ہیں۔

نثر اُنہوں نے بہت کم لکھی ہے صرف ایک کتاب "انتخاب یادگار" جن میں شعرای ریاست رامپور کا ذکر ہے میری نظر سے گذری ہے اس کی عبارت بالکل قدیمانہ طرز کی ہے یعنی مقفیٰ و مسجع عبارت جو اُس زمانہ میں اعلیٰ خوبی کلام سمجھی جاتی تھی۔ گو بحیثیت ایک تذکرہ کے وہ کچھ ایسی قابل قدر کتاب نہیں مگر اُسکے دیکھنے سے اُنکی کمال لیاقت کا اندازہ ہوتا ہے پھر بھی بہ لحاظ اس کے کہ اسکا طرز قدیم اور اب قریب قریب متروک ہے ہم اُس کی نسبت اس چھوٹے مضمون میں زیادہ بیان کرنا

منشی صاحب کی وہ غزلیں جو اُنہوں نے "گلچیں" کے لئے لکھی ہیں درحقیقت لاجواب ہیں جب تک اُن غزلوں میں سے کچھ منتخب کرکے نہ دکھایا جاوے اُنکے کلام کا پورا مونہ آنکھوں کے سامنے آنہیں سکتا اس لیے ہم چند اشعار دو غزلوں سے لیکر درج کرتے ہیں۔

کھہ رہی ہے حشر میں وہ آنکھ شرمائی ہوئی
ہائے کیسی اس بھری محفل میں رسوائی ہوئی

ٹھوکریں کھلوائیگی یہ چال اٹھلائی ہوئی
کیا جوانی پھرتی ہے جوبن پہ اترائی ہوئی

آنکھ اُٹھے پردہ ہٹے یہ بھی ہے کوئی دیکھنا
آڑ میں گھونگھٹ کے آنکھ اور وہ بھی شرمائی ہوئی

جاں بلب حسرت میں پاتی ہے جو مجھ ناشاد کو
کیا ہنسی پھرتی ہے ان ہونٹوں پہ اترائی ہوئی

میں تو رازِ دل چھپاؤں پر چھپا رہنے بھی دے
جان کی دشمن یہ ظالم آنکھ للچائی ہوئی

غمزہ و ناز و ادا سب میں حیا کا ہے لگاؤ
ہائے رے بچپن کی شوخی بھی ہے شرمائی ہوئی

شعر گلدستے میں مجھ افسردہ دل کے کیا ہیں
دامنِ گلچیں میں کچھ کلیاں ہیں مرجھائی ہوئی

واقعی یہ غزل کی غزل مرصع ہے۔ دوسری غزل یہ ہے۔

عجب عالم ہے اُسکا وضع سادی شکل بھولی ہے
کبھی جاتی ہے دل میں کیا رسیلی نرم بولی ہے

ادائیں کھیلتی ہیں رنگ تلوار اُسنے تولی ہے
لہو کی چاٹتی ہیں بچکاریاں مقتل میں ہولی ہے

عجب ملبوس ہے ہم وحشیوں کا رخت عریانی
گریباں ہے نہ دامن ہے نہ پردہ ہے نہ چولی ہے

پری نے قاف میں دیکھی جو وہ تصویر بول اُٹھی
میں اس صورت کے صدقے ہاں کیسی بھولی بھولی ہے

خفا کیوں ہو جو آوازے کسے عاشق نے غیر و پر
یہ آزادوں کی باتیں ہیں یہ انکی بولی ٹھولی ہے

کرم کرتی ہے رحمت دیکھئے کس پر کہ محشر میں
وہ صف پرہیزگاروں کی یہ میخواروں کی ٹولی ہے

خوشا مدعائے دل بتاب اس تصویر کی کب تک
یہ بولا چاہتی ہے پر نہ بولے گی نہ بولی ہے

امیر ایسے سگفتہ ہیں مضامین نازک و رنگیں
غزل کیا ہے یہ پھولوں کی بھری گلچیں کی جھولی ہے

لاجواب لکھے ہیں ؎

گلے سے قتل کے دن عضو عضو کہتا ہے		مری طرف سے بھی خنجر کو پیار کر لینا	
چاہ سے قتل کرو پیار سے مٹی دیدو		ہائے اتنی بھی نہیں تم کو مروت میری	
وہ ماتم بزم شادی ہے تمہاری جس میں شرکت ہو		وہ مرنا زندگی ہے تم ہو جسکے سوگواروں میں	
جب درد محبت میں یہ لذت ہے تو یارب		ہر عضو میں ہر جوڑ میں کیوں دل نہیں ہوتا	
وہ مزا دیا تڑپ نے کہ یہ آرزو ہے یارب		مرے دونوں پہلوؤں میں دل بیقرار ہوتا	

ایشیائی شاعری میں قریب قریب ہر شاعر کی تصانیف میں تصوف کا رنگ ضرور ملیگا۔ تصوف اور شیخ اور واعظ کی ہجو یہ دونوں باتیں گویا شاعری کے فیشن میں داخل ہو گئی ہیں۔ منشی صاحب کا دیوان تصوف اور رحمت الٰہی کے مضامین سے بیحد بھرا ہوا ہے۔ اور اکثر اس خوبی سے باندھتے ہیں کہ کم کسی کو نصیب ہے۔ رحمت

کیا ندامت کی ہے حاجت میں ہوں مجرم تو کریم		دیکھکر دریا تری رحمت کی لہرائیں گے آپ	
حشر میں جس نے کہا بندہ خطاکار و نمیں ہے		رحمت اُس کی بولی چل تو کس گنہگار و نمیں ہے	
گھبرا رہے ہو حشر میں کیوں اس قدر امیر		اتنی سی بات تو ہے کہ کہدو خطا ہوئی	
تصوف موقوف بیخودی پہ ہے جلوہ حبیب کا		اپنی خودی یہ ہے مجھے دھوکا رقیب کا	

شیخ و واعظ بھی اُن کی محفل میں ضرور آئے مگر یہاں اُن کی مدارات ویسی نہیں کی گئی جیسی دوسروں کے ہاں صاف صاف دھڑلے سے گالیاں دینے کے عوض یہاں اُن کے دلمیں میٹھی چٹکیاں لی گئی ہیں۔ مثلاً

رند و جو ملو حضرت قاضی سے تو ڈب کے		سمجھو کہ بزرگوں میں ہیں یہ نسبت عنب کے	
وہ نکلے چھپکے دیکھو میکدے سے حضرت واعظ		بڑے مرشد ہیں باتوں باتوں لانا انکو یاروں میں	

تڑپنے کی بسمل کے دیکھی نہ سیر لہو سے وہ تلوار دھویا کیئے	لہو سے تلوار صاف کرنا اصل مطلب ہی وہ صاف ظاہر نہیں ہوتا۔

دو چار اشعار اس قسم کے جیسے یہاں تحریر ہوے ممکن ہی کہ تلاش سے ملجائیں مگر اول تو ان میں کوئی ایسی فاش غلطی نہ پائی جاویگی جسکا کلام کے بڑے عیوب میں شمار ہو دوم اُنکی تعداد بمقابلہ اعلےٰ مضامین اچھوتے خیالات شوخ اور پھڑکتے ہوئے محاورات نفیس ترکیبات اور نازک بندشوں کے جنسے سارا دیوان بھرا پڑا ہے اسقدر کم ہے جسکا ہونا نہونا برابر ہے۔

منجملہ اور خوبیوں کے منشی صاحب کے کلام کے پڑھنے والے کو ایک بات عجیب ملیگی وہ یہ ہی کہ اُنھوں نے عاشق کی حسرت و یاس و ملال اور معشوق کی نزاکت ہنسی اور ادا وغیرہ کو جاندار چیزیں فرض کر کے بعض موقعوں پر اس خوبی سے باندھ دیا ہی کہ یہ طرز خاص اُنہیں کا حصہ ہو گیا ہے۔ میں یہ نہیں کہتا کہ اس طرز کے موجد منشی صاحب ہیں۔ اور اُستادوں نے بھی باندھا ہے مگر منشی صاحب کی بندش اس میں بالکل نئی اور نرالی ہے۔ فرماتے ہیں۔

شب وصلت نزاکت اُن کی شوق وصل سے بولی	ترس کھا مجھ پہ ظالم وقت ہی بیدست و پائی کا
اُسے دیکھا جو آتے نزع میں امید بول اُٹھی	کہ دیکھو کہنے والا وہ آیا میری آئی کا
یار پہلو میں ہے تنہائی ہے کہدو نکلے	آج کیوں دل میں چھپی بیٹھی ہی حسرت میری
پھرتی ہے حسرت پابوس دو عالم میں تباہ	اک جگہ پاؤں ٹھہرتا نہیں ہرجائی کا
وصل بھی جو نکلتا نہیں دل سے ہمسر	مونھ چھپائے ہوئے بیٹھا ہی یہ ارماں کس کا
جھلک اُس کے ہونٹوں پہ دکھلا کے جلدی	لجانا ذرا کوئی دیکھے ہنسی کا

خوے درد دوستی و ایذا دوستی ایسی چیز ہے جسے اگر جان شاعری کہیں تو بجا ہی فی الحقیقت جو لطف یہ بیجاتی ہے کم کسی مضمون میں حاصل ہوتا ہے۔ اس مضمون میں منشی صاحب نے بعض اشعار

ہمدم یا رفیق سے بطور شکایت فرماویں کہ "میں اپنی بیدست و پائی کا حال کیا کہوں" تو کیا معترض صاحب یہ امید کر سکتے ہیں کہ وہ اُنکا ہمدم اسقدر بیوقوف ہوگا کہ اُنکو یہ جوابدے "صاحب آپکے ہات پیر دونوں خدا کے فضل سے موجود ہیں بیدست و پائی کا گلہ کیسا"۔ یہ ایک شعر تمثیلاً میں نے لکھدیا ہے ایسے بہت سے اشعار ہیں جنپر مہمل اور بیجا اعتراضات ہوا کرتے ہیں۔ یہ تو سب جانتے ہیں کہ بشر سے غلطی کا بالکل نہونا ناممکن ہی۔ مگر میرے نزدیک کیا حکیم کیا فلاسفر کیا شاعر سب کی لیاقت کا معیار یہ ہی کہ اُس کی غلطی کا مجموعہ اُس خاص کام میں معمولی آدمیوں کی غلطی کے مجموعہ سے کم ہو۔ منشی صاحب بھی آخر آدمی ہی تھے ممکن ہی کہیں لغزش واقع ہوگئی ہو تو اس سے اُنکے کمال میں فرق نہیں آتا رفع حجت کے لیئے چند اشعار ایسے لکھتا ہوں جن میں کچھ لغزش واقع ہوئی ہے۔ مثلاً

قدرداں مصحفی و حضرت سودا تھے میر
لے کے تربت پہ اُنہیں کی یہ غزل جاؤنگا

اس میں تعقید واقع ہوگئی ہے شاعر کا صاف مطلب نہیں کھلتا کہ آیا وہ اپنی غزل مصحفی و سودا کی تربت پر لیجائیگا! بلکہ شک ہوتا ہی کہ انہیں کی یعنی مصحفی و سودا کی یہ غزل تربت پر لیجائیگا۔

کیا دل جلا رہا ہی پس مرگ ہے دعا
ٹھنڈا رہے چراغ الٰہی مزار کا

ضمیر کے مقدر ہونے سے یہاں یہ جھگڑا پڑجاتا ہے کہ آیا معشوق اپنے مرنے کے بعد اپنے چراغ مزار کے ٹھنڈا رہنے کی دعا مانگتا ہی یا عاشق کے مرنے کے بعد اُس کے مزار کے چراغ کے لیئے۔ مگر مضمون بہت اعلیٰ درجہ کا ہی۔

پکارتے ہیں یہ کشتے تمہارے مقتل میں
رہے ہیں کہیت ہماری ذرا خبر لینا

تمہارے مقتل میں! کس کے مقتل میں؟ آیا معشوق کے مقتل میں! یہ مطلب ظاہر نہیں ہوتا کہ تمہارے کشتے اپنے مقتل میں پکارتے ہیں

رہتی ہیں مرے چارہ ساز فکر میں مبتلا عبث ۔ مجکو مرض ہی درد کا کرتے ہیں یہ دوا عبث (ز) تقطیع میں گر جاتا ہی۔

ہے محفل دنیا بھی عجب درد کی محفل
وہ آنکھ نہ دیکھی جسے گریاں نہیں دیکھا

فعل دیکھا کی تکرار فضول ہی۔

چاہیئے ہم دیکھتے ہیں کہ بجز غالب کے اور کسی شاعر کے ہاں اس امر کا التزام نہیں رکھا گیا کہ اس قسم کے الفاظ نہ استعمال کئے جاویں تمام شعرا برابر یوں ہی لکھتے چلے آئے ہیں اور اب تک اسکو داخل عیب نہیں سمجھے اس صورت میں منشی صاحب کو بھی معذور رکھنا چاہیئے پاکیزہ خیالات اور اعلیٰ مضامین کے اُنکے دیوان میں کچھ کمی نہیں اگر دو چار اشعار ایسے ہیں تو سمجھنا چاہیئے کہ شاہدان معنی کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کے لیئے کاجل کا ٹیکا لگایا ہے۔ عیوب شعری سے اُنکا دیوان قریب قریب بالکل پاک ہے اگر کوئی شخص اُنکا دیوان لیکر خاص نکتہ چینی کی غرض سے بیٹھے تو اُسکو کامیابی کی بہت کم اُمید ہو سکتی ہے یہاں پر بعض لوگ یہ کہینگے کہ شاید دیوان میں اشعار منتخب درج کیے گئے ہوں میں اس سے بالکل متفق نہیں بعض زمین ہیں تین تین چار غزلیں ملیں گی جن میں سے ہر ایک میں اکثر بیس اشعار سے کم نہیں ہیں اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دیوان کے مرتب کرنے میں کوئی انتخاب کا طریقہ نہیں ملحوظ رکھا گیا ایک موقعہ پر خود فرماتے ہیں ؎

رہنے دو تم ابھی دیوان کو چھانٹو نہ امیر	آپ چھٹ جائینگے جو شعر ہیں چھٹنے والے

طبیعت کی موزونیت اس پایہ کی تھی کہ جو شعر نکلا گویا سانچے کا ڈھلا ہوا جو کہا پتھر کی لکیر ہو گیا بندش کی سستی تو ایک ایسی چیز ہے کہ منشی صاحب کے کلام میں اگر کوئی مشعل لیکر ڈھونڈے تب بھی مشکل سے کامیابی ہو سکتی ہے۔ بعض اصحاب نے اُنکے اس مطلع پر اعتراض کیا ہے ؎

ہوا ہے شوق آرایش کا پابند حنا تم ہو	بڑا موقع ہے ہاتھا پائی کا بیدست و پا تم ہو

اعتراض یہ ہے کہ "جب معشوق بیدست و پا ہو گیا تو پھر ہاتھا پائی کیسی" مجھے اس کے جواب میں کچھ زیادہ کہنے کی ضرورت نہیں صرف معترض صاحب سے پوچھوں گا کہ کیا وہ بیدست و پا کے یہی معنی سمجھے ہیں کہ معشوق اپاہج ہو گیا یا اُسکے دونوں ہات پاؤں کٹ کر جدا ہو گئے اگر دراصل وہ یہی سمجھے تو بہت سمجھے خدانخواستہ اگر معترض صاحب کسی بلائے آسمانی میں گرفتار ہو کر کسی اپنے

نہ تو رشام سے ایدل شب فراق میں دم	ابھی تو رات ہی ساری پڑی ہے مرلینا

وہ ہی کون سی شئے جو عزیز نہیں مجھے رحم وستم میں تمیز نہیں

وہی ناز و کرشمہ غضب میں ہے جو بگڑا بھی کبھی تو ادا سے بگڑا

آپ نے غیر کا خط ہم سے چھپا رکھا ہی	دیکھیئے دیکھیئے تکیہ میں وہ کیا رکھا ہی
ہائے کیا سحر ہی یہ حسن کہ مانگیں جو حسین	دل بچا بھی نہ سکوں جان چرا بھی نہ سکوں
امیر اُس جان کے دشمن سے کمک و نہیں لگتا	دھڑے سے تم اُسکے منہ پہ کہتے ہو کہ مرتے ہیں
بوسہ مانگا جو پس وصل تو بولے ہاں ہاں	اب تو ہر وقت میری جان پہ آفت ہوگی
کیا خبر تھی کہ جوانی تیری آفت ہوگی	بات کرنی بھی غریبوں کو مصیبت ہوگی

بعض اشعار میں اس قسم کے الفاظ۔ مثلاً مریجان۔ جان من۔ ایجان۔ جوبن۔ اوبرا ہوا سینہ جو حال کی ترقی تہذیب کے لحاظ سے معیوب خیال کئے جاتے ہیں موجود ہیں چنانچہ فرماتے ہیں ؎

کھولے ہوئے جوڑا تمہیں ایجان نہیں دیکھا	اس باغ میں سنبل کو پریشان نہیں دیکھا
کہتے ہو کہ بس دیکھ لیا حال تمہارا	دیکھوگے ابھی تم نے مریجان نہیں دیکھا
رخسار نازک ہیں تو ہوں آج ایک ما نونگا نہیں	دو بوسے لونگا جان من اک اسطرف اک اسطرف
اُدھر عکس اور ادھر وہ دونوں بانکے بنکے بیٹھے ہیں	غضب جوبن ہی دونوں گرد تانے تنکے بیٹھے ہیں
نگاہ گرم سے اُبھرے ہوئے سینہ کو جب دیکھا	تو وہ بولے کہ دیکھو آنچ آجائے نہ جوبن پر
دم رقص ہاتوں کو اتنا نہ پیسو	کہیں یار دل نہ پس جائے کسیکا

یہ بے اعتدالیاں محض کلام میں شوخی پیدا کرنے اور اُسکو مقبول عوام بنانے کے لیئے کی گئی ہیں ورنہ منشی صاحب کی طبیعت سے بعید معلوم ہوتا ہے میرا یہ مطلب نہیں کہ اُن کی طبیعت میں شوخی نہیں ضرور ہی مگر شوخی اور چیز ہے اور چھچھورا پن اور لیکن ہمیں اس موقع پر زیادہ سختی سے کام نہ لینا

امیر	داغ
میں کبھی وقت پہ مقتل سے نہ ٹل جاؤنگا کچھ زمانہ نہیں کروٹ جو بدل جاؤنگا	دیکھنا حشر میں جب تم پہ مچل جاؤنگا میں بھی کیا وعدہ تمہارا ہوں کہ ٹل جاؤنگا
کھو رہی ہے حشر میں وہ آنکھ شرمائی ہوئی ہائے کیسی اس بھری محفل میں رسوائی ہوئی	ملتے ہی بیباک تھی وہ آنکھ شرمائی ہوئی پھر گئی بچپا کے پلکوں تک حیا آئی ہوئی
دھوم ہے روز قیامت کی قیامت کیسی آئی ہے بھیس بدل کر شب فرقت میری	شرکت غم بھی نہیں چاہتی غیرت میری غیر کی ہو کے رہی یا شب فرقت میری
گو جاتے ہیں آہستہ نزاکت سے وہ لیکن دوڑی ہوئی جاتی ہے خوشی غیر کے گھر آج	رو کا ہی کیا ضبط بٹھاتا ہی رہا ضعف بیتابی دل لے ہی چلی غیر کے گھر آج
شوخی سے ہے بیچین وہ بجلی سی نظر آج کہتی ہے حیا دیکھیے گرتی ہے کدھر آج	شوخی سے ٹھہرتی نہیں قاتل کی نظر آج یہ برق بلا دیکھیے گرتی ہے کدھر آج
ایک شعر داغ نے اس زمین میں غضب کا لکھدیا ہے ؎	وعدے پہ مرے انکی قیامت کی ہے تکرار اور بات ہے اتنی کہ اُدھر کل ہے ادھر آج
وہ بن سنور کے ادھر آتے ہیں جفا کے لیئے مزے ہیں آج دل درد آشنا کے لیئے	کیا تھا جرم و فا لذت سزا کے لیئے ستم کے لطف اُٹھائے مزے جفا کے لیئے

اس رنگ کے اور اشعار منشی صاحب کے درج ذیل ہیں۔

مجکو گلیوں میں جو دیکھا چھیڑ کر کہنے لگے	کیوں میاں کیا ڈھونڈتی پھرتی ہو کیا جاتا رہا
ملا کر خاک میں بھی ہائے شرم انکی نہیں جاتی	نگہ نیچی کیئے وہ سامنے مدفن کے بیٹھے ہیں
رات اپنی ہے ٹھیریئے تو ذرا	آیئے بیٹھئے گھر جایئے گا

منشی صاحب کے ہاں خط وغیرہ کے مضمون اور اس قسم کے الفاظ مثلاً طفل برہمن وغیرہ جس سے صراحتہً عشق امرد کی طرف اشارہ ہو بہت ہی کم ہیں بلکہ دوسری جانب میلان زیادہ ہی یعنی الفاظ مثل دوپٹہ۔ آنچل۔ پازیب وغیرہ جن سے اشعار کی موضوع لہ جنس اُناث سمجھی جاویں بہت کثرت سے پائے جاتے ہیں ہمکو چاہیے کہ ہم اس امر میں منشی صاحب کی تقلید کریں۔ ہر قوم کا علم ادب اُسکے طرز معاشرت کا آئینہ ہی اور جب تک ہماری شاعری میں اس قسم کے اشارے کنائے ہوں گے گو ہم کتنے ہی ترقی تہذیب کے اعلیٰ مدارج طے کر جائیں ہماری طرز معاشرت پر ایک بدنما دھبّا لگا رہیگا اور غیر قومیں ہمارا علم ادب پڑھتے وقت استعجاب اور ذلت کی ملی ہوئی نگاہیں ہم پر ڈالینگی۔

منشی صاحب نے اس خاص طرز کی طرف توجہ تو کی مگر افسوس معلوم نہیں کیا وجہ ہی کہ بعض بعض مقامات پر ایسے الفاظ کے ساتھ ان مضامین کو باندھ گئے ہیں جو اُن کی شان سے نہایت بعید معلوم ہوتے ہیں۔ مثلاً

آنکھیں دکھلاتے ہو جوبن تو دکھاؤ صاحب		وہ الگ باندھ کے رکھا ہی جو مال اچھا ہی	
نکلے ہی پڑتے ہیں محرم سے اُچکے دیکھو		شرم کی بات ہی تم اُنکو دباتے بھی نہیں	

طبائع عامہ کا میلان اس طرف زیادہ ہی کہ اشعار میں صاف صاف الفاظ اور روزمرہ کے محاورات میں وہ دلی جذبات اور وہ سچے واقعات بیان کر دیئے جائیں جو در اصل دلپر گذرا کرتے ہیں اور جنکا ظاہر کرنا فن شاعری کا ایک بڑا کام ہے اس رنگ میں ہم منشی صاحب کی طبیعت کا حال پیشتر لکھ چکے ہیں اس موقعہ پر ہم اُسکا نمونہ پیش کرتے ہیں اس میں جس حد تک اُنہیں کامیابی ہوئی ہے وہ داغ کے اشعار کے مقابلہ سے معلوم ہو جائیگا گو داغ کی سی چل پہر اور شوخی منشی صاحب میں نہیں لیکن جو شکوہ و وقار منشی صاحب میں ہی وہ داغ میں آنہیں سکتا۔

توبہ کرکے بھی خم می کا نہ پیچھا چھوڑا
قہر کی طرح لگی رہتی ہی نیت میری

دم زینت یہ ہے وسواس اُسکو بدگمانی سے
کسی کی روح مثل بو نہو پھولوں کے ہار و نمیں

رشتہ کہکشاں میں بجلی ہے
تیغ اُس ترک کی کمر میں نہیں

کلیاں یہ سرخ سرخ نہیں لالہ زار میں
مہندی لگی ہے دست عروس بہار میں

واں چشم و ابرو جنبش اور یاں جگر ہی دل کی پاس
قاتل وہ قاتل کے قریں بسمل ہی یہ بسمل کے پاس

دعوی و ثبوت کا طریقہ ان سب میں بیمزہ ہے۔ گو یہ منشی صاحب کے اشعار میں بہت کم پایا جاتا ہے مگر جہاں پایا جاتا ہے وہاں ایسا معلوم ہوتا ہی کہ ایسا شخص لکھ رہا ہے جسکو ہمیشہ ایسے مضامین لکھنے کی عادت ہی۔ چنانچہ فرماتے ہیں ؎

سیہ بختی نے پہنچایا ہی مجکو اہل منبش تک
گذر آنکھوں میں سرمہ کی بدولت ہے سلائی کا

اعلی پر اسفلوں کو ہی بحر جہاں میں فوق
دریا میں موتیوں سے ہی بالا نشیں حباب

مضمون کے اور اشعار درج ذیل ہیں ؎

ناوک ناز سے مشکل ہی بچانا دل کا
درد اُٹھ اُٹھ کے بتاتا ہی ٹھکانا دل کا

اوڑا پارا جلا اسبند ڈب کر رہگئی بجلی
ہمیں ثابت قدم ٹھیری تمہاری جان شاد رہو نمیں

نظر ہی آئنہ پر مانگتے ہیں عکس سے بوسہ
وہ خود اپنے در دولت پہ ہیں امیدار و نمیں

خیال ہی میں مزے وصل دلربا کے لیئے
لیئے جو بوسے تو ہونٹوں ہی ہی چبا کے لیئے

گو کہ مجھے خط کے مضمون سے نفرت ہی اور میری یہ رائے ہی کہ ہماری شاعری کو فارسی کی تتبع سے علیحدہ ہو کر عشق امرد باندھنا بالکل چھوڑ دینا چاہیئے مگر چونکہ منشی صاحب اسکو ایک موقعہ پر نہایت خوبی سے باندھ گئے ہیں مجبوراً لکھتا ہوں ؎

آنکھیں لڑ سکتی ہیں اب کس کی کہ نکلا خط سبز
لے کے نکلا ہی یہ سادات کا لشکر عارض

پائے جاتے ہیں اس طرز پر چلنے کے لیئے بہت احتیاط کی ضرورت ہی اور جب تک منشی صاحب جیسا قابل نہو اس طرز کو نباہ نہیں سکتا۔ لطف یہ کہ اس طرز خاص کے اشعار ہمیشہ بیمزہ اور پھیکے ہوتے ہیں۔ ناسخ کے اشعار میں اعلیٰ درجہ کے مضامین ہونگے مگر لطف بالکل نہیں برخلاف اس کے منشی صاحب اس طرز میں بھی ایک خاص شوخی پیدا کرتے ہیں جو انہیں کا حصہ ہی۔ مثال

مر کے بھی ایسی شگفتہ ہی طبیعت میری		پھولوں کیساتھ کھلی جاتی ہی تربت میری	
اس شان سے وہ برق وش آتا ہی ادھر آج		گلنار دوپٹہ سی بھی اُڑتے ہیں شرر آج	
لاکھوں کو خاک میں تو ملا دیگا آسماں		ظالم سے دو دلوں کو ملایا نجائیگا	
مقتل میں دیکھکر مجھے بیکس ہوا وہ نرم		اُس جنگجو سے صلح ہوئی لڑ گیا نصیب	
آفریں کہنے سے رُک جاتا ہی قاتل میرا		لذت قتل گھٹاتا ہے بڑھانا دل کا	
میرے تمہارے بیچ میں آتا ہی بار بار		کمبخت پاؤں بھی نہیں تھکتے ملال کے	
زمیں کو ہم سے غبار آسماں ہمارے خلاف		نہ ہم زمیں کے لیے ہیں نہ آسماں کیلئے	

استعارات و تشبیہات سے منشی صاحب کا کلام بھرا پڑا ہے۔ سخن فہموں پر مخفی نہیں کہ ایک خوبصورت تشبیہ اور نفیس استعارہ سے شعر کی شان کس قدر بڑھ جاتی ہے اور انہیں استعارات کے بھدے ہونے سے کسقدر شعر کم مرتبہ بیمزہ اور بھدا ہو جاتا ہے۔ اس میں منشی صاحب کا التزام ایسا رہا ہے کہ کلام میں بھدا پن نہیں آنے پایا بندش کی چستی الفاظ کی بامو قعہ ہونے اور اُن استعارات و تشبیہات کے نرالے پن کی وجہ سے کلام بے لطف نہیں ہونے پایا۔ میرے نزدیک منشی صاحب کے کلام میں اور دوسرے اس طرز کے تابعین کے کلام میں یہی بات مابہ الامتیاز ہے۔ مثال

سبکدوشی سے میں وحشی ہوا دشت وحشت ہوں		پشیماں ہوں جو ڈالیں ہات کانٹے میری دامن پر	
صورت غنچہ نہیں تاب تکلم مجکو		مونھ کے سو ٹکڑے ہوں گر آئی تبسم مجکو	

ہمہ تن ہو کہ زباں کہنے لگا یوں سر دست		موہ بنا چاہیئے عاقل کو تعلق سے حذر	

اس مناظرہ کا لطف پوری تشبیب دیکھنے سے تعلق رکھتا ہے۔

قصائد میں بھی رنگ شوخی کہیں کہیں لاتے ہیں اور اُسکو بہت خوبی سے نباہتے ہیں۔ مگر غزلوں میں یہ بات بہ نسبت قصائد کے زیادہ ہے۔ بعض اصحاب کی یہ رائے ہے کہ جب تک چستی بندش اور خوشنما ترکیبات لفظی کے ساتھ اعلیٰ درجہ کی مضمون آفرینی نہو تب تک شاعری کا درجہ حاصل ہی نہیں ہوتا بلکہ اُن کے نزدیک رُوزمرہ اور معمولی محاورات جو عامہ خلائق کے زبان زد ہیں لکھنا اوچھے پن میں داخل ہے ایسی شاعری کو وہ شاعری نہیں کہتے بلکہ نظم لکھنا کہتے ہیں۔ میں اس امر کا فیصلہ ناظرین پر چھوڑتا ہوں۔ منشی صاحب کا التزام مضمون آفرینی کی طرف زیادہ رہا ہے گو اُنھوں نے جا بجا روزمرہ اور محاورات بھی باندھے ہیں اور دکھا دیا ہے کہ کلام میں شوخی کا چٹخارہ دینے میں وہ کسی طرح عاجز نہیں ہیں مگر اُن کے ذی وقار سنجیدہ اور متین طبیعت اُسی طرز دوم یعنی مضمون آفرینی کے لیے زیادہ موزوں واقع ہوئی ہے۔ شوخی کلام کی طرف اُن کے مائل ہونے کی وجہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ اُنھوں نے میلان طبائع عامہ کا اسی طرف دیکھا اور اپنے مقتضائے طبیعت کے خلاف اس روش کو اختیار کیا۔ گمان ہے کہ اُنکا یہ شعر اسی طرف اشارہ کرتا ہے۔

عالم میں رواج اب یہ ہوا بے ہنری کا		ہم عیب کی مانند چھپاتے ہیں ہنر آج	

سچ تو یہ ہے کہ یہ بھی اُن کی قادر الکلامی اور انتہائے لیاقت تھی کہ ایسی طرز میں جو اُن کی طبیعت کے خلاف تھی اسقدر کامیابی حاصل کی۔

مناسبات لفظی گو بعض اوقات اشعار میں غلبہ کر جاتے ہیں مگر ایسی مثال اُن کے کلام میں بہت کم ملیگی کہ کسی خاص مناسبت کے لیئے زبردستی الفاظ بے موقع ٹھونس دیئے گئے ہوں اور شعر بہدا ہو جائے۔ یہ عیوب امانت میں اور دیگر کم درجہ کے شعرا میں جو اس طرز پر چلتے ہیں کثرت سے

ایک قصیدہ نہایت سخت قافیہ میں لکھا ہی جسمیں پانچ مطلع ہیں اور ایک سو تینتیس ۱۳۳ شعر ہیں مطلع اول یہ ہی

تا کجا کوتہی اے دست ہوس کر جیوٹ	پردۂ شرم رخ شاہد معنی سے اُلٹ

واقعی کمال کیا ہی اس سنگلاخ زمین میں اسقدر اشعار آبدار لکھے ہیں دراصل تپہر پر دوب لگائی ہی مصحفی و انشا نے بہی اس زمین میں قصیدے لکھے ہیں مگر وہ لطف نہیں جو اسمیں ہی چنانچہ خود فرماتے ہیں

دو قصیدے جو ہیں مصحفی و انشا کے	واقعی سکہ رائج ہیں ولیکن سلپٹ
سخت پتہر سے جوتے قافیۂ نامانوس	کچھ بہی کاٹا نہ گئی تیغ زباں اُنکی اُچٹ
ذائقہ ہے تو فقط گرمی و بیباکی کا	پر فصاحت سے یہ کہتے ہیں کہ چل دور ہو ہٹ
ہمت فکر نے باندہی جو کمر بہر جواب	اول اول تو طبیعت کو ہوئی گہبراہٹ
آخر آخر ہوئی یہ نظم کی صورت پیدا	کر لیا تازہ مضامیں کا علاقہ کورٹ

اس میں سلپٹ اور کورٹ کے قافیے قابل داد ہیں۔

قصیدہ مشتمل بر مناظرہ آئنہ و شانہ کی تشبیب میں گو روش مناظرہ کی اختیار کی گئی ہے مگر اس میں رعایت لفظی اور مناسبات کا خیال زیادہ ہی استعارات اور تشبیہات کا بہی زیادہ جوش ہی اور ضروری بات ہی کیونکہ یہ مضمون ہی ایسا ہے کہ اس میں استعارات و تشبیہات کی زیادہ گنجائش ہی۔ باایں ہمہ خوبی محاورات کو ہات سے جانے نہیں دیا ہے۔ مثال میں صرف دو چار شعر کہیں سے کہیں سے پیش کرتا ہوں سلسلہ وار لکھنے میں خوف طوالت ہی۔

آئنہ شانہ سے کہتا ہی کہ سر چڑہ نہ بہت	مونہہ کی کہائے نہ کہیں حاکپ نہ ہو تیرا جگر
بال بیکا ہو حسینو کا تو توڑیں تیرے دانت	دانت دینے لگیں ایذا تو شکستہ بہتر
بال یوں منہ میں ترے ٹوٹ کے رہجاتا ہی	جس طرح شانہ ضحاک میں تہا سانپ کا گہر
کہپ گیا شانہ ملامت کا نشانہ ہو کر	موئے تن بہت ہوئے تیر کی صورت یکسر

اہل دفتر نے جو کی کہول کی بستو نکو نشست
گردن منشی گردوں ہوئی تسلیم کو خم

وقت دربار ہوا جمع ہوئے مجرائی
عقل و فہم و خرد و ہوش و تدابیر و حکم

سامنے آنے لگے خیر طلب بہر سلام
مرد ہا تھا جو ادب کا وہ پکار اپیم

روبرو خسرو جمجاہ فلک فر کے سگاہ
تا ابد سلطنت پشت و پناہ عالم

روبرو دستخط خاص کو لایا کاغذ
حکمت الدولہ تھا جو منشی یاقوت رقم

بعد اخبار کے پرچوں کی جو نوبت آئی
نے مضمون کا اک پرچہ ہوا پیش اُسدم

کہ ملازم ہیں جو سرکار کے دو دانش دہیم
در دولت پہ ہی ہنگامہ لڑے ہیں باہم

جب یہ دونوں حاضر ہوئے تو فرمان ہوا کہ سبب فساد بتاؤ یہاں پر کس لطف سے گریز کرتے ہیں عقل کی زبان سے کہلایا ہے۔

ایک حاکم ہے فلک جاہ خردمند زکی
صاحب علم و ہنر معدن اخلاق و کرم

نام ہے کلب علی خان بہادر جم جاہ
جسکے خادم ہیں ہم مرتبہ قیصر و جم

علم میں حلم میں جود و کرم و حکمت میں
ہے وہ یکتائے زمانہ سر اقدس کی قسم

اس قصیدہ میں حکم نادر کی بے انتہا سختی و مبنی بر ظلم ہونے کی رائے اور ممدوح کے حکم کے پر از معدلت و رحم ہونے کی تعریف جو کی گئی ہے بالکل سچی اور نیچرل ہے اس میں مبالغہ کو ذرا دخل نہیں دیا گیا۔ ہمارے ایشیائی شاعر اُن تعریفوں کو جو مبالغہ کی حد سے گزر کر غلو تک نہ پہنچگئی ہوں قصیدہ میں لانا خلاف شان سمجھتے ہیں یہاں پر اُسکا التزام نہیں رکھا گیا کاش ہماری شاعری کے لئے ایسا دن آوے کہ اُس میں سر سے پیر تک ایسی ہی سچی تعریفیں ہوں میں یہ نہیں کہتا کہ بالکل سچا اور ٹھوس تاریخی واقعہ لفظ بہ لفظ بیان کیا جائے نہیں مبالغہ ہو مگر ایک جائز حد تک ایسا کہ ؎

چشمۂ فیض سے اُسکے جو تبحر ہوں سیراب
عوض برگ ہر اک شاخ میں پیدا ہو دم

محاورات کی بندش اور دلی جذبات کا صاف روزمرہ میں ظاہر کرنا۔ اب ہم یہ دکھانے کی کوشش کرینگے کہ منشی صاحب نے مختلف طرزوں کا التزام کس طرح پر کیا کیونکر ہر ایک کو نباہا اور ہر ایک رنگ میں کہاں تک پہلے پہونچے۔ گو منشی صاحب کے کلام کا بڑا حصہ غزلوں میں ہے مگر چند قصائد بھی انہوں نے لکھے ہیں لہذا ہم ان دونوں پر علیحدہ علیحدہ نظر ڈالتے ہیں۔ قصائد میں منشی صاحب کا رنگ سب سے نرالا ہے۔ شکوہ الفاظ اور مضمون کی بلندی کے ساتھ تشبیب کے وہ نرالے رنگ کہیں ہیں کہ قدما میں بہت کم پائے جاتے ہیں۔ اگرچہ غالب حصہ اُن کے کلام کا غزلیات ہیں اور اُنکے کلام کا پورا اندازہ انہیں غزلیات کی تنقید سے ہو سکتا ہے مگر قصائد پر نظر ڈالنے کے وقت یہ کہنا بیجا نہیں معلوم ہوتا کہ اُن کے کلام میں مناسبات لفظی و نازک استعارات و تشبیہات کیساتھ مضمون آفرینی کا غلبہ ہے اور یہ طرز قصائد کے شان کے لیئے بالکل مناسب ہے۔ قصیدہ مشتمل بر مناظرہ دانش و وہم کی تشبیب میں رعایت لفظی نسبتاً بہت کم ہیں مگر چست بندشیں نازک مضامین اور زبان و محاورات کی خوبیاں مل جل کر اُسے اوج ثریا تک پہنچا دیتی ہیں۔ اس تشبیب میں ایک خاص بات ہے جو اور تشبیبوں میں موجود نہیں وہ یہ کہ یہاں فرمانروائے اقلیم سخن کے دربار کا نقشہ اس خوبی سے کھینچا ہے کہ بالکل سما آنکھوں تلے پھر گیا شاید اگر اس میں بھی وہی رعایات لفظی کی کثرت ہوتی تو اس خوبی سے دیدۂ دل کے سامنے یہ تصویر نہ کھچ سکتی کیونکہ الفاظ کی خوبی اپنی طرف اسقدر محو کر لیتی ہے کہ معانی کیطرف ذہن کو جانے ہی نہیں دیتی۔ تشبیب میں سے چند اشعار ہدیہ ناظرین ہیں۔

تخت کاغذ پہ ہوا صدر نشیں شاہ قلم		دائرے طبل کی صورت ہیں الف شکل علم	
ہیں جو یہ عرصہ کاغذ پہ حروف و حرکات		یہی لشکر ہے یہی فوج یہی خیل و خدم	
ہے فصاحت بصاحب تو بلاغت ہے ندیم		وزرا مرتبہ و دبدبہ و جاہ و حشم	
منتخب ہیں جو مضامیں تو معانی ہیں لطیف		ہیں وہی گنج و خزائن وہی دینار و درم	

کرتا ہوں۔

جب سے سُنا امیر کہ ہیں داغ دردمند	لاکھوں پڑے ہیں سینۂ اہل سخن میں داغ
کہاں ہم اے امیر اور کہاں داغ	یہ جلے ہوچکے خلد آشیاں تک
امیر اچھی غزل ہے داغ کی جسکا یہ مصرع ہے	بھویں تنتی ہیں خنجر ہات میں ہے تنکے بیٹھے ہیں

استادان قدیم سے بھی ارادت رکھتے تھے چنانچہ فرماتے ہیں۔

قدرداں مصحفی و حضرت سودا تھے امیر	لیکے تربت پہ اُنہیں کی یہ غزل جاؤنگا
کیا دن تھے دہلی لکھنؤ تھے میر و مرزا سے چمن	یہ دونوں تھے یکتائے فن اک اسطرف اک اسطرف

بعض مقامات پر دعوی سخن بھی کیا ہے ؎

قدرداں چاہیئے دیوان ہمارا ہی امیر	منتخب مصحفی و میر کے دیوانوں کا

اس میں اُن بزرگوں کی توہین نہیں پائی جاتی بلکہ منشی صاحب کا یہ مطلب ہے کہ ان دونوں کے طرز کلام کے نمونے میرے دیوان میں موجود ہیں اور واقعی جیسا ہم پہلے کہ چکے ہیں کلام منشی صاحب کا ہر طرز پر حاوی ہے کسی ایک طرز پر انحصار نہیں۔ اول تو اُن مختلف طرزوں کا بتا دینا ضروری ہے اُردو شاعری نے مختلف بزرگان متقدمین اور متاخرین کے ہات میں مختلف طرزیں پکڑیں جداگانہ طرز میں جدا جدا اُستاد گذرے جنہوں نے بالالتزام اُس خاص طرز میں اپنی شاعری کو محدود کرکے از اول تا آخر اُسی کو نباہ دیا ہم اس موقع پر اس امر کی بحث کو فروگذاشت کرتے ہیں کہ کونسی خاص طرز کا کون موجد ہوا صرف ان اقسام کو بیان کرتے ہیں جنمیں یہ طرزیں منقسم ہیں۔ اول عمدہ فارسی ترکیبات کی مدد سے جو زبان اردو میں بلا تکلف خوبی کے ساتھ بندھ سکیں نازک مضامین کا پیدا کرنا۔ دوم۔ اشعار میں مناسبات لفظی کا غلبہ اور یہ بات کہ ایک مصرعہ میں کسی بات کا دعوی ہو اور مصرعہ ثانی میں اسی بات کا شاعرانہ ثبوت۔ سوم۔ سلاست زبان کے ساتھ شوخی آمیز اور رنگین

ملاحظہ کیجیے جبکہ خواجہ آتش نے مشاعروں میں شریک ہونا ترک کر دیا تھا شاگردوں نے اصرار کیا
فرمایا کہ "اب مشاعروں میں کیا جائیں ناسخ اُٹھ گیا اب کون سمجھنے والا باقی ہے"۔ اس سے معلوم
ہوتا ہے کہ وہ لوگ باطن میں ایک دوسرے کو وقعت اور قدر کی نگاہ سے ضرور دیکھتے تھے مگر ظاہر میں
معلوم نہیں کس خاص وجہ سے اعتراف نہیں کرتے تھے ہمارے منشی صاحب اس معاملہ میں خاص طرح پر
خوش قسمت تھے ہر شخص جسے کچھ بھی مذاق سخن ہے اُن کی زندگی میں اُنکا ثنا خواں تھا اور اب بھی ہے
پبلک ذی انہیں خدائے سخن کا لقب دیا ہمعصروں نے اُن کی لیاقت تسلیم کی۔ میں یہ نہیں کہتا
کہ اُنسے کسی کو تخالف نہیں مگر مخالفوں کی تعداد الشاذ کالمعدوم ہے یہ شاید انہیں کے حسن سلوک
اور خوش اخلاقی کا صلہ ہے جو زندگی میں اُنہیں ملا طبیعت میں علاوہ زہد و اتقا کے صلح پسندی
ایسی تھی کہ کوئی اُنکا دشمن ہو ہی نہیں سکتا دہلی اور لکھنؤ میں ہمیشہ چشمک رہی مگر منشی صاحب کا
کل کلام دیکھ جایئے کہیں کسی جگہ ایسا اشارہ نہ پائیگا جس سے ظاہر ہو کہ کسی دہلی والے پر چوٹ
کی ہے۔ خود پسندی کی بلائے بد جس سے ہندوستان اور ایشیا پر منحصر نہیں یورپ کے بعض
شعرا بھی محفوظ نہیں اس تقدس مآب بزرگ میں چھو نہیں گئی تھی۔ اس دعوی کی تردید میں اگر کوئی
یہ کہے کہ اُنہوں نے بعض موقعوں پر اپنی شگفتگی طبیعت اور نفاست مضمون کی تعریف کی ہے تو
اس سے میں بحث نہیں کر سکتا کیونکہ جس کو شاعرانہ تعلی اور اُس خود پسندی میں جسکا نتیجہ
بے انصافی اور معاصر شعرا کے کلام کے ناقدردانی ہے فرق معلوم نہیں اُس سے کوئی کیا بحث
کرے یہ بات واقعی قابل تعریف ہے کہ اُنہوں نے اپنے معاصرین کے ساتھ مخلصانہ برتاؤ رکھنے
کے علاوہ اُنکے کمال کا بھی اعتراف کیا ہے۔ یہ بات ترقی تہذیب کے بالکل شایاں ہے اور اگر یہ
بات ہمارے کل شعرا میں پیدا ہو جائے تو ہمیں یہ کہنے کی گنجائش ہے کہ ہمارے ہاں کے شعرا
بلحاظ خوش اخلاقی کے کسی مہذب ملک کے شعرا سے کم نہیں۔ اسکی تمثیل کے لیے اشعار ذیل درج

ایک موقعہ پر منشی صاحب خود فرماتے ہیں

پہلا کلام بھی ہے جو اس میں شریک میرا	دیواں میں اب کا رنگ کہیں ہے کہیں نہیں

قطع نظر فن شاعری کے منشی صاحب کے ذاتی کمالات اور قابلیتوں سے کوئی شخص خصوصاً طالبان و قدر دانان سخن ناواقف نہیں وہ زبان عربی اور فارسی کے جید عالم تھے زہد و تقوی میں بھی وہ گروہ شعرا میں بجز دو ایک کے سب پر تفوق رکھتے تھے۔ دنیا کے قابل اور لائق لوگوں میں سے بہت کم ایسے گذرے ہیں جنکو بڑے بڑے مخالفتوں کا سامنا نہ کرنا پڑا ہو۔ شعرا اور مصنفین کا گروہ تو اس معاملہ میں خاص طور پر بدقسمت ہے مشکل سے کسی شاعر کو اُس کی زندگی میں لوگوں نے اوستاد مسلم الثبوت مانا ہے اگر دس آدمی اُس کے مداح ہوئے ہیں تو ہمیشہ پچاس مخالف۔ بیجا نکتہ چینیوں اور مہمل اعتراضات کی ہمیشہ بھرمار رہا کی۔ بے بصیرتوں کا تو ذکر ہی کیا وہ تو مجبور ہی ہیں وہ لوگ بھی جو صاحبان علم و فن تھے جو جوہر شناسی کا دم بھرتے تھے آنکھوں پر ٹھیکریاں رکھکر بیجا نکتہ چینیوں کیا بلکہ دھینگا مشتی تک کو طیار ہو جاتے تھے۔ آپ نے میر و سودا کے جھگڑے تو سنے ہی ہونگے مصحفی اور انشا کے قصے گوش گذار ہوئے ہونگے کیسی کیسی ہجو ونکی ہر بار ہوئی کسقدر ایک دوسرے پر طعن و تشنیع کا مینھ برسایا گیا۔ آتش و ناسخ کو دیکھیئے گو ان بزرگوں نے ہجوں اور گالیوں سے اپنی زبانیں آلودہ نہیں کیں مگر تاہم اشارۃً کنایۃً چوٹیں چل ہی جایا کرتی تھیں۔ میں صرف وہ موقع یاد دلاتا ہوں جبکہ خواجہ آتش نے یہ غزل پڑھی تھی جسکا مطلع یہ ہے

سُن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا	کہتی ہے تجکو خلق خدا غائبانہ کیا

اور جبکہ اُنہوں نے مقطع میں ناسخ کی طرف یوں اشارہ کیا تھا

گر مدعی حسد سے نہ دے داد تو نہ دے	آتش غزل یہ تو نے پڑھی عاشقانہ کیا

اس مخالفت اور دشمنی کو دیکھیئے اور پھر ناسخ کے انتقال کے بعد اُن کی لیاقت کا تسلیم کرنا

منشی امیر احمد صاحب امیر مینائی لکھنوی

منشی مظفر علی اسیر مصحفی کے ارشد تلامذہ میں سے ایک سرآوردہ شاعر تھے منشی امیر احمد صاحب امیر کو اُنسے تلمذ حاصل تھا مگر فن شاعری میں منشی صاحب نے وہ کمال حاصل کیا کہ اگر آج اُستاد زندہ ہوتے تو شاگرد پر فخر کرتے انکا سلسلہ نسب حضرت شاہ مینا قدس سرہٗ تک پہنچتا ہے جو لکھنؤ کے ایک مشہور بزرگ ہیں۔

یہ نہیں کہا جا سکتا کہ شاعری میں کسی طرز خاص کے پیرو ہیں جس کو اُنہوں نے التزام کیا تھا شروع سے اخیر تک بنایا ہوا اُنکا کلام ہر طرز کا جامع ہے۔ پچھلے دیوان کے دیکھنے سے یہ ضرور معلوم ہوتا ہے کہ شوخی اور رنگینی مضامین اور صفائی زبان یعنی روزمرہ جو آج کل پسند عام ہے اُسکی طرف پہلے سے طبیعت اغب نہ تھی اخیر میں جبکہ طبائع عامہ کا انداز ہوا تو اس روش کو بھی اختیار کیا اور دکھا دیا کہ ہر قسم کے کلام پر پوری قدرت رکھتے ہیں۔

ہماری اردو زبان میں مثل اور ایشیائی زبانوں کے کلیات اور دیوان کی ترتیب کا طریقہ چونکہ حروف تہجی کی ترتیب پر منحصر ہے اسلئے شاعر کے رفتہ رفتہ رنگ طبیعت کے بدلنے کا پتہ نہیں چلتا۔ ہر ایک شاعر کی اول تصانیف میں جبکہ اُس کی طبیعت میدان سخنوری میں تازہ جولاں ہوئی ہو اور اُس کی آخر تصانیف میں جو پختگی اور کہنہ مشقی کا نتیجہ ہیں قریب قریب ہمیشہ بڑا فرق ہوا کرتا ہے اس فرق کا دریافت کرنا اور یہ امر معلوم کرنا کہ اس کی طبیعت نے ترقی کے مدارج کیونکر طے کیئے اور کس سطح سے اُسے اوج ترقی تک عروج ہوا تنقید کلام کے لیئے ایک ضروری بات ہے۔ موجودہ طرز ترتیب کے موافق سب اگلے پچھلے کلام بلا رعایت زمانہ تصنیف کے جمع کر دیئے جاتے ہیں اس صورت میں یہ امر بالکل ناممکن ہو جاتا ہے کہ ہم اگلے اور پچھلے رنگ میں تمیز کر سکیں چنانچہ

جامعیت کی ہی تلاش جنہیں | روح مینائی پھر وہ لے آئیں | دل یہ کہتا ہے مرگئی اُردو
کس طریقہ سے دلکو سمجھائیں | جب وہ زندہ تھا تب تو قدر نہ کی | کیوں نہ اس غم میں ہم بھی مر جائیں
ہم نہیں مانتے ہمارا میر | حیدرآباد والے دیکھائیں | ذوق و آتش کا جانشیں تھا وہ
جانشیں اُس کا کسکو ٹھہرائیں | کب یہ امید ہی ہمارے نصیب | پھر کبھی ایسی شکل دکھلائیں

اُب نہ دنیا میں آئینگے یہ لوگ | کہیں ڈھونڈے نہ پائینگے یہ لوگ" (حالی)

اوستادوں کی وہ مثال کہاں | غازۂ چہرۂ کمال کہاں | ساتھ اُس کے گیا تخیل بھی
اُب وہ رعنائی خیال کہاں" | سرد بازار خوبرویاں ہی | اب وہ تعریف خدوخال کہاں
کھ رہا ہی تڑپ تڑپ کے سخن | میرے زخموں کا اندمال کہاں | جب کہ مال و متاع ہی نہ رہا
رہزنی کا ہو احتمال کہاں | مبتلائے بلا ہوا ہوں میں | دیکھوں پہنچائے یہ بال کہاں
سوگواروں میں ہوگیا شامل | شوق آرائش جمال کہاں | نا اُمیدی ہی حال سے ابتو
مجکو اندیشۂ مآل کہاں | کون سنتا ہی داستانِ غریب | اپنا جاکے کہوں میں حال کہاں

گوش کن ای خدافغان سخن | دلخراش ست داستان سخن

کون کہتا ہے ہی سخن باقی | ہی زباں بند اور دہن باقی | آج بیجاں پڑا ہے جسم کلام
سر نہیں گو ابھی ہی تن باقی | جب وہ ساقی نہیں رہا ہم میں | کیوں ہی رندوں کی انجمن باقی
جب نواسنج عندلیب نہیں | کیوں ہی آرائش چمن باقی | اک سلیمان ملک شعر نہیں
ہے بھی کوئی تو اہرمن باقی | اُسکے دم تک تھا شعر کا چرچا | اب کہاں ذوق علم و فن باقی
کسپہ اہل وطن کرینگے ناز | اب نہیں نازش وطن باقی | کیسا مہماں نواز ہے تو بھی
زندہ رکھا نہ اے دکن باقی | اُسکے مرتے ہی ہوگئے سب گنگ | کیوں ہی سجاد نعرہ زن باقی

اسکا مرنا جہاں کا مرنا ہے | اور اردو زباں کا مرنا ہے

ترکیب بند مرثیۂ امیر احمد صاحب مینائی امیر مرحوم و مغفور

از سید سجاد حیدر

ہے کہاں آج وہ فدائے سخن — کشتۂ خنجر ادائے سخن — ہم میں وہ ہی تو رہ گیا تھا ایک
عاشق طلعت ولقائے سخن — اُس کو دنیا میں جب نہ ہم پائیں — کیوں نہ چلائیں ہائے ہائے سخن
اس کے سر پر نہیں کوئی باقی — ہیں جگر دوز نالہائے سخن — بعد مردن بھی ہوگا فکر اُسے
زیست تھی جس کی از برائے سخن — کون ایسا ہے جو اُٹھائے پھر — ہے زمیں بوس اب لوائے سخن
ہر طرف ہے ہجوم ناجساں — اب نہیں ایک آشنائے سخن — شاہ ملک سخن نہیں اک بھی
گرچہ ہیں سیکڑوں گدائے سخن — موت سے گر خدا مبرّا ہے — مر گیا پھر وہ کیوں خدائے سخن

اُستاد جہاں امیر احمد — فخر ہندوستان امیر احمد

وہ تقدس مآب ہم میں نہیں — مرجع شیخ و شاب ہم میں نہیں — رابطہ جس کو روح قدس سے تھا
وہ ملائک جناب ہم میں نہیں — جو سپہر سخن پہ تھا تاباں — آج وہ آفتاب ہم میں نہیں
جسکے نشہ سے مست تھا ہر ایک — وہ مئی تند و ناب ہم میں نہیں — کوئی بعد اُس کے اوستادی کا
مستحق خطاب ہم میں نہیں — اُس سے بڑھکر تو کیا کوئی ہوگا — کوئی اُسکا جواب ہم میں نہیں
جوشش رنج سے سکوں کیسا — کچھ بجز اضطراب ہم میں نہیں — اُسکے غم میں کوئی بھی ایسی ہے
آنکھ جو کہ پر آب ہم میں نہیں — تا کجا جور و ظلم چرخ سہیں — ضبط نالہ کی تاب ہم میں نہیں

شور آہ و بکا چنیں ہر سو — رستخیز است ہمنشیں ہر سو

اُسکو گرم سخن نہ جب پائیں — کیوں نہ شیون کریں نہ چلائیں — لوگ کہتے ہیں کون شاعر ہے
آج ہم کس کا نام بتلائیں — ہم کو تحقیق لفظ ہے منظور — کس طرف اُس کو اسطے جائیں

(رضا لائبریری)

عمر کٹتی تو ہے مگر کیسے — جان مضطر کی غمگساری میں — نہ امیر اللغات طبع ہوئی
رہ گئے سب امیدواری میں — میں ہوں کس حال میں نہیں معلوم — بیخودی میں کہ ہوشیاری میں

خاطرے محو حیرتی دارم — خود ندانم چہ حالتے دارم

اب کہاں لطف شعر خوانی کا — ہو بُرا مرگ ناگہانی کا — شعر تو شعر میں یہ کہتا ہوں
نہ رہا لطف زندگانی کا — چھپ گیا زیر خاک جب سے امیر — شوق ہے گریہ نہانی کا
ہمکو دشوار ہے تڑپنا بھی — اب یہ عالم ہے ناتوانی کا — نہوے میہمان امیر لغات
رہ گیا شوق میزبانی کا — پیر تھے پر اعتبار سخن — تھا زمانہ ابھی جوانی کا

منم و شوق نوحہ خوانہا — رفت بابا رشادمانہا

جوش میں رنج و یاس و حسرت کے — کچھ عجب رنگ ہیں طبیعت کے — میں نے تو روز حشر دیکھ لیا
لوگ قائل نہوں قیامت کے — کچھ وطن کی بھی ہے خبر تجکو — او مسافر دیار غربت کے
ماتمی ہے لباس شام اودھ — ایسے صدمے ہیں تیری فرقت کے — صبح کاشی کا ہے گریباں چاک
ہیں نتیجے یہ غم کی شدت کے — لکھنؤ بد نصیب تھا حسرت — ہم ہیں قائل دکن کی قسمت کے

بڑھ گئی تجھ سے آبروی دکن — تیرے مرقد سے آرزوی دکن

اب کوئی واقف دوا نرہا — ریختہ قابل شفا نرہا — اب ہے اُردو ترا خدا حافظ
تیری کشتی کا ناخدا نرہا — نار کس پر کیا کریگی تو — قدرداں اب کوئی ترا نرہا
تھا بھروسا امیر پر پہلے — اب تو اُس کا بھی آسرا نرہا — ہو چکی انتہای جور فلک
اب ہمیں چرخ سے گلا نرہا — انتقال امیر سے حسرت — ناز کا مجکو حوصلا نرہا

ناسخ و آتش و اسیر گذشت — بگذشت نازم کہ ہم امیر گذشت

(مرقومہ سید فضل الحسن حسرت موہانی)

ترکیب بند مرثیہ امیر از ابوالوفا سید فضل الحسن حسرت موہانی

دل کو ایسا تو اضطرار نہ تھا | ہائے کل تک میں بیقرار نہ تھا | زور پر تھی نہ دل کی بیتابی
گریۂ چشم اشکبار نہ تھا | کجروی سے فلک کی غافل تھے | شکوۂ جور روزگار نہ تھا
کامیابی کی کل تلک تھی امید | میں تمنا سے شرمسار نہ تھا | ای فلک کیوں دیا نیا صدمہ
کیا میں پہلے سے دلفگار نہ تھا | میرے ارمان ملای خاکیں کیوں | تیرے دل میں اگر غبار نہ تھا

گلبن گلشن اسیر نماند | ایں چہ شد اے خدا امیر نماند

تازہ ہر روز اک مصیبت ہے | کیا بری بختیہ کی قسمت ہے | نہیں آتا یقین مرگ امیر
جان بیتاب محو حیرت ہے | مجمع آرزو نہیں باقی | دل مایوس بزم حیرت ہے
دہر میں تھی امیر کے دم سے | آج سے شاعری کی رخصت ہے | چھپ گیا آفتاب فضل و کمال
یا الٰہی یہ کیا قیامت ہے | کیا کہوں کیا ہے انتقال امیر | ایک ہنگامۂ مصیبت ہے

پُر الم ہے ہر آشنائے سخن | کیوں نہ ہو اُٹھ گیا خدای سخن

تو نے اے چرخ کج ادائی کی | تاب ہمکو نہ تھی جدائی کی | کیوں چھٹایا امیر کو ہم سے
ہم نے کیا تجھ سے تھی بُرائی کی | تھا وہ فرمانروائے ملک سخن | جسنے اس فن میں ہاں خدائی کی
شاعری اور اُسپہ فضل و کمال | تھی جھلک شان کبریائی کی | اُسکی رندی بھی کیسی رندی تھی
جان تھی زہد و پارسائی کی | روح پاک امیر کے ہمراہ | جان نکلی غزل سرائی کی

بے مکیں ہو گیا مکان سخن | جسم ہے پر نہیں ہے جان سخن

دن ہوا ختم آہ و زاری میں | کٹ گئی رات بیقراری میں | کوشش ضبط سے نہ فرق آیا
دیدۂ تر کی اشکباری میں | نہ رہا لطف زیست بعد امیر | جاں ہے مصروف دم شماری میں

مرثئے پڑھے۔ †

۳۱۔ اکتوبر سنہ ۱۹۰۰ء کو شمس الضحیٰ صاحب نے نواب مرزا خاں داغ پر مضمون پڑھا۔ یہ سلسلہ برابر جاری ہے۔ چنانچہ ایک ہفتہ کے بعد سجاد حیدر مولانا خواجہ الطاف حسین صاحب حالی کے کلام پر مضمون پڑھیگا۔

انجمن کے قواعد بھی مقرر ہوگئے ہیں۔ ممبری کے لیئے کوئی ماہواری فیس مقرر نہیں بلکہ صرف ایک روپیہ فیس داخلہ یا دو روپیہ کی عمدہ اردو کتابیں۔ جو صاحب کہ طالب علم نہیں اور اعزازی ممبر ہونا چاہئیں اُنسے کوئی خاص فیس مقرر نہیں۔

انجمن کے چند جوشیلے اور شاعر مزاج ممبر تو یہ کہتے ہیں کہ ولی کے زمانہ سے لیکر آج تک اُردو کی تاریخ میں اس انجمن کا قائم ہونا سب سے بڑا واقعہ ہے۔ خیر، یہ تو صریح مبالغہ ہے مگر ہمیں اُمید کرنی چاہیئے کہ اگر اسی طرح کام ہوتا رہا اور ترقی نہ رُکی تو کسی دن یہ انجمن بھی اُردو کے خادموں میں شمار کیجائیگی۔

ابھی تو کھیل سمجھے ہو مگر اک دن دکھا دینگے — قیامت اسکو کہتے ہیں قیامت ایسی ہوتی ہے

سجاد حیدر
"ناظم انجمن اردوی معلے"

† ہر دو مرثیہ اور مضمون اس پرچہ میں ناظرین کی خدمت میں پیش کیئے جاتے ہیں (ایڈیٹر)

اور چند عمدہ نظمیں جو اُنہوں نے انگریزی سے ترجمہ کی تھیں پڑھیں۔ نیز سید علی حسن صاحب ڈپٹی نے ایک مضمون جسکا عنوان "انسانی زندگی" تھا سُنایا۔

۱۰۔ جون ۱۹۰۰ء کو معشوق حسین خاں صاحب نے شمس العلما پروفیسر محمد حسین آزاد پر مضمون پڑھا اور لطافت حسین خاں صاحب نے "ایکو یا صدای بازگشت" کے عنوان سے ایک ترجمہ سنایا۔

۴۔ اکتوبر ۱۹۰۰ء کو فضل الحسن صاحب و عبدالقادر خاں صاحب و ابو محمد صاحب نے وہ ترجمے سنائے جو اُنہوں نے مختلف انگریزی نظموں سے نظم میں کیئے تھے۔ اور مضامین موسوم بہ "خواب و خیال" مرقومہ عطا حسین صاحب بھوپالی (یہ صاحب کالج کے طالب علم نہیں ہیں۔ نہ علی گڈھ میں رہتے ہیں۔ مگر انجمن مذکور سے حد درجہ ہمدردی رکھتے ہیں اور انجمن نے انہیں اپنا اعزازی ممبر مقرر کیا ہے) و "نغمۂ الفت" مرقومہ سید علی حسن صاحب و "تعلیم نسوان" از افتخار عالم صاحب آزاد پڑھی گئی۔ اس جلسہ کے صدر منشی بشیر الدین صاحب اڈیٹر البشیر اٹاوہ تھے جنہوں نے انجمن کے قائم ہونے پر اپنی دلی مسرت کا اظہار کیا۔

اردو معلی کو اس کم عمری میں تعزیت بھی کرنی پڑی ۱۸۔ اکتوبر ۱۹۰۰ء کو حیدرآباد کے ایک خط سے معلوم ہوا کہ اُردو کے سب سے بڑی نعت کے مصنف اور اردو زبان کے مستند اور مسلم الثبوت شاعر۔ جناب منشی امیر احمد صاحب مینائی لکھنوی نے انتقال کیا (انا للہ وانا الیہ راجعون) انجمن کو اس سے زیادہ اور کونسی خبر رنج دہ ہو سکتی تھی اسی دن ایک جلسۂ تعزیت کیا گیا جس میں مرحوم کے پس ماندوں کے ساتھ اظہار ہمدردی کیا اور لکھنؤ کے روزانہ اخبار "ڈیلی ٹیلیگراف" میں جلسہ کا حال بذریعہ تار کے بھیجا گیا۔ اور یہ قرار پایا کہ آیندہ جلسہ میں "امیر مرحوم کے کلام پر مضمون اور اُنکی وفات حسرت آیات پر مرثیے پڑھنے چاہئیں چنانچہ ۲۲۔ اکتوبر ۱۹۰۰ء کو عبدالغفار خاں صاحب طالب علم بی اے کلاس نے مضمون اور سجاد حیدر اور فضل الحسن صاحب نے

چنانچہ انجمن میں اس قسم کے مضامین بالالتزام پڑھے جاتے ہیں۔

مقصد ثانی ایک حد تک تو متذکرۂ بالا مضامین سے حاصل ہوتا ہے۔ مگر اسی پر بس نہیں کیا جاتا بلکہ انگریزی کے اعلیٰ مضامین۔ اور پاکیزہ نظمیں ترجمہ کی جاتی ہیں، اور ہر ممبر پر یہ لازم کر دیا گیا ہے (اور یہاں انجمن کی عالی ہمتی اپنے معراج کمال پر پہنچگئی ہے) کہ وہ کبھی نہ کبھی کوئی عمدہ کتاب ترجمہ یا تصنیف کرے۔

انجمن اردوے معلی کی منکسر المزاجی اس امر سے ثابت ہو کہ اکتوبر سے پہلے وہ عام نظروں سے پوشیدہ تھی۔ اُسکے جلسے نہایت سادگی اور خاموشی کے ساتھ ہوئے جس میں صرف لڑکے شریک ہوتے تھے اور بزرگان قوم کو شرکت کی تکلیف نہ دیجاتی تھی، کیونکہ اول ہمیں یہ دیکھنا تھا کہ یہ کام چلتا ہے یا نہیں۔ لیکن بگمت مشک کہیں چھپتی ہے۔ اس کی خبر بزرگوں کو بھی ہوئی اور اُنہوں نے اپنی پسندیدگی ظاہر فرمائی۔ اور اب بفضلہ اس کے اجلاسوں میں شریک ہوتے ہیں۔

انجمن کے مضامین کالج میگزین میں مسلسل چھپ رہے تھے اور کسی کو خبر بھی نہ تھی کہ یہ کس کان کے جواہر ہیں مگر اب ہم نے ارادہ کر لیا ہے کہ آیندہ کل مضامین کے متعلق یہ لکھدیا جایا کریگا کہ یہ انجمن اردوی معلی میں پڑھے جا چکے ہیں۔

اردوی معلی نے مئی سے اسوقت تک کیا کام کیا اسکی تفصیل ذیل میں عرض کیجاتی ہو۔

۱۵۔ مئی سنہ ۱۹۰۰ء کو انجمن کا پہلا یا افتتاحی اجلاس ہوا جس میں سجاد حیدر نے "اُردو کیسا تھا ہمارا سلوک" کے عنوان سے ایک مضمون پڑھا اور اُس میں ضرورت انجمن کو ثابت کیا۔ چنانچہ انجمن قائم کی گئی اور سجاد حیدر ناظم انجمن مقرر کیا گیا۔

۲۵۔ مئی کو سید فضل الحسن صاحب حسرت نے ایک مضمون "اصغر علیخاں نسیم" کے کلام پر

کوئی دھوم دھڑکا نہیں کیا گیا۔ نہ تہنیت نامے لکھے گئے۔ نہ بڑے بڑے معزز رؤسا رقوم مدعو کیے گئے؛ کیونکہ یہ خیال تھا کہ جہاں دھوم مچائی جاتی ہے وہاں محض نمایش سے غرض ہوتی ہے نہ کہ کام کرنے سے؛ اور ہمکو کام کرنا مقصود ہے نہ کہ نمایش؛

اس انجمن کے قائم ہوجانے کے بعد ہی ہمیں یہ بھی معلوم ہوگیا کہ سب لوگ انجمن کی ضرورت کو کتنا زیادہ محسوس کرتے تھے اسلیئے کہ ہر شخص اسکا ممبر خود اپنی خواہش سے ہوا، چنانچہ اسوقت کالج کے قریب قریب کل طلبا اس میں شریک ہیں اور انجمن کے جلسے ایسے جوش و خروش اور ایسے باقاعدہ طور پر ہو رہے ہیں کہ ہم بلاخوف کالج کے کسی کلب یا سوسائٹی سے مقابلہ کر سکتے ہیں اس نیک شگون پر بانیان انجمن کے دل باغ باغ ہیں۔ سالیکہ نکوست از بہارش پیداست۔

اگر انجمن عالی ہمت نہیں (بشرطیکہ عالی ہمتی کے معنی خواہ مخواہ دوسروں کے پیش نظر ہونا اور بلاضرورت اوروں کی توجہ اپنی طرف مائل کرنا ہوں) تو انجمن کے مقاصد میں علو ہمت ضرور موجود ہے

اغراض انجمن یہ ہیں؛

(۱) اُردو زبان کے عمدہ لٹریچر سے واقفیت پیدا کرنا۔

(۲) اس میں ترقی دینے کی کوشش کرنا۔

مقصد اول حاصل کرنے کے لیئے اُردو کے عمدہ مصنفین (شاعر و ناثر) کے کلام پڑھنے کی ہر ممبر کو تاکید ہے اور اسکا شوق دلانے کے لیئے اور نیز اس غرض سے کہ اُردو میں اس قسم کے مضامین کا سلسلہ شروع ہو، شعرا و دیگر مصنفین کے کلام پر تنقیدی مضامین لکھے جاتے ہیں۔۔ ہر شخص کو ایک خاص مصنف بالطبع پسند ہوتا ہے اور وہ اُس کے کلام کو غور سے پڑھتا ہے اُس کے محاسن و معائب سے واقف ہوتا ہے اسی وجہ سے وہ شخص اس کام کے لیئے نہایت موزوں ہوتا ہے کہ اُس مصنف کے کلام پر اک محاکمانہ نظر ڈالے اور اوروں کو بھی اس کلام کے حسن و قبح سے مطلع کرے

انجمن اردوی معلے

یہ شکایت چاروں طرف سے سنی جارہی تھی کہ انگریزی خواں مسلمانوں کو اردو کے ساتھ وہ بے اعتنائی ہے جو زبان کے دشمن کو بھی نہ ہوگی۔ اس کی تضحیک کرنا انکا شیوہ ہے۔ اور اس میں اپنی ناقابلیت ظاہر کرنا انکا فخر ہے انکے دل میں یہ خیال راسخ ہوگیا ہے کہ اپنی اردو زبان کو بھول جانے سے انگریزی آجاتی ہے۔ اور اس کی تحقیر کرنے سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ ہمیں انگریزی لٹریچر اور ن پر کامل عبور ہے ان کو اردو لٹریچر میں ترقی دینے کا ذرا بھی خیال نہیں اور اسے دنیا کی مقتدر زبانوں کے درجہ پر پہنچانے کی کچھ بھی تمنا نہیں۔ ہم یہ تو نہ کہیں گے کہ اس شکایت کا ایک ایک لفظ صحیح ہے اور اس الزام میں مبالغہ سے کام نہیں لیا گیا۔ مگر تا نباشد چیزکے مردم نگویند چیزہا۔ یہ ضرور ہے کہ یہ الزام بے بنیاد نہ تھا۔ اور چونکہ بے بنیاد نہ تھا اسلئے کوئی دنداں شکن جواب بھی نہ دیسکتا تھا۔ اسکا جواب (عملی جواب، زبانی جواب نہیں) اُن حضرات کو دینا چاہیئے تھا جو انگریزی میں فارغ التحصیل ہوچکے ہیں اور اسوقت علمی دنیا میں نام آور ہیں۔ لیکن جب اودھر سے خاموشی دیکھی گئی اور مایوسی کے آثار معلوم ہونے لگے تو اس فرض کفایہ کو ادا کرنے کے لیئے طالب علموں نے ہی کمر ہمت باندھی۔ قرعۂ فال بنام من ناکارہ زدند۔ ۱۵ مئی ۱۹۱۰ء کو چند طلبا جمع ہوئے اور ایک انجمن بنام "انجمن اردوی معلیٰ" قائم کی۔ یہ ہے انجمن کی تاریخ پیدایش۔ اس کی پیدایش کیوقت

The M. A.-O. College Magazine is published monthly for ten months in the year. The Annual Subscription is Rs.3-4 for which subscribers will receive 10 Numbers post free. Subscriptions are payable in advance. If subscribers desire it the first number will be sent them per V. P. P.

Terms for advertisements on application

All communications should be addressed to the Manager, the M.A -O.College Magazine, Aligarh.

ایم اے او کالج میگزین سال میں دس ماہ اور ہر مہینے میں ایک موقعہ شائع ہوتا ہے

سالانہ چندہ مبلغ تین روپیہ چار آنہ مع محصول ڈاک ہے

اس چندہ کے ادا کرنے پر خریداروں کو سال میں ۲۰ پرچے میگزین کے ملینگے اگر خریدار خواہش کریں تو اول پرچہ بذریعہ ویلیو پے ایبل ارسال کیا جاسکتا ہے

اشہارات کا نرخ بذریعہ خط و کتابت کے معلوم ہوسکتا ہے

کل خ
ط لکھنے چاہئیں "مینجر-ایم-ای-او کالج میگزین علیگڈھ" کے پتہ سے

جدید سلسلہ
جلد ۸

یکم دسمبر ۱۹۰۰ء

نمبر ۱۷

محمدن اینگلو اورینٹیل کالج میگزین و علیگڈھ انسٹیٹیوٹ گزٹ

فہرست مضامین اردو

۱—انجمن اردوئے معلی	از سجاد حیدر صاحب
۲—منشی امیراحمد منیائی کی وفات پر مرثیے	از فضل الحسن صاحب حسرت— و سجاد حیدر صاحب و سجاد
۳— منشی امیراحمد امیر منیائی	از عبدالغفار خان صاحب
۴—یورپ کے عقل و دانش کی تاریخ (۱-تمہید)	از خان بہادر شمس العما مولوی محمد ذکاء اللہ خان صاحب
۵—تعمیل احکامات اسلام اور تکمیل—کاروبار دینوی کے واسطے— اسکی ضرورت (۳)	از حاجی محمد موسیٰ خان صاحب رئیس دتاؤلی
۶—عزرائے ایک ناول	از معشوق حسین خان صاحب
۷—اشتہارات	

ollege Magazine
17249

For Reference

Not to be taken from this room